www.dailybolan.com

MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203 — Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

جلد 37 — پیر 17 اگست 2026، بمطابق 3 ربیع الاول 1448ھ — شمارہ 227

خاران: سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

7 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے ایک موٹر سائیکل اور 2 گاڑیاں بھی ملی ہیں، رپورٹ، وزیر داخلہ محسن نقوی کی خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف

صدر کا بلوچستان کے ضلع خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین، بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں، صدر مملکت

خاران (این این آئی) بلوچستان میں خاران کے علاقے لجے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے، دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے جدید اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان برآمد ہوا ہے۔ دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے ایک موٹر سائیکل اور 2 گاڑیاں بھی ملی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کر د(بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

اسرائیل نے پورے مشرق وسطی میں بدامنی پھیلا رکھی ہے، مسعود پزشکیان

حکومت کو رہبر انقلاب مجتبیٰ خامنہ ای کی بھرپور رہنمائی حاصل ہے

دشمن کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے بلکہ ماہرین کی مشاورت سے معاہدہ کیا، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ اسرائیل (بقیہ 3 صفحہ 7پر)

کوئٹہ سے پشاور کیلئے ٹرین سروس 2 روز بعد بحال

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے پشاور کیلئے ٹرین سروس 2 روز معطل (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

حج 2027 کی درخواستوں کی وصولی 18 اگست سے شروع ہوگی، وزارت مذہبی امور

حج 2027 کے لیے پاکستان کا مجموعی حج کوٹہ ایک لاکھ 79 ہزار 210 مقرر کیا گیا ہے

اس مرتبہ حج درخواستوں کی وصولی کے لیے 16 بینکوں کے بجائے صرف حبیب بینک منتخب کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) حج 2027 کے لیے سرکاری اور نجی حج (بقیہ 5 صفحہ 7پر)

امریکی فوجی اڈوں کی میزبانی جاری رکھنے پر غور شروع کر دیا، مزید اقدامات بھی ہونگے، واشنگٹن پوسٹ

خلیجی اتحادی امریکا سے مایوس ہونے لگے

امریکہ ایران جنگ

کئی ماہ سے جاری تنازع اور ایران اور اس کے حامی گروپس کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملوں کے تسلسل کے باعث سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت اور بحرین میں ٹرمپ انتظامیہ پر تنقید میں اضافہ ہوا ہے

عہدیداروں کا خیال ہے کہ جنگ واضح نتیجے کے بغیر طول پکڑنے کی وجہ ہی خدشات میں اضافہ ہوتا گیا اور بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک سیکیورٹی کے لیے اب بھی واشنگٹن پر انحصار کرتے ہیں

کراچی (بولان مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان جنگ طویل ہونے اور سفارتی حل نکالنے میں ناکامی پر خلیج کے اتحادی ممالک ڈونلڈ ٹرمپ سے مایوس ہوگئے ہیں اور بے چینی میں اضافہ ہوگیا ہے جبکہ بعض ممالک نے امریکی فوجی بیسز کی میزبانی جاری رکھنے کے حوالے سے سوالات اٹھانا شروع کر دیے ہیں۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق خلیجی ممالک میں امریکا کے ساتھ بے چینی اور ناراضی بڑھ رہی ہے کیونکہ خدشات پیدا ہوگئے ہیں کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام ملاقات کر رہے ہیں

ضیا لانگو پر حملہ قابل مذمت، پولیس کا کردار اہم تھا

محسن نقوی

محسن نقوی کا وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اتوار کو وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ وفاقی وزیر محسن نقوی نے میر ضیاء اللہ لانگو کی خیریت دریافت کی اور ان پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کی بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا میر ضیاء اللہ لانگو حملے میں محفوظ رہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7پر)

مقتدرہ نے حکومت سے صوبوں کے معاملے پر گفتگو نہیں کی

رانا ثناء اللہ

جو وفاقی وزرا نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں

مصطفیٰ کمال کا معاملہ تو صرف کراچی کی حد تک ہے، عوامی سطح پر صوبوں سے متعلق کوئی مقبول ڈیمانڈ نہیں ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مقتدرہ نے ابھی تک حکومت سے صوبوں کے معاملے پر کوئی گفتگو نہیں کی، نہ ہی یہ معاملہ ابھی تک کابینہ یا پارلیمنٹ میں زیر بحث آیا ہے۔ نجی نیوز چینل کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے رانا ثنا کا کہنا تھا کہ جو وفاقی وزرا نئے (بقیہ 8 صفحہ 7پر)

ٹرانسپورٹرز ہڑتال ختم کر کے مذاکرات کا راستہ اپنائیں، احسن اقبال

ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کے باعث تقریباً دس لاکھ ڈالر کے برآمدی آرڈرز خطرے میں ہیں

ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے پاکستان کو اس وقت ایک ایک ڈالر کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے پاکستان کو اس وقت ایک ایک ڈالر کی ضرورت ہے، ٹرانسپورٹرز ہڑتال ختم کر کے مذاکرات کا راستہ اپنائیں، پاکستان کا اس وقت سب سے بڑا اور اہم ترین چیلنج برآمدات ہے، برآمدات کی ترسیل میں خلل ڈال کر کوئی بھی کارروائی ملک کے مفاد میں نہیں۔ ملک میں ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال سے متعلق گفتگو میں انہوں نے گڈز (بقیہ 7 صفحہ 7پر)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نوشکی میں خواتین ماں بیٹی کا قتل قابل افسوس ہے

خواتین اراکین بلوچستان

دہشت گردوں نے گھر میں گھس کر خواتین کو نشانہ بنا کر انسانیت سوز اقدام کیا ایسے عناصر بلوچ قوم اور بلوچستان کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے

ماں بیٹی کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ پر امن شہری کی حیثیت سے زندگی گزار رہی تھیں، بلوچستان کی خواتین پارلیمنٹیرینز، غزالہ گولہ، مینا مجید، راحیلہ حمید درانی اور دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی خواتین پارلیمنٹیرینز نے نوشکی کے علاقے کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے گھر میں گھس کر خواتین کو نشانہ بنا کر انسانیت سوز اقدام کیا ایسے عناصر بلوچ قوم اور بلوچستان کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی صوبائی صدر و ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، مشیر کھیل مینا مجید، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، ہادیہ نواز نے اتوار کو سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ مشیر کھیل بلوچستان مینا مجید نے کہا کہ گزشتہ روز نوشکی کے کلی مینگل آباد میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7پر)

مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف پارٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایم کیو ایم کا صوبوں کیلئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کا اعلان

ایم کیو ایم کا نئے صوبوں کیلئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کا اعلان

اگر صوبے بنانا غداری تھا تو آئین میں اس کا ذکر کیوں موجود ہے؟ خالد مقبول صدیقی

ملک چلانے والوں کو بھی ادراک ہو گیا ہے ملک کو بچانے کا واحد راستہ انتظامی یونٹ بنانا ہے، مصطفیٰ کمال

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان نے ملک میں نئے صوبوں کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر صوبے بنانا غداری تھا تو آئین میں اس کا ذکر کیوں موجود ہے؟۔ اتوار کو یہاں ایم کیو ایم رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

نئے انتظامی یونٹس سے گورننس بہتر ہوسکتی ہے، قومی مباحثے میں ماہرین کی رائے

این ایف سی ایوارڈ پر عمل درآمد کے باوجود وسائل کی تقسیم کے معاملے میں پنجاب کو مسلسل تنقید کا سامنا رہتا ہے

انتظامی ڈھانچے، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنے پر قومی سطح پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے

نئے انتظامی یونٹس یا صوبوں کے قیام سے سب سے زیادہ فائدہ بلوچستان کو ہوسکتا ہے، اس کے بعد سندھ کو فائدہ پہنچے گا

سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام ”کیا پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس قائم ہونے چاہئیں؟“ کے موضوع پر مباحثہ

اسلام آباد (این این آئی) سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام ”کیا پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس قائم ہونے چاہئیں؟“ کے موضوع پر قومی مباحثے میں ماہرین، سیاستدانوں، دانشوروں اور پالیسی سازوں نے ملک میں بہتر گورننس، موثر عوامی (بقیہ 15 صفحہ 7پر)

صدر مملکت نے سینیٹ کا اجلاس آج پیر کو طلب کر لیا

نئے صوبوں کے قیام پر تفصیلی بحث ہوگی، 17 قوانین منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے

اجلاسوں میں اہم قانون سازی سمیت مکہ امن معاہدے پر متفقہ قرارداد پیش ہوگی 17 قوانین منظوری کے لیے پیش ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اہم اجلاس (آج) پیر کو ہوں گے، دونوں ایوانوں کے اجلاسوں میں اہم قانون سازی سمیت مکہ امن معاہدے پر متفقہ قرارداد پیش ہوگی جبکہ نئے صوبوں کے قیام پر تفصیلی بحث ہوگی، 17 قوانین منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

ایرانی آرمی چیف کا ایک امریکی فوجی کو قتل یا گرفتار کرنے والے کو 30 ہزار ڈالر انعام کا اعلان

امریکی فوج کا خلیج فارس میں موجودگی کا دور اب ختم ہو چکا ہے اور ایران واپسی کی ہرگز اجازت نہیں دیگا، جنرل امیر حاتمی

تہران (این این آئی) ایران کی فوج کے کمانڈر انچیف میجر جنرل امیر حاتمی نے خلیج فارس میں امریکی فوج کی موجودگی کے دور کا خاتمہ قرار دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ جو کوئی ایک امریکی فوجی کو ہلاک یا گرفتار کرے گا اس کو 30 ہزار ڈالر انعام دیا جائے گا۔ صحافیوں کے حوالے سے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کمانڈر انچیف میجر جنرل امیر حاتمی نے عوامی چندہ مہم کے (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کو باضابطہ جنگ ختم کرنے کی تجویز پیش کر دی

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کو جنگ باضابطہ ختم کرنے کی تجویز پیش کر دی۔ جنوبی کوریا نے شمالی کوریا سے کہا کہ آئیں ایک دوسرے کو دھمکانے کی خواہشات ترک کریں اور جنگ ختم کریں۔ اس کے علاوہ جنوبی کوریا کی جانب سے سرحدی کشیدگی روکنے کے لیے (بقیہ 17 صفحہ 7پر)

مون سون بارشوں کے چھٹے سپیل کا الرٹ جاری، 21 اگست تک بارشوں کی پیشگوئی

صوبے کے نشیبی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے پنجاب بھر میں مون سون بارشوں کے چھٹے سپیل کا الرٹ جاری کر دیا۔ 21 اگست تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق اتوار کی رات سے 21 اگست تک لاہور، راولپنڈی، مری، گلیات، جہلم، چکوال، تلہ گنگ، اٹک، سیالکوٹ، نارووال، منڈی بہاالدین میں بارش کا امکان ہے۔ گجرات، گوجرانوالہ (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

آزاد کشمیر میں مخصوص نشستوں پر انتخاب کا شیڈول جاری، پولنگ 24 اگست کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آزاد جموں و کشمیر نے مخصوص نشستوں کے انتخاب کا شیڈول جاری کر دیا، جس کے مطابق مخصوص نشستوں پر پولنگ 24 اگست کو ہوگی جبکہ 8 نشستوں پر انتخاب ہوگا۔ الیکشن کمیشن کے (بقیہ 14 صفحہ 7پر)

اتحاد، رواداری اور محنت سے پاکستان کو معاشی قوت بنائیں گے، چوہدری سالک حسین

اتحاد، برداشت اور قومی یکجہتی سے قائداعظم کا پاکستان بنائیں گے، ڈاکٹر محمد امجد کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ہاؤس اسلام آباد میں جشن آزادی کی مناسبت سے پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خصوصی پاکستان مسلم لیگ کے سینئر نائب صدر اور وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین تھے۔ تقریب میں چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد، سینیٹر نیلوفر بختیار، اراکینِ قومی اسمبلی چوہدری محمد الیاس اور مسز فرخ خان، (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال 40 روز کے لیے مؤخر، حکومت کی یقین دہانیوں پر اتفاق

ٹرانسپورٹرز کے بیشتر مطالبات تسلیم، پیٹرولیم قیمتوں، ٹول ٹیکس، پارکنگ اور وزن کی حد سے متعلق کمیٹیاں قائم

کراچی، حیدرآباد روڈ کسی بھی طرح موٹر وے کہلانے کے لائق نہیں، ٹرانسپورٹرز کے جو مسائل فوری طور پر حل کیے جا سکتے تھے، انہیں حل کر دیا گیا ہے، عبدالعلیم خان

کراچی (این این آئی) حکومت اور آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

مدارس کی رجسٹریشن اور بینک اکاؤنٹس کا مسئلہ حل کیا جائے، طاہر محمود اشرفی

اگر نیٹو بن سکتا اور یورپی یونین اکٹھی ہو سکتی ہے تو اسلامی دنیا کیوں اکٹھی نہیں ہو سکتی

ہماری کوشش ہوگی تمام اسلامی ممالک مکہ معاہدہ میں شامل ہوں، چیئرمین پاکستان علماء کونسل

لاہور (این این آئی) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود ا(بقیہ نمبر 13 صفحہ 7پر)

نواز شریف کی زیر صدارت مری میں اجلاس، آزاد کشمیر کی مخصوص نشستوں پر غور

انٹرویوز کے دوران نواز شریف نے خواتین امیدواروں کے سیاسی پس منظر، پارٹی کے لیے خدمات اور عوامی خدمت سے متعلق تفصیلات معلوم کیں،

مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے آزاد کشمیر اسمبلی کی آٹھ مخصوص نشستوں پر نامزدگیوں کے حوالے سے مشاورت کا عمل جاری رکھا

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر پارٹی ٹکٹ کی خواہشمند خواتین امیدواروں کے انٹرو(بقیہ نمبر 22 صفحہ 7پر)

پی آئی اے کا لندن کیلئے روزانہ پرواز چلانے کا فیصلہ

قومی ایئر لائن لندن روٹ پر ہفتہ وار 7 پروازیں آپریٹ کرے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے لندن کے لیے روزانہ پرواز چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی ایئر لائن لندن روٹ پر ہفتہ وار 7 پروازیں (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

فراڈ اور فحش مواد بنانے والے غیر ملکیوں کو اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا فیصلہ

284 غیر ملکیوں کو اسلام آباد کی نجی ہاسنگ سوسائٹی سے گرفتار کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) آن لائن فراڈ اور فحش مواد بنانے والے تمام 284 غیر ملکیوں کو اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ حکام نے نجی ہاسنگ سوسائٹی کے پلازہ کو سب جیل (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

میڈیکل سٹی منصوبے کی سیالکوٹ کو شدید ضرورت تھی، وزیر دفاع

لاہور سیالکوٹ موٹر وے میں ایک اور لین شامل ہونے جا رہی ہیں، کھاریاں موٹر وے پہلے مکمل ہوگی، خواجہ محمد آصف

اب سیالکوٹ ایئرپورٹ پر جہلم گجرات، آزاد کشمیر کے لوگ بھی آتے ہیں، ان سارے منصوبوں کا سہرا تاجر برادری کے سر جاتا ہے

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ میڈیکل سٹی منصوبے کی سیالکوٹ کو اشد ضرورت تھی۔ سیالکوٹ میڈیکل سٹی کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ ہم چیمبر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اس منصوبے کی شہر کو اشد ضرورت تھی۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی سیالکوٹ میں میڈیکل ایمرجنسی ہوتی ہے تو لاہور کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ لاہور سیالکوٹ موٹر وے میں ایک اور لین شامل ہونے جا رہی ہیں، کھاریاں موٹر وے پہلے مکمل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ موٹر وے کی پرپوزل جب دی تو مجھے بہتر رسپانس ملا، شاہدرہ سے شروع ہو کر روات تک ایک شہر(بقیہ 29 صفحہ 7پر)



وزیراعلی پنجاب مریم نواز سے اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

ماہ ربیع الاول ہم سب کے لئے مقدس ماہ ہے

ناصر سیدال

موجودہ دور میں معاشرے کو درپیش مختلف مسائل کا مقابلہ باہمی احترام، اتحاد اور رواداری کے جذبے کو فروغ دے کر کیا جا سکتا ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

ایسے معاشرے کی تشکیل کے لیے اپنا کردار ادا کریں جہاں محبت، بھائی چارہ، انصاف اور انسانی ہمدردی کو فروغ حاصل ہو

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے ماہِ ربیع الاول کی آمد پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بابرکت مہینہ ہمارے لیے عقیدت، محبت اور روحانی وابستگی کا پیغام لے کر آتا ہے، ماہِ ربیع الاول ہمیں حضور اکرم ﷺ کی مبارک سیرت اور آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں اختیار کرنے کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ اپنے بیان میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی حیاتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے عدل، برداشت، اخوت، مساوات اور حسنِ اخلاق کا روشن نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے معاشرے میں کمزور طبقات کے حقوق کے (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

میر ضیاء اللہ لانگو پر حملہ ناکام بنانے پر پولیس کی بروقت کارروائی قابل تحسین ہے، صادق سنجرانی

میر ضیاء اللہ لانگو کی بحفاظت رہنے پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں، سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان اسمبلی صادق سنجرانی نے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے رابطہ کر کے انکی خیریت دریافت کی اور مستونگ حملے کی مذمت کی۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے صادق سنجرانی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے میر ضیا اللہ لانگو مستونگ حملے میں محفوظ رہے۔ انہوں نے کہا کہ میر ضیاء اللہ لانگو پر حملہ ناکام بنانے پر پولیس کی بروقت کارروائی قابل (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کو باضابطہ جنگ ختم کرنے کی تجویز پیش کر دی

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا نے شمالی کوریا کو جنگ باضابطہ ختم کرنے کی تجویز پیش کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی کوریا نے شمالی کوریا سے کہا کہ آئیں ایک دوسرے (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

یمنی فوج کا 200 سے زائد حوثی فورسز کے اہلکاروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

یمن میں جاری کشیدگی کے دوران یہ حوثی گروپ کے لیے پہنچنے والے بدترین نقصانات میں سے ایک ہے، عسکری ذرائع

صنعاء (این این آئی) یمن کی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران 200 سے حوثی فورسز کے اہلکاروں کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ یمنی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق عسکری ذرائع نے بتایا کہ فوج کی جانب سے مختلف علاقوں میں ڈرون حملے کیے گئے اور شدید جھڑپیں بھی ہوئیں اور اس دوران 200 سے زائد حوثیوں کو ہلاک کیا گیا، جن میں اکثریت صوبہ طیز میں مارے گئے ہیں۔ انہوں (بقیہ 27 صفحہ 7پر)

بلال اظہر کیانی کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت ریلوے اور خزانہ بلال اظہر کیانی نے اتوار کو ضلع کونسل ہال جہلم میں کھلی کچہری کے دوران عوامی مسائل اور شکایات سن کر فوری حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

امریکا، اسرائیل کی مکمل شکست تک پیچھے نہیں ہٹیں گے، ایرانی مسلح افواج

مزاحمت کی میراث ایران کی نئی نسل کو منتقل ہوگئی ہے اور امریکی جنونی رہنماؤں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا، مسلح افواج

تہران (این این آئی) ایران کی مسلح افواج کے جنرل اسٹاف نے پرزور انداز میں کہا ہے کہ ملک کے جائز حقوق کی بحالی اور خطے میں جارح دشمن امریکا اور اسرائیل کو مکمل شکست دیے بغیر پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایرانی مسلح افواج نے بیان میں کہا گیا کہ ایران کے ثابت قدم عوام کے آہنی حوصلے اور مضبوط عزم کو سراہتے ہیں اور مسلح افواج یقین دلاتی ہیں کہ جب (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سعودی عرب میں بدھ تک گرمی کی لہر کی پیشگوئی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں بدھ تک گرمی کی لہر کی پیشگوئی کی گئی ہےجس کے دوران درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ اردو نیوز کی رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کے قومی مرکز برائے موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اتوار سے بدھ تک سعودی عرب کے (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

بھارت نے سلال ڈیم کے تمام گیٹ مکمل کھول دیئے، سیلابی صورتحال کا الرٹ جاری

دریائے چناب پر قائم ہیڈ مرالہ، خانکی اور قادر آباد پر پانی کے شدید دباؤ کا خدشہ ہے، حکام

ہیڈ مرالہ کے مقام پر اگلے 48 گھنٹوں میں اونچے درجے کا سیلابی ریلہ گزرنے کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) بھارت نے سلال ڈیم کے تمام گیٹ مکمل طور پر کھول دیئے جس کے بعد دریائے چناب میں پاکستان کی جانب پانی کا اخراج شروع ہوگیا ہے، پانی کی سطح میں اضافے کے خدشے کے پیش نظر نشیبی علاقوں کے لیے الرٹ جاری کر دیا گیا۔ فلڈ فارکاسٹنگ ڈویژن کے مطابق (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر علی پرویز ملک سے ڈنمارک کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی GDP میں 2030 تک 68 ہزار ارب اضافہ کی پیشگوئی

آئی ایم ایف کے مطابق ایف بی آر رواں مالی سال 13 ہزار 979 ارب روپے ٹیکس جمع کرے گا

نان ٹیکس ریونیو رواں مالی سال 3 ہزار 681 ارب روپے جبکہ 2030 تک 3 ہزار 861 ارب روپے تک پہنچنے کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے اہم معاشی اشاریوں کے فریم ورک میں تبدیلی کرتے ہوئے نئی پیش گوئیاں جاری کر دی ہیں جن کے مطابق 2030 تک پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کا حجم ایک لاکھ 93 ہزار 630 ارب روپے تک پہنچنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کے تخمینوں کے مطابق مالی سال 2026 سے 2030 کے دوران جی ڈی پی سائز میں مجموعی طور پر تقریبا 68 ہزار ارب روپے کا اضافہ ہوگا تاہم رواں مالی سال کے لیے مقررہ ہدف ایک لاکھ 29 ہزار 517 ارب روپے حاصل نہیں ہو سکے گا، موجودہ مالی سال میں جی ڈی پی سائز کے ایک لاکھ 26 ہزار ارب روپے تک بڑھنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق ٹیکس آمدن کے حوالے سے بھی اہداف پورے ہونے کے امکانات کم ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) 2030 تک بھی ٹیکس برائے جی ڈی پی تناسب 15 فیصد تک نہیں پہنچا سکے گا، آئندہ مالی سال یہ تناسب 11.2 فیصد جبکہ 2028 سے 2030 کے دوران کم ہوکر 11.1 فیصد تک محدود رہ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق ایف بی آر رواں مالی سال 13 ہزار 979 ارب روپے ٹیکس جمع کرے گا جو 2030 تک بڑھ کر تقریبا ساڑھے 21 ہزار ارب روپے تک پہنچ سکتا ہے، نان ٹیکس ریونیو رواں مالی سال 3 ہزار 681 ارب روپے جبکہ 2030 تک 3 ہزار 861 ارب روپے تک پہنچنے کا امکان ہے۔ بجٹ خسارے کے حوالے سے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2030 تک بتدریج کمی ریکارڈ کی جائے گی، رواں مالی سال بجٹ خسارہ جی ڈی پی کے 5.1 فیصد تک رہنے کا تخمینہ ہے جو 2030 تک کم ہوکر 3.1 فیصد تک آ سکتا ہے۔ خسارہ پورا کرنے کے لیے مالی سال 2026 سے 2030 تک پاکستان کو مجموعی طور پر تقریبا 28 ہزار ارب روپے کی فنانسنگ درکار ہوگی جس میں سے قریبا 2 ہزار 300 ارب روپے بیرونی ذرائع سے حاصل کیے جائیں گے۔ قرضوں کے حوالے سے آئی ایم ایف نے خبردار کیا ہے کہ 2030 تک واجب الادا قرضوں کا حجم بڑھ کر ایک لاکھ 17 ہزار 441 ارب روپے تک پہنچ سکتا ہے تاہم قرضوں کا تناسب جی ڈی پی کے مقابلے میں بتدریج کم ہونے کا امکان ہے، رواں مالی سال کے اختتام تک یہ شرح 72 فیصد جبکہ 2030 تک کم ہو کر 60.7 فیصد تک آ سکتی ہے۔ سود کی ادائیگیوں میں اضافے کا رجحان برقرار رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے، آئندہ مالی سال سود کی مد میں 8 ہزار 251 ارب روپے، مالی سال 2028 میں 8 ہزار 214 ارب روپے، مالی سال 2029 میں 8 ہزار 796 ارب روپے اور 2030 تک 9 ہزار 380 ارب روپے تک ادائیگیاں متوقع ہیں۔ آئی ایم ایف کا مقف ہے کہ اگرچہ حکومت ٹیکس برائے جی ڈی پی تناسب کو 13 فیصد تک لے جانے کا ہدف رکھتی ہے تاہم موجودہ تخمینوں کے مطابق یہ ہدف بھی 2030 تک حاصل ہونا مشکل نظر آتا ہے۔

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں، جان زیب بلوچ

دیانتدار، فرض شناس اور عوام دوست افسران کی بھرپور حمایت کرتے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اوستہ محمد زون کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن جان زیب بلوچ نے کہا ہے کہ دیانتدار، فرض شناس اور عوام دوست افسران کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد ندیم بحرانی اور سی آئی اے انچارج کرم حسین ببر کی کاوشوں سے چوری کی واردات میں ملوث ملزمان کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کرنا قابلِ تحسین اقدام ہے، جس پر وہ خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جان زیب بلوچ نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا جان زیب بلوچ نے کہا کہ گزشتہ روز سینئر صحافی اور پریس کلب اوستہ محمد کے سابق صدر محمد حنیف بلوچ کے گھر میں چوری کی واردات پیش آئی، جس پر اوستہ محمد پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر واردات میں ملوث ملزمان کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران کی بروقت کارروائی سے شہریوں میں اعتماد بحال ہوا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں تاکہ اوستہ محمد میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ اسٹوڈنٹس ارگنائزیشن دیانتدار فرض شناس عوام دوست افسران کی بھرپور حمایت وحوصلہ افزائی کرے گی

سکھر، لاپتہ نوجوان ادیب عامر انصاری کے ورثاء سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ جاری

پشاور ناردرن بائی پاس کی تکمیل کیلئے 3.9 ارب فراہم کرنے کا فیصلہ

این ایچ اے حکام کی جانب سے منصوبہ جون 2026 تک مکمل کرنے کی یقین دہانی کروادی گئی

منصوبے سے سفری سہولیات کے ساتھ ساتھ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیرصدارت پشاور ناردرن بائی پاس منصوبے سے متعلق اجلاس میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعلیٰ نے زیرتعمیر ناردرن بائی پاس منصوبے کی تکمیل کے لیے 3.9 ارب روپے بطور برج فنانسنگ فراہم کرنے کا فیصلہ کرلیا جبکہ ناردرن بائی پاس پر دو انڈر پاسز اور ایک پل کی تعمیر کے لئے درکار ایک ارب روپے صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں این ایچ اے حکام کی جانب سے منصوبہ جون 2026 تک مکمل کرنے کی یقین دہانی کروا دی گئی۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ وفاقی کی جانب سے ناکافی فنڈنگ کے باعث پشاور ناردرن بائی پاس 2010 سے اب تک مکمل نہ ہوسکا، وفاقی سطح پر تاخیر کے باعث خیبر پختونخوا کے ترقیاتی منصوبے سست روی کا شکار ہیں۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ یہ عوامی مفاد کا منصوبہ ہے، صوبائی حکومت اس کی جلد تکمیل کے لئے مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ منصوبے سے سفری سہولیات کے ساتھ ساتھ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ اجلاس کو منصوبے پر اب تک کی پیشرفت پر تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔ تفصیلی بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے پر اب تک 23.5 ارب روپے خرچ ہو چکے ہیں اور مجموعی فنانشل پراگریس 85.6 فیصد ہے، پیکیج ون پر فزیکل پراگریس 100 فیصد، اور پیکیج ٹو پر 64 فیصد پراگریس ہو چکی ہے۔ پیکیج تھری پر 86.6 فیصد اور پیکیج تھری اے پر 69 پر فزیکل پراگریس ہو چکی ہے۔ مشیر خزانہ مزمل اسلم، ممبر نیشنل ہائی ویز، کمشنر پشاور اور متعلقہ صوبائی محکموں کے حکام اجلاس میں شریک ہوئے۔ پشاور میں پرائیویٹ ٹیکسیوں کو رجسٹرڈ کرنے، یکساں یونیفارم اور رنگ دینے، 100 سے زائد غیر قانونی ٹرانسپورٹ، چنگ چی اور تیز رفتار اڈوں کو فوری طور پر بند کرنے اور ان کے ذمہ دار ٹھیکے داروں کو گرفتار کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے۔ پشاور میں ٹریفک اژدہام پر قابو پانے اور شہریوں کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے کمشنر پشاور ڈویژن/ چیئرمین ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ریاض خان محسود کی سربراہی میں اجلاس ہوا جس میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔ فیصلوں کے مطابق ضلع پشاور میں چلنے والی تمام پرائیویٹ ٹیکسیوں کی محکمہ ایکسائز کے ساتھ رجسٹریشن لازمی قرار دی گئی ہے۔ رجسٹرڈ ٹیکسیوں کو یکساں یونیفارم رنگ دیا جائے گا اور ان پر QR کوڈ پر مشتمل خصوصی اسٹیکرز آویزاں کیے جائیں گے۔ بغیر رجسٹریشن یا اسٹیکر کے چلنے والی ٹیکسیوں کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے چالان اور گاڑی ضبط کی جائے گی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں قائم 100 سے زائد غیر قانونی ٹرانسپورٹ، چنگچی اور تیز رفتار اڈوں کو فوری طور پر بند کرنے اور ان کے ذمہ دار ٹھیکیداروں کو گرفتار کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ چارسدہ روڈ اور کوہاٹ روڈ پر ٹریفک کی روانی میں بہتری کے لیے تمام غیر ضروری یوٹرنز بند کرنے اور تجاوزات کے خلاف میگا آپریشن شروع کرنے کا فیصلہ کیا

سندھ پبلک سروس کمیشن کے مشترکہ مسابقتی امتحانات 2024 کے حتمی نتائج

حیدرآباد (این این آئی) سندھ پبلک سروس کمیشن کے مشترکہ مسابقتی امتحانات 2024 کے حتمی نتائج کے مطابق وزیراعلی سندھ کے سینئر پرائیویٹ سیکریٹری سلیم باجاری کے بھتیجے وقاص طارق باجاری ناکام رہے، جب کہ وزیراعلی کے سینئر پرائیویٹ سیکریٹری عبدالرشید چنہ کے صاحبزادے زین رشید چنہ اسسٹنٹ کمشنر بن گئے۔ سندھ پبلک سروس کمیشن کے مقابلے کے امتحان 2024 کے حتمی نتائج کے مطابق تحریری امتحانات میں 4340 امیدواروں میں سے 70 امیدوار ہی کامیاب ہوئے

بگھڑ برانچ پل کی مرمت کا کام ادھورا چھوڑنے کے خلاف شدید احتجاج

مرمتی کام نامکمل ہونے کی وجہ سے عوام کے لیے ٹریفک کے مسائل پیدا ہوگئے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) بگھڑ موری کے مکینوں نے ٹھیکیدار کی جانب سے بگھڑ برانچ پل کی مرمت کا کام ادھورا چھوڑنے کے خلاف شدید احتجاج کیا اور بگھار، ٹھٹھہ اور پیر پٹھو روڈ بلاک کردی جس سے ٹریفک کی آمدورفت بھی متاثر ہوئی۔ احتجاج کرنے والے دیہاتیوں کا کہنا تھا کہ بگڑ برانچ پل کی مرمت کے کام کے لیے ٹھیکیدار مقرر کیا گیا تھا لیکن پل کو گرا کر مرمت کا کام شروع کرنے کے بعد اچانک کام روک دیا گیا جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ پل کی بندش کے باعث روزانہ ٹریفک کو مشکلات کا سامنا ہے جب کہ ایمرجنسی کی صورت میں بیماروں اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کرنا بھی انتہائی مشکل ہوگیا ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ یہ پل علاقے کے کئی دیہاتوں اور قصبوں کو ملانے والا اہم گزرگاہ ہے لیکن مرمتی کام نامکمل ہونے کی وجہ سے عوام کے لیے ٹریفک کے مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ سکول جانے والے طلبا، مزدور، تاجر اور مریض خاص طور پر مشکلات کا شکار ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ بگڑ برانچ پل کی رکے ہوئے مرمتی کام کو فوری طور پر دوبارہ شروع کرکے مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ علاقہ مکینوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہوسکے۔

ٹھٹھہ میں گرلز آزادی اسپورٹس فیسٹیول، 400 سے زائد طالبات کی شرکت

ٹھٹھہ میں اسپورٹس کمپلیکس میں تین روزہ انٹراسکول گرلز آزادی اسپورٹس فیسٹیول شاندار انداز میں منعقد ہوا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ میں گرلز آزادی اسپورٹس فیسٹیول، 400 سے زائد طالبات کی شرکت ٹھٹھہ میں اسپورٹس کمپلیکس میں تین روزہ انٹراسکول گرلز آزادی اسپورٹس فیسٹیول شاندار انداز میں منعقد ہوا، جس میں ضلع کے مختلف اسکولوں اور کالجوں سے 400 سے زائد طالبات نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش خان مہر اور سیکریٹری اسپورٹس منور علی مہیسر کی خصوصی ہدایات پر منعقد ہونے والے فیسٹیول میں طالبات نے پانچ مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں اور کھیلوں کی مہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ مختلف مقابلوں کے دوران طالبات میں غیر معمولی جوش و جذبہ دیکھنے میں آیا۔ فیسٹیول کی افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر ٹھٹھہ مس عکسا نورین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ عمران الحق، اسسٹنٹ کمشنر سورت مظہر، مختلف اسکولوں کے سربراہان اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ مس عکسا نورین نے فیسٹیول کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر مہمانوں نے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، خود اعتمادی اور قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرتی ہیں۔ انہوں نے اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ سندھ کی جانب سے خصوصی طور پر طالبات کے لیے اس شاندار اسپورٹس فیسٹیول کے انعقاد کو سراہا۔ تین روزہ فیسٹیول کی اختتامی تقریب بھی جوش وخروش سے منعقد ہوئی،

کے ایچ اے نے اولمپئن حنیف خان اینڈ ڈاکٹر جنید علی شاہ ہاکی اسٹیڈیم میں 79 واں یوم آزادی جوش وخروش سے منایا

میچ میں عائشہ ندیم نے کے ایچ اے وائٹ ٹیم کی جانب سے جبکہ ماہین علی نے کے ایچ اے کلر ٹیم کی جانب سے گول اسکور کیا

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) کراچی ہاکی ایسوسی ایشن) کے ایچ اے (نے پاکستان کا 79 واں یوم آزادی اولمپئن حنیف خان اینڈ ڈاکٹر جنید علی شاہ ہاکی اسٹیڈیم گلشن اقبال میں ملی جوش وجذبے کے ساتھ منایا اس موقع پروویمنز نمائشی ہاکی میچ بھی کھیلا گیا۔ تقریب کا آغاز کیک کاٹنے کی تقریب سے ہوا۔ اس کے بعد کے ایچ اے وائٹ ٹیم اور کے ایچ اے کلر ٹیم کے درمیان ویمیز نمائشی ہاکی میچ کھیلا گیا جو کہ 1-1 گول سے برابر رہا۔ میچ میں عائشہ ندیم نے کے ایچ اے وائٹ ٹیم کی جانب سے جبکہ ماہین علی نے کے ایچ اے کلر ٹیم کی جانب سے گول اسکور کیا۔ میچ میں امپائرنگ کے فرائض کشمالہ بتول اور رزیان خان نے انجام دیئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی اولمپئن حنیف خان تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کے ایچ اے کی کاوشوں کو سراہا اور کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ ہاکی کے فروغ کے لیے اپنی محنت جاری رکھیں تا کہ ملک کا نام روشن کیا جاسکے۔

میرپورخاص ایس پی ڈی ون رینج کے پولیس اہلکاروں کی 9 ماہ سے تنخواہیں بند

میرپورخاص (این این آئی) میرپورخاص ایس پی ڈی ون رینج کے پولیس اہلکاروں کی 9 ماہ سے تنخواہیں بند، وزیراعلی سندھ، آئی جی سندھ اور ڈی آئی جی میرپورخاص پولیس سے نوٹس کا مطالبہ، ذرائع کے مطابق میرپورخاص ایس پی ڈی ون میرپورخاص رینج پولیس میں تعینات اہلکاروں کو گزشتہ 9 ماہ سے تنخواہوں اور دیگر بقایاجات کی ادائیگی نہ ہونے کے باعث شدید معاشی بحران کا سامنا ہے،

کراچی۔ سردارزادہ فرحان بھوتانی کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما اصغر علی بزنجو، کلیم خان خلجی، سکندر چھٹہ، جاوید یوسف چھٹہ، شاہ میر اصغر بزنجو ملاقات کرکے انھیں مبارکباد پیش کررہے ہیں

حب۔ جے یو آئی حب کے امیر مفتی عبدالولی قاضی اسداللہ شہید یونٹ کی جانب سے مجلس عمومی کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

بھوتانی برادران حب لسبیلہ کے حقیقی وارث ہیں، وڈیرہ سلیم کاکانی

بھوتانی برادران نے اقتدار کے بجائے ہمیشہ عوام کی خدمت کو ترجیح دی ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) بھوتانی برادران حب لسبیلہ کے حقیقی وارث ہیں انہوں نے ہر مشکل وقت میں عوام کے حقوق کا دفاع کیا ہے۔ بھوتانی برادران نے اقتدار کے بجائے ہمیشہ عوام کی خدمت کو ترجیح دی ہے عوام کے ساتھ ان کا رشتہ صرف ووٹ کا نہیں بلکہ پیار محبت اور خلوص کا رشتہ ہے، جو ہمیشہ قائم ودائم رہے گا۔ بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنما وڈیرہ سلیم کاکانی کی سربراہی میں جنگلی محلہ سونمیانی میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے وڈیرہ سلیم کاکانی، وڈیرہ عبدالستار انگاریہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھوتانی عوامی کارواں کے پلیٹ فارم سے کارنر میٹنگز اور عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ شروع ہوچکا ہے اور ان شاءاللہ سونمیانی وندر کے مختلف گوٹھوں گلی محلوں میں بھی کارنر میٹنگز کا انعقاد کرکے عوام تک بھوتانی برادران کا پیغام گھر گھر پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی رابطہ مہم کو مزید منظم اور فعال بنایا جارہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک رسائی حاصل کی جاسکے اور عوام سے براہِ راست رابطہ برقرار رکھا جائے۔ کارنر میٹنگ میں سابق ممبر ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ ماسٹر غلام رسول انگاریہ، ڈاکٹر نور محمد انگاریہ، چیئرمین یونین کونسل سونمیانی عبدالواحد سوری، کونسلر فیض محمد، فعیم عثمان لاسی، یعقوب نوہانی بلوچ، محمد علی میروانی، خلیل غلام رسول انگاریہ، امجد لانگو، سمیر بلوچ، زاہد مبارک انگاریہ، وڈیرہ لیاقت واندانی، سردار زنگی خان، ماسٹر اکبر، سیف اللہ، یاسر اللہ بخش، وحید علی، امتیاز، نواز، محمد امین رانا، محمد زاہد، محمد صمد، عمران امام بخش، ماسٹر بشیر لاسی، صدام حسین سلیم، یوسف لاسی، امام بخش، غلام مصطفیٰ، بابو، زبیر احمد، صمد لاسی، کلیم اللہ، رفیق ابراہیم، نزیر احمد، تعمور حمزہ سمیت دیگر علاقائی معززین اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

حنیف بلوچ کے گھر پر چوری کے ملزمان کو 24 گھنٹے میں گرفتار کرکے سامان برآمد کرلیا

محمد حنیف بلوچ کے گھر میں سے چوری کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ملزمان کی نشاندہی پر چوری شدہ سامان برامد کرلیا

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی بڑی کاروائی پریس کلب کے سابق صدر کے گھر پر چوری کے ملزمان کو 24 گھنٹے میں گرفتار کرکے سامان برآمد کرلیا عوامی وصحافی برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او سٹی ندیم بحرانی سی ائی اے انچارج کرم حسین ببر و دیگر پولیس اہلکاروں نے مشترکہ کامیاب کاروائی کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے اندر پریس کلب اوستا محمد کے سابق صدر محمد حنیف بلوچ کے گھر میں سے چوری کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ملزمان کی نشاندہی پر چوری شدہ سامان برامد کرلیا اوستا محمد پولیس کی کامیاب کاروائی پر عوامی تاجر برادری اور صحافی برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار ملزمان سے اہم انکشافات متوقع ہے مزید کاروائی مقامی پولیس کررہی ہے

سوراب سانحہ گدر گندان کے خلاف بی این پی کی احتجاجی ریلی

ریلی ضلعی صدر عبداللطیف قلندرانی، جنرل سیکرٹری سلطان امام بلوچ سمیت دیگر رہنماں کی قیادت میں پارٹی آفس سے نکالی گئی

سوراب (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی) بی این پی (کی مرکزی کال پر سانحہ گدر گندان کے خلاف سوراب میں احتجاجی ریلی اور مظاہرہ کیا گیا، جس میں پارٹی کارکنوں، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں نے شرکت کی۔ ریلی ضلعی صدر عبداللطیف قلندرانی، جنرل سیکرٹری سلطان امام بلوچ سمیت دیگر رہنماں کی قیادت میں پارٹی آفس سے نکالی گئی اور مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی احتجاجی مظاہرے میں تبدیل ہوگئی۔ شرکا نے سانحے کی مذمت کرتے ہوئے شفاف و غیر جانب دارانہ تحقیقات، ذمہ داران کے تعین اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ مقررین نے سانحہ گدر کے حوالے سے ایم پی اے سوراب کے کردار، ضلع کی امن وامان کی صورتحال اور انتظامی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے منشیات، چوری اور دیگر جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا۔ مقررین نے سردار اختر جان مینگل کی رہائش گاہ پر چھاپے، مبینہ گرفتاریوں اور خضدار گورو میں طالب علم کی ہلاکت کی بھی مذمت کی، جبکہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور عمران خان کی رہائی سمیت بلوچستان کے مختلف واقعات کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ بعدازاں مظاہرین پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

میرپورخاص پولیس کی 2 کارروائیاں، مین پوری کا سامان اور غیرقانونی اسلحہ برآمد، 2 ملزمان گرفتار

میرپورخاص (این این آئی) میرپورخاص پولیس کی 2 کارروائیاں، مین پوری کا سامان اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، 2 ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی میرپورخاص رینج کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ اور ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی ہدایات پر میرپورخاص پولیس کی جانب سے جرائم اور منشیات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے

موجودہ سیاسی حالات نے قومی اتفاق رائے کی اشد ضرورت ہے، قمرالدین گوپانگ

پاکستان تحریک انصاف اپنا سیاسی ایجنڈا جمہوری طریقوں سے آگے بڑھائے

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ممتاز سیاسی رہنما پیپلز پارٹی کے صدر قمرالدین گوپانگ اور پیپلز پارٹی، کے جنرل سیکرٹری سردار غلام محمد خان اسران نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں کہاہے۔ کہ ملک کے موجودہ سیاسی حالات نے قومی اتفاق رائے کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان تحریک انصاف اپنا سیاسی ایجنڈا جمہوری طریقوں سے آگے بڑھائے۔ پاکستان سیاسی محاذ آرائی تشدد اور صوبوں کی تقسیم کے بجائے سیاسی استحکام اتحاد اقتصادی ترقی مہنگائی کا خاتمہ اور بیروزگاری کے حوالے سے معاملات کو آگے بڑھائے، انہوں نے اپنے بیان میں کہاہے۔ کہ پیپلز پارٹی اپنے نظریات پروگرامز اور آئینی آزادیوں کے حق میں ہیں۔ اور پیپلز پارٹی تمام سیاسی جماعتوں سے سیاسی رفاقت ایک دوسرے کے سیاسی وجود کا احترام کرنے اور سیاسی مقابلے جمہوری میدان تک محدود رکھنے کی اشد ضرورت ہے۔ اور ملک کے نوجوانوں کو سیاسی نفرت اور تقسیم کا شکار نہیں کرنا چاہیے۔ ہمارے ملک کی ساٹھ فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ جوایک بڑا قومی اثاثہ ہیں۔

عید میلادالنبی ﷺ ملک بھر میں عقیدت واحترام اور شایانِ شان طریقے سے منائیں گے، سربراہ پاکستان سنی تحریک

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی کہا ہے کہ حکومت عید میلادالنبی ﷺ کے جلسوں، جلوسوں، ریلیوں اور محافل کے لیے فول پروف سیکیورٹی انتظامات یقینی بنائے، عاشقانِ رسول ﷺ کسی خوف و دباؤ کا شکار نہیں ہوں گے اور عید میلادالنبی ﷺ کو بھرپور عقیدت و احترام اور شایانِ شان طریقے سے منائیں گے، اسلام کا پرچم سربلند کرکے اور سیرتِ مصطفیٰ ﷺ کو اپنی عملی زندگی کا مرکز بنا کر ہی پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنایا جاسکتا ہے۔

لیڈی ڈاکٹر کی مبینہ غفلت اور نااہلی کے باعث پانچ بچوں کی ماں ڈلیوری کے دوران جاں بحق ہوگئی

ڈاکٹر فہمیدہ سومرو کی ڈگری کینسل کرکے ان کی نجی کلینک کو فوری طور پر سیل کیا جائے، ورثاء

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) شہدادکوٹ میں نجی کلینک کی لیڈی ڈاکٹر کی مبینہ غفلت اور نااہلی کے باعث پانچ بچوں کی ماں ڈلیوری کے دوران جاں بحق ہوگئی، اس سلسلے میں کمبوہ برادری کے صدر جاوید اختر کمبوہ اور خاتون کے ورثا علی رضا کمبوہ، نادر کمبوہ یوسف کمبوہ اور دیگر نے پریس کلب شہدادکوٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ لیڈی ڈاکٹر فہمیدہ سومرو کی شدید غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے علی رضا کمبوہ کی 28 سالہ بیوی تڑپ تڑپ کر جاں بحق ہوگئی ہے، ان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر فہمیدہ سومرو کی نااہلی کی وجہ سے خاتون دو گھنٹے تک نجی کلینک میں تڑپتی رہی بعد میں لیڈی ڈاکٹر نے خاتون کو تشویش ناک حالت میں لاڑکانہ شیخ زید اسپتال ریفر کردیا جہاں خاتون دم توڑ گئی، انہوں نے وزیراعلی سندھ، وزیر صحت سندھ، سی ایچ او قمبر، ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ لیڈی ڈاکٹر فہمیدہ سومرو اور دیگر زمہ داران کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا جائے

کراچی۔ سردارزادہ شہزادصالح بھوتانی کا بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما محمد باسط موندرہ اور فضل الرحمان موندرہ کی دعوت ولیمہ میں شرکت کے موقع پر دولہوں کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو اس موقع پر سابق چیئرمین ضلع کونسل حب ابراہیم دودا و دیگر موجود ہیں

پچاس سے زائد نمبر لینے کے باوجود آفر آرڈر جاری نہ ہونے کے خلاف جونیئر سائنس ٹیچر کے امیدوار بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں۔

فٹ بال میچ کی ونر اور رنر ٹیم کو مہمان خاص عرفان علی داد پوتو ٹرافیاں دے رہے ہیں دوسری جانب ٹورنامنٹ کمیٹی کی جانب سے سید کمیل حیدر شاہ اور عرفان علی داد پوتو کی یادگار شیلڈ عرفان علی داد پوتو وصول کررہے ہیں

کچے میں بڑا اور پکا آپریشن شروع کرنے جارہے ہیں، جاوید عالم اوڈھو

سندھ میں اب کہیں بھی حفاظتی کا نوائے نہیں چل رہے۔ کچے کے علاقوں میں آج سے بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کردیا ہے

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) آئی جی پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہاہے۔ کہ کچے میں بڑا اور پکا آپریشن شروع کرنے جارہے ہیں۔ خود کو چیمپئن سمجھنے والے ڈاکوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ یہ بات انہوں نے کچے کے دوران ہمارے نامہ نگار سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ سندھ میں اب کہیں بھی حفاظتی کا نوائے نہیں چل رہے۔ کچے کے علاقوں میں آج سے بڑے پیمانے پر آپریشن شروع کردیا ہے۔ اس آپریشن کے دوران کچے میں ڈاکوں کو نیست ونابود کریں گے۔ جو ڈاکو اپنے آپ کو چیمپئن سمجھتے ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ لیکن ہتھیار ڈالنے والوں کو موقع دیا جائے گا۔ اس آپریشن میں فی الحال فوج کی ضرورت نہیں ہے۔ سندھ پولیس کے ساتھ رینجرز بھی آپریشن میں حصہ لے گی۔ آپریشن میں پنجاب پولیس کی بھی ضرورت پڑے گی۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے مزید کہا کہ رئیس گوٹھ سے دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کے دوران سیکیورٹی ایجنسیز اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ سی ٹی ڈی، سیکیورٹی ایجنسیز کے ہاتھوں پہلے ایک دہشت گرد کو گرفتار کیا گیا تھا۔ جس کی نشاندہی پر اس کے مزید دو ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اگرچہ دہشتگرد کا پورا نیٹ ورک تاحال مکمل طور پر قانون کی گرفت میں نہیں آیا۔ تاہم جس طرح ہماری اینٹلی جنس ایجنسیاں سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کام کررہی ہے۔ اس سے یہ امید پیدا ہوچکی ہے۔ بہت جلد اس نیٹ ورک کے تمام کارندے گرفتار کرلئے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ائیر پورٹ پر چائینیز شہریوں کے افسوسناک واقعے کے بعد سے تمام سیکیورٹی اور اینٹلی جنس ادارے ہائی الرٹ ہیں اور مختلف اوقات کار میں دہشت گرد عناصر کی کمر توڑنے میں کلیدی کردار ادا کررہے ہیں۔ اسی تسلسل میں بلوچستان میں بھی سیکیورٹی ادارے، اسپیشل برانچ، سی ٹی ڈی اور آئی بی دہشت گردوں کے خلاف مشترکہ طور پر برسرپیکار ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جوائنٹ آپریشنز کے تحت گرفتاریوں اور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تھریٹس موجود ہیں اور کراچی پاکستان کا ایک انتہائی اہم شہر ہے۔ جو نا صرف تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں کا مرکز ہے۔ بلکہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والی بندرگاہ بھی رکھتا ہے۔ جس کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

پاکستان ہماری پہچان، ترقی واستحکام کے لیے سب کو متحد ہوکر کردار ادا کرنا ہوگا، ناصر حسین شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان ہماری پہچان ہے، ملک کو مزید مضبوط بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، 14 اگست ہماری قومی شناخت، آزادی اور تجدید عہد کی علامت ہے، پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے تمام طبقات کو متحد ہوکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگوپیر میں خروٹی جرگے کے زیر اہتمام منعقدہ جشن آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی، رکن سندھ اسمبلی علی احمد جان، خانزادہ زمان خروٹی، سردار مرزا خان، عبدالرحمن خان، حافظ ستی، علی اکبر، نواز بروہی، صدیق اکبر، عابد ستی سمیت خروٹی برادری کے عمائدین، معززین اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔

صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عباداتی دعائیہ پروگرام، پنجاب پولیس ہائی الرٹ رہی

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے افسران و اہلکاروں نے لاہور سمیت صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عباداتی دعائیہ پروگرام کے دوران ہائی الرٹ رہتے ہوئے سیکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ قبل ازیں انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے آر پی اوز، ڈی پی اوز اور سینئر پولیس افسران کو گرجا گھروں کی سیکورٹی بڑھانے کے احکامات جاری کیے۔

میرپورساکرو میں 13 ایکڑ زرعی زمین پر مبینہ قبضے کے خلاف وارث کا احتجاج

مذکورہ زمین کے حوالے سے گزشتہ کچھ عرصے سے مختلف مسائل پیدا ہوتے رہے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) میرپورساکرو میں 13 ایکڑ زرعی زمین پر مبینہ قبضے کے خلاف وارث کا احتجاج، تحقیقات کا مطالبہ میرپورساکرو میں مرحوم علی حسن کے وارث اکبر حسین ولد مرحوم علی حسن نے میڈیا نمائندگان کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ان کے والد کی زرعی زمین پر مبینہ طور پر قبضہ کرکے اسے فروخت کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ اکبر حسین کے مطابق ان کے والد مرحوم علی حسن کی زرعی زمین، جس کا رقبہ 58.33 ایکڑ بتایا جاتا ہے، دیہہ پلیجانی، تعلقہ میرپورساکرو میں واقع ہے اور یہ زمین کئی سالوں سے ان کے قبضے اور استعمال میں رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ زمین کے حوالے سے گزشتہ کچھ عرصے سے مختلف مسائل پیدا ہوتے رہے ہیں، جس کے باعث زمین سے متعلق کیس نمبر 1390/2000 ہائی کورٹ میں زیرِ سماعت ہے۔ اس کے باوجود، ان کا الزام ہے کہ آدم اور سلمان تھہیم نامی افراد ان کی تقریبا 13 ایکڑ زمین پر مبینہ قبضہ کرکے اسے فروخت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اکبر حسین نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی شفاف اور مکمل تحقیقات کروا کر زمین کی اصل ملکیت اور حقائق سامنے لائے جائیں، مبینہ قبضے اور فروخت کی کوششوں کا نوٹس لیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق انصاف فراہم کیا جائے۔

گاگوٹی گراؤنڈ روہڑی میں جشن آزادی فٹ بال میچ

آزاد فٹ بال کلب سکھر نے الحیدری یونائیٹڈ روہڑی کو صفر کے مقابلے میں ایک گول سے شکست دے دی

روہڑی (نمائندہ اسلم سومرو) گاگوٹی گراؤنڈ روہڑی میں جشن آزادی فٹ بال میچ، آزاد فٹ بال کلب سکھر فاتح آزاد فٹ بال کلب سکھر نے الحیدری یونائیٹڈ روہڑی کو صفر کے مقابلے میں ایک گول سے شکست دے دی شائقین کا زبردست جوش وخروش کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں فوکل پرسن عرفان علی داد پوتو تفصیلات کے مطابق گاگوٹی گراؤنڈ روہڑی میں الحیدری یونائیٹڈ فٹبال کلب روہڑی کے زیر اہتمام جشنِ آزادی کے سلسلے میں شاندار فٹبال میچ کا انعقاد کیا گیا جس میں سکھر اور روہڑی کی ٹیموں کے درمیان سنسنی خیز مقابلہ ہوا آزاد فٹبال کلب سکھر نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے الحیدری یونائیٹڈ فٹبال کلب روہڑی کو صفر کے مقابلے میں ایک گول سے شکست دے کر کامیابی حاصل کرلی تقریب میں مہمانِ خصوصی صوبائی وزیر برائے بلدیات، ہاسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ سید ناصر حسین شاہ کے فوکل پرسن عرفان علی داد پوتو، سینئر فٹبالر سید امداد شاہ، نور نبی میمن، روہڑی پریس کلب کے صدر مجاہد بوزدار، سید عمران شاہ، سید ساجد شاہ، پی پی شیخ سمیت سیاسی، سماجی، صحافتی اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات اور فٹبال شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی میچ کے آغاز سے ہی دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے ایک دوسرے کے گول پر بھرپور حملے کیے اور شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا دونوں جانب سے گول کرنے کی متعدد کوششیں کی گئیں تاہم آزاد فٹبال کلب سکھر کے کھلاڑی نے فیصلہ کن گول اسکور کرکے اپنی ٹیم کو برتری دلائی جو میچ کے اختتام تک برقرار رہی یوں آزاد فٹبال کلب سکھر نے صفر کے مقابلے میں ایک گول سے کامیابی حاصل کرلی میچ کے دوران گاگوٹی گراؤنڈ میں فٹبال شائقین کا جوش وخروش دیدنی تھا شائقین نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جبکہ سنسنی خیز مقابلے کے باعث میچ کے اختتام تک گراؤنڈ میں دلچسپی اور جوش برقرار رہا مہمانِ خصوصی عرفان علی داد پوتو نے کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے ساتھ ساتھ انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے زیادہ سے زیادہ مواقع اور جدید سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے کہا کہ گراؤنڈ آباد ہوں گے تو نوجوان آباد ہوں گے کھیلوں کے میدان نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھنے اور ان میں نظم وضبط، برداشت، ٹیم ورک اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سکھر، روہڑی اور گردونواح کے نوجوانوں میں فٹبال کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے جسے سامنے لانا ہماری ترجیح ہے عرفان علی داد پوتو نے کہا

قائداعظم وژن فلاحی وجمہوری ریاست کا قیام تھا، امیر فضل اویسی

کراچی (این این آئی) قائدِ اعظم محمد علی جناح کی 150 ویں یوم ولادت کے سلسلے میں منائے جانے والے سال اور پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر قائد اعظم اکادمی قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن حکومت پاکستان کے زیراہتمام اکادمی میں پرچم کشائی و کیک کٹنگ ہوئی اسی طرح کتابوں کی نمائش اور تقسیم انعامات کی پروقار تقریب کا بھی انعقاد ہوا پرچم کشائی و تقریب کے مہمان خصوصی محترم امیر فضل اویسی، ایڈیشنل سیکریٹری یونیورسٹیز اینڈ بورڈز ڈپارٹمنٹ،

رونالڈو نے شادی کی اطلاع اہلِ خانہ کو تقریب سے صرف 30 سیکنڈ پہلے دی

پرتگال (این این آئی) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے دیرینہ گرل فرینڈ جارجینا روڈریگز سے شادی کی اطلاع اپنی والدہ اور بہن بھائیوں کو مبینہ طور پر تقریب سے صرف 30 سیکنڈ پہلے دی۔ پرتگالی ٹی وی پریزینٹر کرسٹینا فریرا نے دعویٰ کیا کہ کرسٹیانو رونالڈو اور جارجینا روڈریگز کی 11 اگست کو ہونے والی نجی شادی کا علم فٹبالر کے اہلِ خانہ کو ممکنہ طور پر تقریب سے صرف 30 سیکنڈ پہلے ہوا۔

بدین۔ ٹالپور ہاس بدین میں منعقدہ عوامی تحریک ضلع بدین کا اجلاس میں مرکزی اور ضلعی عہدیداران کی شرکت۔

سوراب بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی عہدیدران سلطان امام، امان اللہ مینگل اور عبداللطیف قلندرانی سانحہ گدر کے خلاف ریلی سے خطاب کررہے ہیں

سندھ کے وسائل، زمین اور پانی پر قبضہ کسی صورت قبول نہیں، عوامی تحریک بدین۔

مظلوم قوموں اور چھوٹے صوبوں کے عوام میں مایوسی بڑھ رہی ہے اور ملکی یکجہتی کو نقصان پہنچنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے

بدین (نامہ نگار) عوامی تحریک ضلع بدین کا اجلاس ٹالپر ہاس بدین میں منعقد ہوا، جس میں مرکزی رابطہ سیکریٹری لال جروار، ضلعی صدر مہران درس، ایڈووکیٹ کامران لاکو، مختیار بکھاری، محمد علی ٹالپر، ستار گوپانگ اور دیگر رہنماں نے خطاب کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رہنماں نے کہا کہ پنجاب کے حکمران اور سندھ کا حکمران طبقہ مل کر سندھ کے وسائل، زمینوں اور پانی کو سندھ کے عوام سے چھین کر ایک صوبے کی بالادستی قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جس کے باعث مظلوم قوموں اور چھوٹے صوبوں کے عوام میں مایوسی بڑھ رہی ہے اور ملکی یکجہتی کو نقصان پہنچنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کے نام پر مارشل لا جیسی صورتحال نافذ ہے، جہاں عوام کو اپنے ذاتی اور اجتماعی مسائل پر آواز اٹھانے کی بھی آزادی حاصل نہیں۔ سندھ کو سرداروں، وڈیروں اور جاگیرداروں کے حوالے کرکے تعلیمی اداروں کو تباہ کیا گیا، جبکہ منشیات کو عام کرکے سندھ کی نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ رہنماں نے الزام عائد کیا کہ غیر مقامی افراد کو سندھ میں آباد کرکے سندھ کے عوام کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ منشیات فروش ملزمان کے گرد گھیرا تنگ

دو منشیات فروش ملزمان گرفتار بھنگ اور چرس برآمد مقدمات درج

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ منشیات فروش ملزمان کے گرد گھیرا تنگ۔ دو منشیات فروش ملزمان گرفتار بھنگ اور چرس برآمد مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نصیر آباد سب انسپکٹر راؤ فیاض احمد بمع اسٹاف کی دوران گشت بائی پاس روڈ نصیر آباد سے کارروائی کے دوران منشیات فروش ملزم غلام مرتضی بروہی کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے (2500) گرام بھنگ برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ دوسری کارروائی میں بھی ایس ایچ او تھانہ نصیر آباد بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر سم شاخ نصیر آباد سے کارروائی میں منشیات فروش ملزم راجا پھلپوٹو کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے (600) گرام چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

گولارچی میں پسند کی شادی کا تنازع، مبینہ طور پر ماچھی برادری کے 60 سے زائد گھر مسمار

600 سے زائد افراد نقل مکانی پر مجبور متاثرین کا احتجاج اور الزامات، پولیس نے تردید کردی.

بدین (نامہ نگار) بدین کی تحصیل گولارچی کے نواحی علاقے چک نمبر 5 میں پیار اور پسند کی شادی کے تنازع پر ماچھی اور کمبوہ برادری کے درمیان کشیدگی کے باعث صورتحال سنگین ہوگئی۔ متاثرین نے مخالف فریق پر الزام عائد کیا ہے کہ چند روز قبل مبینہ طور پر ماچھی برادری کے 60 سے زائد گھروں کو نقصان پہنچایا گیا، جبکہ 600 سے زائد خواتین، بچوں اور مردوں کو گھر بار چھوڑ کر نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑا۔ ماچھی برادری کے متاثرین کے مطابق مسلح افراد نے گھروں کو مسمار کرنے کے ساتھ گھریلو سامان اور مویشی بھی اپنے ساتھ لے گئے، متاثرین نے پولیس پر جانبداری کا الزام عائد کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ انہیں تحفظ فراہم کیا جائے اور مبینہ طور پر گھروں کو نقصان پہنچانے اور سامان لے جانے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے۔ دوسری جانب ڈسٹرکٹ پولیس بدین نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی گھروں کو آگ لگانے اور سامان لوٹنے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقریبا ایک ماہ قبل ندیم ماچھی نے اپنے زمیندار کی بیٹی عالیہ فاطمہ کمبوہ سے پسند کی شادی کی تھی، جس کے بعد دونوں نے ہائی کورٹ میں پیش ہوکر اپنی رضامندی سے شادی کا بیان دیا۔

کاؤنٹر نارکوٹکس فورس نے بھاری مقدار میں کوکین کی ترسیل ناکام بنادی

لاہور (این این آئی) پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس نے راولپنڈی میں کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں کوکین کی ترسیل ناکام بنا دی۔ فتح جنگ۔ ترنول انٹرچینج پر مشکوک کار کی تلاشی کے دوران 108 کوکین کیپسول برآمد کرکے ملزم شاہد اللہ خان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان پنجاب کانٹر نارکوٹکس فورس کے مطابق کارروائی کے دوران منشیات کی اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑی اور کوکین قبضے میں لے لی گئی۔ برآمدشدہ کوکین کی مالیت کا تخمینہ 4 کروڑ 32 لاکھ روپے لگایا گیا ہے

گاؤں خدابخش پارہیڑی ملاح میں خسرے کی بیماری نے وبائی صورت اختیار کرلی

خسرے کے باعث 4 سالہ ثمرین دختر گل شیر پارہیڑی اور 12 سالہ رحمت دختر اللہ ڈنو پارہیڑی جاں بحق ہوچکی ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گجو کے قریب بھڑو موری کے نزدیک ملاحن کے گاں خدابخش پارہیڑی ملاح میں خسرے کی بیماری نے وبائی صورت اختیار کرلی ہے، جہاں دو بچوں کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات ہیں، جبکہ متعدد بچے بیماری میں مبتلا ہو کر بستروں تک محدود ہوگئے ہیں۔ تاہم متاثرہ علاقے میں تاحال محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مؤثر اقدامات نہ کیے جانے پر علاقہ مکینوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ متاثرہ گاں کے رہائشی الطاف علی اور دیگر نے بتایا کہ خسرے کے باعث 4 سالہ ثمرین دختر گل شیر پارہیڑی اور 12 سالہ رحمت دختر اللہ ڈنو پارہیڑی جاں بحق ہوچکی ہیں، جبکہ متعدد بچے اس مرض میں مبتلا ہیں۔ متاثرہ بچوں میں 3 سالہ رمیز ولد تنویر پارہیڑی، 5 سالہ بلقیس دختر گل شیر، ایک سالہ روزینہ دختر مصطفیٰ، 9 ماہ کی حسنہ دختر ستار، انور ولد پیر محمد، صاحبہ دختر پیر محمد، 3 سالہ نجات ولد سجاد، 3 سالہ تانیہ دختر تنویر پارہیڑی ملاح اور دیگر شامل ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کئی بچے گھروں میں بستروں پر پڑے ہیں، مگر تاحال محکمہ صحت کی میڈیکل ٹیم نے متاثرہ گاں کا دورہ کرکے بچوں کا معائنہ یا علاج شروع نہیں کیا، جس کے باعث مزید بچوں کی زندگیاں خطرے میں ہیں

پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کا گورنر ہاؤس کے باہر دھرنا، پولیس شیلنگ کے باوجود کارکن ڈٹے رہے

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کراچی کی جانب سے گورنر ہاؤس کے باہر احتجاجی دھرنا شروع کردیا گیا۔ پولیس کی جانب سے رکاوٹیں کھڑی کرنے اور مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے شیلنگ کے باوجود ہزاروں کارکن گورنر ہاؤس کے باہر پہنچ گئے اور پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ جماعت اسلامی کراچی کے امیر منعم ظفر خان بھی شیلنگ کے دوران کارکنوں کے ہمراہ موجود رہے۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
پیر 17 اگست 2026، بمطابق 3 ربیع الاول 1448ھ

رواں مالی سال 8500 ارب روپے قرض لینے کا پلان تیار کر لیا، وزارت خزانہ

رواں مالی سال میں 92 فیصد قرض مقامی ذرائع، 8 فیصد بیرونی ذرائع سے حاصل کیا جائے گا

مقامی فنانسنگ کیلئے تین ماہ، چھ ماہ اور بارہ ماہ کی مدت کے شارٹ ٹی بلز کا اجرا نہیں کیا جائے گا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے رواں مالی سال 27-2026 کے دوران قرضوں اور قرضوں پر سود کی ادائیگیوں سمیت دیگر مالی ضروریات پوری کرنے کیلئے ملکی و غیر ملکی ذرائع سے ساڑھے آٹھ ہزار ارب روپے کے قرضے حاصل کرنے کا جامع منصوبہ تیار کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ حکام نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران 1039 ارب بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگیوں اور 8736 ارب مقامی قرضوں پر خرچ ہوں گے۔ وزارت خزانہ کے مطابق رواں مالی سال میں 92 فیصد قرض مقامی ذرائع اور 8 فیصد بیرونی ذرائع سے حاصل کیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کے حکام کے مطابق مقامی ذرائع سے قرض حاصل کرنے کیلئے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز، اجارہ سکوک جاری کیا جائے گا، مقامی فنانسنگ کیلئے تین ماہ، چھ ماہ اور بارہ ماہ کی مدت کے شارٹ ٹی بلز کا اجرا نہیں کیا جائے گا۔ رواں مالی سال کے دوران حکومت مرکزی بینک سے کوئی قرض نہیں لے گی، کلائمٹ اینڈ ڈیزاسٹر ریزیلینس پروگرام کے تحت اے ڈی بی سے 40 کروڑ ڈالر اور وومن انکلوسیو فنانس پروگرام کے تحت 10 کروڑ ڈالر قرض لیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق ڈومیسٹک ریسورس موبلائزیشن پروگرام کے تحت 30 کروڑ ڈالر قرض حاصل کیا جائے گا، رواں مالی سال ایک ارب 20 کروڑ ڈالر کا کمرشل قرض حاصل کیا جائے گا جبکہ عالمی مارکیٹ میں گرین بانڈز اور چائنیز مارکیٹ میں پانڈا بانڈز جاری کرنے کا پلان بنایا گیا ہے، چائنیز مارکیٹ میں رواں مالی سال 30 کروڑ ڈالر کے بانڈز ایشو کیے جائیں گے۔

دنیا بھر میں پرندوں کی آبادی میں مسلسل کمی

امریکا اور یورپی ممالک نے اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے بہت سے منصوبے بنائے ہیں، ڈبلیو ڈبلیو ایف

کراچی (این این آئی) جنگلی حیات کی ایک تنظیم کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں پرندوں کی آبادی میں تیزی سے کمی ہو رہی ہے جو اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی منفی سطح پر ہو رہی ہے۔ ورلڈ وائلڈ لائف فنڈ (ڈبلیو ڈبلیو ایف) ترکیہ کے جنگلی حیات کے ماہر احمد ایمرے کوتو کون نے میڈیا کو بتایا کہ پرندے کسی علاقے میں تنزلی کا پہلا محرک ہوتے ہیں۔ اگر کہیں پرندوں کی آبادی میں کمی واقع ہو

امریکا نے 4 سال میں پہلی بار شرح سود میں نمایاں کمی کر دی

فیصلے سے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مثبت اثرات کا امکان ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فیڈرل ریزرو نے امریکی مرکزی بینک کی شرحیں مقرر کرنے والی کمیٹی کے پالیسی سازوں نے اپنے تازہ ترین بیان میں کہا، کمیٹی کو اس بات پر زیادہ اعتماد حاصل ہو گیا ہے بعد کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سود میں نصف فیصد کی کمی کر دی، جس سے قرض لینے کی لاگت میں معمول سے زیادہ کی کمی کی گئی۔ یہ اقدام ملازمتوں کے شعبے کی صحت کے بارے میں بڑھتی ہوئی تشویش کے

سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری اور کنٹریکٹ پالیسی کے خلاف بھرپور جدوجہد کا عزم رکھتے ہیں، گرینڈ ہیلتھ الائنس

کوئٹہ (این این آئی) گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری کسی صورت قابل قبول نہیں اور اس کے خلاف ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔ ہیلتھ ملازمین اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں

قائمقام سپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ اور پارلیمانی سیکرٹری حادیہ نواز نوشکی میں ماں، بیٹی کی شہادت کے حوالے بنگامی پریس کانفرنس کر رہی ہیں

میر علی حسن زہری نے اختر مینگل کی دوغلی مفاد پرستانہ سیاست کا پردہ چاک کر دیا

میر علی حسن زہری نے اختر مینگل کی سیاست اور مفاد پرستانہ رویے کے حوالے سے جو حقائق عوام کے سامنے رکھے ہیں، بلوچستان کی عوام اب باشعور ہو چکی ہے اور گزشتہ کئی دہائیوں کی سیاست، وعدوں اور عملی کارکردگی کا جائزہ لے رہی ہے

میر علی حسن زہری نے اختر مینگل کی سیاست اور مفاد پرستانہ رویے کے حوالے سے جو حقائق عوام کے سامنے رکھے ہیں، انہیں سن کر بی این پی کے رہنماں اور کارکنوں کو تکلیف ضرور ہو رہی ہے، پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کا ردعمل

حب (نمائندہ بولان) پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کا بلوچستان نیشنل پارٹی پر سخت تنقید، میر علی حسن زہری کے موقف کی بھرپور حمایت پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان نے بلوچستان نیشنل پارٹی اور اس کے سربراہ اختر مینگل کی حالیہ سیاسی طرزِ عمل پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر علی حسن زہری نے اختر مینگل کی سیاست اور مفاد پرستانہ رویے کے حوالے سے جو حقائق عوام کے سامنے رکھے ہیں، انہیں سن کر بی این پی کے رہنماں اور کارکنوں کو تکلیف ضرور ہو رہی ہے، لیکن سیاسی اختلاف کا جواب حقائق اور دلیل سے دینا چاہیے، الزام تراشی اور واویلا کرنے سے نہیں۔ بلوچستان کی عوام اب باشعور ہو چکی ہے اور گزشتہ کئی دہائیوں کی سیاست، وعدوں اور عملی کارکردگی کا جائزہ لے رہی ہے۔ عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ بلوچستان کے نام پر سیاست کرنے والے رہنماں نے اپنے طویل سیاسی سفر کے دوران عوام کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لانے کے لیے کیا عملی اقدامات کیے۔ میر علی حسن زہری نے جس انداز میں بلوچستان کے عوام کے مسائل، محرومیوں اور سیاسی رویوں پر آواز اٹھائی ہے، اس پر تنظیم سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام جیالے ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ میر علی حسن زہری کو عوامی مسائل پر بات کرنے اور سیاسی حقائق بیان کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان اختر مینگل کی جانب سے بلوچ قوم اور بلوچستان کے جذبات کو سیاسی طور پر استعمال کرنے کی سیاست اب عوام کے سامنے زیادہ واضح ہو چکی ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہر سیاسی جماعت اور ہر سیاسی رہنما کو اپنی کارکردگی کی بنیاد پر پرکھنا شروع کر دیا ہے۔ صرف جذباتی نعروں، ماضی کے حوالوں اور سیاسی بیانات سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

مریم نواز سے بیلجیئم کے سفیر کی ملاقات، عوام دوست پالیسیوں کی تعریف

پنجاب میں ماحول دوست اختراعی اقدامات کے دور رس نتائج حاصل ہوں گے

بیلجیئم پاکستان میں سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے میں دلچسپی رکھتا ہے

لاہور (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بیلجیئم کے ساتھ تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سے بیلجیئم کے سفیر چارلس ایڈ سبالڈ وان ڈر گراچٹ ڈی رومرز وائل کی ملاقات ہوئی جس میں باہمی تعاون کے فروغ اور تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے مستقبل میں دو طرفہ تعاون کے فروغ کے مزید مواقع تلاش کرنے پر بھی زور دیا۔ ملاقات کے دوران بیلجیئم کے سفیر نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کی عوام دوست پالیسیوں کی تعریف کی اور حکومت پنجاب کے معاشی وژن کو سراہا۔ اس موقع پر مریم نواز نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاک بیلجیئم دوطرفہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، بیلجیئم کے ساتھ تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، آئی ٹی اور زراعت کے شعبوں میں بیلجیئم کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتے ہیں، نوجوانوں کو آئی ٹی میں عالمی معیار کی مہارتوں کی ٹریننگ دی جا رہی ہے اور پنجاب میں زرعی شعبے کی میکانائزیشن پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ دوسری جانب بیلجیئم سفیر چارلس ایڈ سبالڈ نے کہا کہ کلائمیٹ چینج کے اثرات پر کنٹرول اور انوائرمنٹ کی بہتری کے لئے حکومت پنجاب کے اقدامات متاثر کن ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ پنجاب میں ماحول دوست اختراعی اقدامات کے دور رس نتائج حاصل ہوں گے۔ بیلجیئم پاکستان میں سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے میں دلچسپی رکھتا ہے، تعلیم، زراعت اور دیگر شعبوں میں ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

انٹرا پارٹی انتخابات، الیکشن کمیشن کی پی ٹی آئی کو درخواستوں پر جواب جمع کروانے کی ہدایت

ہمارے پاس آپ کو دوبارہ انٹرا پارٹی الیکشن کروانے کیلئے کہنے کا اختیار نہیں، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (انٹرنیوز) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کو درخواست گزاروں کی درخواستوں پر جواب جمع کروانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے پاس یہ اختیار نہیں کہ آپ کو دوبارہ انٹرا پارٹی الیکشن کروانے کا کہیں۔ منگل کو الیکشن کمیشن میں پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشنز کیس کی سماعت ہوئی۔ سماعت ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں چار رکنی کمیشن نے کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، اکبر ایس بابر اور نوید انجم کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ ممبر کے پی نے اکبر ایس بابر سے استفسار کیا کہ کیا آپ نے بھی انٹرا پارٹی الیکشن کروایا ہے؟ اس پر انہوں نے کہا کہ ہم نے کوئی انٹرا پارٹی الیکشن نہیں کروایا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کو فائنل آرڈر کرنے سے روکا ہے۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کو انٹرا پارٹی انتخابات کیس میں دیگر درخواست گزاروں کو درخواستوں کی نقول پی ٹی آئی کو فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ انٹرا پارٹی الیکشن کے خلاف پانچ درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ الیکشن کمیشن اب پانچ سال تک دوبارہ انٹرا پارٹی الیکشن کروانے کی ہدایت نہیں کر سکتا۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ ہم ان جھوٹی کہانیوں کا جواب دے دیں گے۔ ممبر کے پی اور بیرسٹر گوہر کے درمیان پشتو میں مکالمہ ہوا اس پر فیصل چوہدری نے کہا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

دریائے سندھ کے کنارے 34900 ہیکٹر پر جنگلات لگانے کا فیصلہ

2 اضلاع میں حکومت جبکہ 7 اضلاع میں نجی شعبے کی شراکت سے جنگلات لگائے جائیں گے

حکومت سندھ کی کاوشوں سے صوبے میں تجارتی سرگرمیاں بحال ہوئی ہیں، جام اکرام اللہ دھاریجو

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ نے جنگلات کی بحالی کے بڑے منصوبے کی منظوری دیدی، 2 اضلاع میں حکومت جبکہ 7 اضلاع میں نجی شعبے کی شراکت سے جنگلات لگائے جائیں گے، وزیر اعلیٰ سندھ نے کراچی پورٹ ٹرسٹ سے جام صادق پل تک ایکسپریس وے کی تعمیر کیلئے پروپوزل کو جلد حتمی شکل دینے کی بھی ہدایت کر دی، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے پینتالیسویں اجلاس میں جامشورو اور ٹھٹہ اضلاع میں دریائے سندھ کے کنارے 34 ہزار 900 ہیکٹر زمین پر جنگلات لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ دیگر سات اضلاع میں اٹھاسی ہزار بائیس ایکڑ پر سرکاری اور نجی شعبے کی شراکت سے جنگلات لگائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کراچی پورٹ ٹرسٹ سے جام صادق پل براستہ ملیر ایکسپریس وے تک ایکسپریس وے کی تعمیر کے منصوبے کی بھی منظوری دے دی اجلاس وزیر اعلیٰ ہاؤس سندھ میں ہوا۔ صوبائی وزیر برائے صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے کہا ہے کہ ایک وقت تھا کراچی میں کاروبار کرنا مشکل ہوتا تھا، پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کی کوششوں کے باعث کراچی سمیت صوبے بھر میں صنعت کاروں اور دیگر تاجر برادری کیلئے کاروبار کرنا آسان ہوا ہے اور حکومت سندھ صوبے میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو متعدد مراعات فراہم کر رہی ہے جبکہ صوبے میں نئے انڈسٹریل زونز بھی قائم کئے جا رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے کراچی ایکسپو سینٹر آمد کے موقع پر پاکانڈسٹریا، گیٹ وے ٹو انڈسٹریل فیوچر اینڈ ایکسپو کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس ایکسپو میں صنعتی شعبوں سے تعلق رکھنے والے حصہ لے رہے ہیں

حضور کی اس دنیا میں تشریف آوری کفر و شرک کیلئے پیام اجل تھی، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

معاشرے میں حقیر سمجھے جانے والے افراد کیلئے سر بلند کر کے چلنے کا موقع تھا

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے ضلعی صدر صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے کہا ہے کہ محبت رسول ہمارا سرمایہ حیات ہے، اس کی بدولت ہم دنیا و آخرت میں سرخرو ہوں گے، حضور کی اس دنیا میں تشریف آوری کفر و شرک کیلئے پیام اجل تھی اور معاشرے میں حقیر سمجھے جانے والے افراد کیلئے سر بلند کر کے چلنے کا موقع تھا، آپ کی بعثت سے ظلمتوں کے اندھیرے چھٹ گئے اور شرف انسانیت بحال ہو گیا۔ اسوہ رسول کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیں، اسوہ رسول پر عمل کرنے میں ہی ہماری دنیاوی و اخروی فلاح پنہاں ہے اور عصر حاضر میں جب کہ امت مسلمہ کو ہر جانب سے اغیار کی یلغار کا سامنا ہے، مسلمانوں کیلئے حضور پاک کے دامن کے سوا کوئی اور پناہ گاہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی پر ہر امتی کو عہد کرنا چاہیے کہ خواجہ یثرب کی حرمت پر کٹ مرے گا اور شان رسالت میں گستاخی کے مرتکب افراد کو کیفر کردار تک پہنچا کر دم لے گا، ادب مصطفی ہی روح ایمان ہے، بارگاہ رسالت میں ذرہ سی بے ادبی سے انسان کے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں، آپ نے انسانیت کو مروت، اخلاق، اخلاص، محبت، برداشت اور بردباری کا درس دیا ہے۔

بلوچستان میں رواں سال، 20 پولیو کیسز رپورٹ، 3 بچے جاں بحق

کوئٹہ (انٹرنیوز) بلوچستان میں رواں سال پولیو کے سب سے زیادہ 20 کیس رپورٹ، پولیو سے متاثرہ 3 بچے جاں بحق ہو گئے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے مطابق قلعہ عبداللہ سے 6، کوئٹہ سے 3، چمن، پشین، ژوب سے 2، 2 پولیو کے کیس رپورٹ ہوئے۔ ڈیرہ بگٹی، جھل مگسی، قلعہ سیف اللہ، خاران اور نوشکی سے پولیو کا 1، 1 کیس رپورٹ ہوا ہے۔ بلوچستان میں رواں سال پولیو وائرس سے متاثرہ جاں بحق بچوں کی تعداد تین ہو گئی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے حکام کے مطابق انسداد پولیو قطرے پلانے سے انکاری والدین اور سکیورٹی ہمارے لیے چیلنج ہیں، بلوچستان میں پولیو

ایچ آر سی پی کا 26 ویں آئینی ترمیم کے ممکنہ اثرات پر اظہار تشویش

چیف جسٹس کی نامزدگی کے لیے خصوصی پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل حکومت وقت کو ایک خطرناک برتری فراہم کرتی ہے، ایچ آر سی پی

کراچی (این این آئی) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (ایچ آر سی پی) نے کہا ہے کہ آئین میں کی گئی 26 ویں ترمیم کے چند ایک شقوں پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممکنہ اثرات پر تشویش ہے۔ ایچ آر سی پی نے بیان میں کہا کہ اگرچہ یہ ترامیم پہلے کے مسودوں میں تجویز کردہ ترامیم کے مقابلے میں معتدل ہیں، تاہم ایچ آر سی پی کو اب بھی خدشہ ہے کہ اس ایکٹ سے عدلیہ کی آزادی متاثر ہو گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سب سے پہلے آئینی بینچز کے قیام اور ان کی تشکیل کے طریقہ کار پر سنگین تحفظات ہیں کیونکہ عملی طور پر یہ خدشہ ہے کہ ان بینچز کی ساکھ براہ راست سیاسی دباؤ کے زیر اثر آ سکتی ہے۔ ایچ آر سی پی نے کہا کہ دوسری بات یہ ہے کہ پاکستان کے چیف جسٹس کی نامزدگی کے لیے خصوصی پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل (جو کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے ارکان پر مشتمل ہو گی اور ان کی جماعتوں کی تناسبی نمائندگی کے مطابق ہو گی) حکومت وقت کو ایک خطرناک برتری فراہم کرتی ہے، جس کے نتیجے میں عدلیہ حکومت کے زیر اثر آ سکتی ہے، جو آئی سی پی آر کے آرٹیکل 14 کے تحت پاکستان کی ذمہ داریوں کے خلاف ہے۔ آئینی ترمیم کے حوالے سے بیان میں کہا گیا کہ ایچ آر سی پی کو آرٹیکل 184(3) میں ترمیم پر کوئی اعتراض نہیں ہے جس کے تحت آئینی بینچ از خود نوٹس کا اختیار استعمال نہیں کر سکیں گے۔ ایچ آر سی پی یہ بھی تسلیم کرتا ہے

بیجنگ کی جی ڈی پی میں پہلی 3 سہ ماہی کے دوران 5.1 فیصد اضافہ

بیجنگ (شِنہوا) بیجنگ کی مجموعی مقامی پیداوار (جی ڈی پی) میں 2024 کی پہلی 3 سہ ماہی کے دوران گزشتہ سال کی نسبت 5.1 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ میونسپل ادارہ شماریات کے مطابق چین کے دارالحکومت کی جی ڈی پی جنوری سے ستمبر تک 33 کھرب یوآن (تقریباً 465 ارب امریکی ڈالرز) ہو گئی ہے۔ بیجنگ کی کلیدی صنعتوں نے سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران مستحکم ترقی کی۔ کمپیوٹرز، مواصلاتی اور برقی ساز و سامان تیار کرنے والی دیگر صنعتوں نے گزشتہ سال کی نسبت 19.5 فیصد ترقی کی جبکہ کار سازی کی صنعت میں بھی گزشتہ سال کی نسبت 18.4 فیصد اضافہ ہوا۔ معلومات کی ترسیل، سافٹ ویئر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی خدمات کے تیسرے درجے کے شعبوں نے تیز ترقی کرتے ہوئے 710.5 ارب یوآن آمدن حاصل کی

لاہور ایک بار پھر آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا

ایئر کوالٹی انڈیکس 326 پوائنٹس کی خطرناک حد تک بڑھ گیا

لاہور (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت لاہور ایک بار پھر آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا ہے شہر کا ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) خطرناک حد تک بڑھ گیا جو گزشتہ روز 394 اور آج 326 ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اے کیو آئی فضا میں موجود آلودگی کی پیمائش کرتا ہے جیسے باریک ذرات (پی ایم 2.5)، موٹے ذرات (پی ایم 10)، نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ، اوزون اور 3 ... 100 سے زیادہ اے کیو آئی کو مضر صحت جب کہ 150 سے زیادہ کو بہت زیادہ مضر صحت سمجھا جاتا ہے بنیادی طور پر فصلوں کی باقیات کو جلانے اور صنعتی اخراج کی وجہ سے پیدا ہونے والے اسموگ کے بحران پر قابو پانے کے لیے پنجاب حکومت کی جانب سے صحت عامہ کے تحفظ کے لیے فوری اور سخت فیصلے کرنے پر مجبور کیا ہے خطرناک اسموگ کی وجہ سے شہریوں کو بڑے پیمانے پر صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس میں کھانسی، سانس لینے میں دشواری، آنکھوں میں جلن اور جلد کے انفیکشن شامل ہیں خاص طور پر بچے، بوڑھے اور وہ افراد جو پہلے سے سانس یا دل کی بیماریوں میں مبتلا ہیں وہ اس کا زیادہ شکار ہو رہے ہیں دریں اثنا صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے صوبائی محکمہ زراعت کے ہیڈکوارٹرز میں ایک تقریب کے دوران اینٹی اسموگ اسکواڈ کا اجرا کیا

خیبر پختونخوا بارش کے باعث حادثات، 7 افراد جاں بحق، 9 زخمی

بنوں کے علاقہ معاویہ گاؤں میں بارش کے باعث دیوار گر گئی جس کے نتیجے میں 3 بچے جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا

ترجمان ریسکیو 1122 کا کہنا تھا کہ مختلف اضلاع میں کچی چھتیں و دیواریں گرنے سے جزوی نقصانات بھی ہوئے ہیں

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں موسلا دھار بارشوں کے سبب مختلف اضلاع میں حادثات سے 7 افراد جاں بحق اور 9 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بنوں کے علاقہ معاویہ گاؤں میں بارش کے باعث دیوار گر گئی جس کے نتیجے میں 3 بچے جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس نے بتایا کہ جاں بحق اور زخمی بچوں کو مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، بچوں کی عمریں 6 سے لے کر 9 سال کے درمیان ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق باجوڑ میں گزشتہ رات خریان میں مکان کی چھت گر گئی، جس کے نتیجے میں ماں بیٹی جاں بحق، خاوند اور ایک بیٹا شدید زخمی ہو گیا۔ ایبٹ آباد میں گزشتہ رات ہونے والی طوفانی ہواؤں اور بارش سے بجلی کے پول سڑک پر آ گرے، شدید بارشوں کے باعث قراقرم ہائی وے اور ہزارہ موٹر وے حویلیاں سے قلندر آباد تک بند کر دی گئی۔ ریسکیو 1122 نے بتایا کہ صوبہ بھر میں مختلف حادثات میں 7 افراد جاں بحق اور 9 زخمی ہوئے ہیں، کہا گیا کہ چھتیں گرنے کے واقعات پشاور، نوشہرہ، شانگلہ، بنوں اور باجوڑ میں پیش آئے۔ ترجمان ریسکیو 1122 کا کہنا تھا کہ مختلف اضلاع میں کچی چھتیں و دیواریں گرنے سے جزوی نقصانات بھی ہوئے ہیں۔ دریں اثنا محکمہ موسمیات نے اگلے 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں مزید بارش کی پیش گوئی کی ہے، مزید بتایا کہ چند مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا بھی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران ہونے والی بارش کے اعداد و شمار بھی جاری کر دیے جس کے مطابق سب سے زیادہ بارش دیر میں 64 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ مالم جبہ میں 55، پشاور میں 48 ملی میٹر، تخت بھائی میں 33 ملی میٹر، کالام میں 32 ملی میٹر جبکہ چراٹ میں 56، پاراچنار میں 27 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کالام میں 5 انچ تک

پاکستان میں دہشتگردی کیلئے افغان سرزمین کے استعمال کے شواہد منظر عام پر آ گئے

افغان عبوری حکومت کے اقتدار میں آتے ہی افغان سرزمین عالمی دہشت گردوں کی آماجگاہ بن گئی

افغان عبوری حکومت کی جانب سے خارجی دہشت گردوں کی پشت پناہی سے عالمی اور بالخصوص خطے کے امن کو شدید خطرات لاحق ہیں

راولپنڈی (انٹرنیوز) پاکستان میں دہشت گردی کیلئے افغان سرزمین کے استعمال سے متعلق ناقابل تردید شواہد ایک بار پھر منظر عام پر آ گئے۔ افغان عبوری حکومت کے اقتدار میں آتے ہی افغان سرزمین عالمی دہشت گردوں کی آماجگاہ بن گئی، افغان عبوری حکومت کی جانب سے خارجی دہشت گردوں کی پشت پناہی سے عالمی اور بالخصوص خطے کے امن کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ پاکستان میں دہشت گردی کیلئے افغان سرزمین استعمال ہونے کے ناقابل تردید ثبوت وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہے، اب ایک بار پھر ناقابل تردید شواہد کی بناء پر فتنۃ الخوارج کے سرغنہ نور ولی اور سرغنہ مزاحم محمود کی افغانستان میں موجودگی کے ناقابل تردید شواہد سامنے آ گئے ہیں۔ مختلف پکڑے جانے والے خوارج اور ڈیجیٹل شواہد کی بنیاد پر سرغنہ نور ولی محسود اور سرغنہ مزاحم کا افغانستان میں رہائش کیلئے افغان سرکاری سپیشل پرمٹ سامنے آ گیا، خوارج کے سرغنہ نور ولی محسود کو گاڑی اور اسلحہ سمیت سرکاری افغان کارڈ جاری کیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق نور ولی کو فیلڈر 2005 ماڈل گاڑی نمبر 91442 جبکہ دوسری روسی ساخت کی کلاشنکوف نمبر 96280490 رکھنے کی بھی اجازت ہے۔ خوارج کے سرغنہ مزاحم کو افغانستان کی عبوری حکومت کی جانب سے جاری کردہ اسلحہ اور گاڑی کا پرمٹ بھی منظر عام پر آ گیا ہے، مزاحم کا سپیشل پرمٹ 22 جنوری 2024 کو جاری کیا گیا، مفتی مزاحم کو جاری کردہ پرمٹ کابل اور افغانستان کے جنوب مشرقی علاقے میں قابل عمل ہے، مزاحم کو بھی نور ولی کی طرح حیران کن طور پر گاڑی اور ایک M4، ایک M16 اور 2 کلاشنکوف رکھنے کی اجازت ہے۔ جبکہ سرکاری افغان کارڈ کے مطابق 2 بندوقیں رکھنے کی بھی اجازت ہے، نور ولی کو ایک کلاشنکوف نمبر

پاک بھارت کرتارپور کوریڈور چلانے کے معاہدے کی توسیع

توسیع کے معاہدے بارے بات چیت پاک بھارت کے درمیان سفارتی چینلز کے ذریعے کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت نے کرتارپور کوریڈور چلانے کے معاہدے کی توسیع کر دی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق کرتارپور راہداری کے معاہدے کی مدت میں توسیع پانچ سال کیلئے کی گئی، کوریڈور چلانے کا معاہدہ 24 اکتوبر 2019 کو پانچ سال کیلئے کیا گیا تھا، توسیع کے معاہدے کے حوالے سے بات چیت پاکستان اور بھارت کے درمیان سفارتی چینلز کے ذریعے کی گئی۔ دوسری جانب کرتارپور ترجمان نے بتایا کہ معاہدہ ہندوستان سے آنے والے زائرین کو ویزہ فری رسائی کی پیشکش کرتا ہے، معاہدے سے زائرین گردوارہ دربار صاحب کرتارپور کے مقدس مقام کا دورہ کر سکیں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ کرتار پور راہداری سکھ برادری کی ان کے سب سے زیادہ قابل احترام مذہبی مقامات میں سے ایک تک رسائی کی دیرینہ خواہشات کو پورا کرتی ہے۔

جی سی سی ممالک کے لیے شاہ سلمان کا ویژن تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت

ریاض (این این آئی) خلیج کی عرب ریاستوں کے لیے تعاون کونسل کی وزارتی کونسل نے اپنا 161 واں اجلاس دارالحکومت ریاض میں جنرل سیکرٹریٹ کے ہیڈکوارٹر میں منعقد کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اجلاس میں وزارتی کونسل کو اس کے فریم ورک کے اندر کام کرنے والی کمیٹیوں کی طرف سے کی جانے والی کوششوں کے بارے میں بتایا گیا۔ خلیج تعاون کونسل نے سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اس پر عمل درآمد کو تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ خلیجی اقدامات کو مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ معاہدے کی سپریم کونسل نے دسمبر 2015 میں اپنے 36 ویں اجلاس میں اس ویژن کی منظوری دی تھی۔ وزارتی کونسل نے جی سی سی ممالک کے درمیان اقتصادی اور ترقیاتی انضمام کے عمل اور جنرل سیکرٹریٹ میں متعلقہ وزارتی کمیٹیوں کی سفارشات اور رپورٹس کا بھی جائزہ لیا۔

مٹی کھانے کی وجہ سے خلع لینے والی خاتون کو علاج کی پیش کش

عارضے کے علاج کے لیے دو خواتین صحافیوں نے علاج کی پیش کش کی ہے، رپورٹ

قاہرہ (این این آئی) مصر میں مٹی کھانے کی وجہ سے شوہر سے خلع لینے والی عورت کے بارے میں رپورٹ سامنے آنے کے بعد متاثرہ خاتون کو علاج کے لیے بھی مہم شروع ہو گئی ہے۔ مٹی کھانے والی عورت کے لقب سے مشہور ہونے والی مصری خاتون کے عارضے کے علاج کے لیے دو خواتین صحافیوں نے علاج کی پیش کش کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق براڈ کاسٹر مفیدہ شحیحہ اور سہیر جودہ نے انکشاف کیا کہ وہ ایک نایاب نوعیت کے عارضے پیکا سنڈروم کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ بیماری شاذ و نادر ہی صورتوں میں لاحق ہوتی ہے تاہم اس کا علاج نفسیاتی طریقے سے کیا جاتا ہے۔ اس بیماری کے شکار مریض کو مٹی کھانے کی عادت پڑ جاتی۔ دونوں خواتین صحافیوں کا کہنا ہے کہ وہ مٹی کھانے والی عورت کو مشہور نفسیاتی ماہر نبیل القط کے پاس لے جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میاں بیوی کے درمیان اختلافات صرف مٹی کی وجہ سے ہوئے ہیں۔ ان کا ایک چھوٹا بچہ بھی ہے جس کی دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔ اس کیس میں شوہر کی وکیل نہی الجندی نے العربیہ ڈاٹ نیٹ سے خصوصی گفتگو میں کہا کہ ان کے مکل اہلیہ ان سے خلع لے چکی ہیں مگر شوہر کی طرف سے علاج کے بعد دوبارہ نکاح کی تجویز کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں علیحدگی نہیں چاہتے تھے

کسی بھی معاشرے میں پائیدار ترقی سب سے اہم ہے، رومینہ خورشید عالم

معاشی ترقی، غذائی تحفظ و سماجی ہم آہنگی میں دیہی خواتین اہم کردار ادا کر رہی ہیں، معاون خصوصی برائے موسمیاتی تبدیلی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں پائیدار ترقی سب سے اہم ہے، زراعت اور کمیونٹی کی ترقی میں دیہی خواتین کے اہم کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، دیہی خواتین نہ صرف زرعی پیداوار میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں بلکہ وہ معاشی ترقی، غذائی تحفظ اور سماجی ہم آہنگی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں سول سوسائٹی کی تنظیموں کے زیر اہتمام لوک ورثہ اوپن ایئر آڈیٹوریم میں منگل کو 17 ویں سالانہ دیہی خواتین کی قیادت کی تربیتی کانفرنس میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رومینہ خورشید عالم نے کہا کہ دیہی خواتین کے روایتی علم اور اختراعی طریقے پیداواری صلاحیت کو بڑھاتے ہیں

نصیر آباد، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان چھوڑنے والے افغان باشندوں کی تعداد 7 لاکھ سے متجاوز، سلسلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان چھوڑنے والے افغان باشندوں کی تعداد 7 لاکھ سے تجاوز کر گئی۔ پاکستان میں غیر قانونی طور پر رہنے والے افغان باشندوں کی اپنے وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے اور 9 ستمبر تک پاکستان سے جانے والے افغان باشندوں کی کل تعداد 7 لاکھ 13 ہزار 46 ہو گئی ہے۔

مشرق وسطی ایک بڑی علاقائی جنگ کے دہانے پر کھڑا ہے، روسی وزیر خارجہ

مشرق وسطی ایک بار پھر ایک بڑی علاقائی جنگ کے دہانے پر کھڑا ہے، سرگئی لاوروف

ماسکو (این این آئی) روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے خبردار کیا ہے کہ مشرق وسطی ایک بڑی علاقائی جنگ کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ ان کا ملک اس جنگ کو پھیلنے سے روکنے کے لیے تمام فریقوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روس۔ خلیج تعاون کونسل کے اسٹریٹجک ڈائیلاگ سیشن کے دوران خطاب کرتے ہوئے لاوروف نے کہا کہ غزہ کی پٹی میں لڑائی کو روکنے میں بین الاقوامی برادری کی ناکامی اور اس کے باشندوں کی بڑے پیمانے پر ہلاکتوں نے فوجی اور سیاسی صورتحال میں تیزی سے بگاڑ پیدا کیا جس

شادی کا جھانسہ دے کر یو کے بھجوانے کے نام پر لوٹنے والی اشتہاری ملزمہ سمیت 3 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث 2 اشتہاریوں سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق خاتون ملزمہ سمیت تینوں ملزمان کو لاہور کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا

نیدر لینڈز کی عدالت نے وائلڈرز کا قتل کا فتویٰ جاری کرنے پر سزائیں سنا دیں

حافظ سعد رضوی کو 4 سال اور تحریک لبیک یا رسول اللہ کے قائد مولانا اشرف جلالی کو 14 سال کی سزا سنائی گئی

اسلام آباد (این این آئی) نیدر لینڈز کی عدالت نے اسلام مخالف ڈچ سیاستدان گیرٹ وائلڈرز کے قتل کا فتویٰ جاری کرنے پر حافظ سعد رضوی اور مولانا اشرف جلالی کو سزا سنا دی۔ اطلاعات کے مطابق عدالت کے فیصلے کے مطابق تحریک لبیک پاکستان کے سربراہ حافظ سعد رضوی کو 4 سال اور تحریک لبیک یا رسول اللہ کے قائد مولانا اشرف جلالی کو 14 سال کی سزا سنائی گئی ہے۔ عدالت گستاخانہ خاکوں کے مقابلے کا اعلان کرنے والے اسلام مخالف ڈچ سیاستدان گیرٹ وائلڈرز کے قتل کے اکسانے پر پاکستان کے سابق کرکٹر خالد لطیف کو بھی 12 سال کی سزا سنا چکی ہے۔

وزیر اعلیٰ سندھ کی سینٹرل جیل کراچی آمد

سینٹرل جیل کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے منصوبے کا افتتاح کیا

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ، کو سینٹرل جیل کراچی کا دورہ کیا۔ صوبائی وزرا، شرجیل میمن، ناصر حسین شاہ، سعید غنی، علی حسن زرداری اور وقار مہدی بھی وزیر اعلیٰ سندھ کے ساتھ ہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سینٹرل جیل کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کراچی سینٹرل جیل عمارت کی توانائی کی طلب 549.5 کلوواٹ ہے، سندھ سولر انرجی پروجیکٹ کے تحت 614.8 کلوواٹ شمسی توانائی فراہم کر دی ہے۔

سوئی گیس کے بلوں میں غیر قانونی اضافے سے روکنے کا عبوری حکم برقرار

صرف کراچی سے 11 ارب روپے سے زائد وصول کیئے جا رہے ہیں، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے سوئی گیس کے بلوں میں اضافہ اور میٹر چارجز وصولی کیخلاف درخواست پر ایس ایس جی سی کو صارفین کیخلاف غیر قانونی اقدام سے روکنے کا عبوری حکم برقرار رکھا۔ چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ جسٹس محمد شفیع صدیقی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ کے روبرو سوئی گیس کے بلوں میں اضافہ اور میٹر چارجز وصولی کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ طارق منصور ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی نے گیس کے بلز میں ردوبدل کر دیا ہے۔ گیس کمپنی نے مختلف سلیب بنا کر شہریوں کو تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے۔ شہریوں کو پروٹیکٹڈ اور نان پروٹیکٹڈ کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے دلائل دیے کہ ایس ایس جی سی نے غیر قانونی طور پر 460 روپے میٹر رینٹ فکسڈ کر دیا

تربت، چیئرمین میونسپل کارپوریشن بلخ شیر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سید ظفر علی آغا چیئرمین مجلس قائمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ بولان BOLAN HUB حب

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

عورت اور خواب

مارچ کا مہینہ دنیا بھر میں خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے منایا جاتا ہے اور میں ہمیشہ اس موقع پر عورتوں کی جدوجہد قربانیوں اور کامیابیوں کو یاد کرتی ہوں۔ ہر سال یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ عورتوں نے اپنے حقوق کے لیے کتنی محنت کی ہے اور کتنی رکاوٹوں کو عبور کیا ہے، مگر اس بار میرے لیے یہ مہینہ کچھ خاص ہے۔

میں یہ سب اس خوشی میں لکھ رہی ہوں کہ سنیتا ولیمز خلا میں نو مہینے پھنسے رہنے کے بعد بحفاظت زمین پر واپس آچکی ہیں۔ ان کا آٹھ دن کا مشن تکنیکی خرابی کی وجہ سے طویل ہوگیا تھا مگر انھوں نے نہ صرف خود کو سنبھالا بلکہ دنیا کو ایک بار پھر یہ پیغام دیا کہ عورتیں کسی بھی بحران میں حوصلہ اور ہمت سے مقابلہ کرسکتی ہیں۔

سنیتا ولیمز کی کہانی صرف ایک خلانورد کی بہادری کی داستان نہیں بلکہ یہ ایک پیغام بھی ہے، ایک ایسی دنیا کے لیے جو آج بھی عورت کو کمزور اور محدود سمجھتی ہے۔ یہ کہانی اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر عورتوں کو موقع اور وسائل دیے جائیں تو وہ زمین ہی نہیں خلا تک بھی جاسکتی ہیں اور زندہ سلامت واپس آکر تاریخ رقم کرسکتی ہیں۔

سنیتا کا پس منظر بھی اتنا ہی دلچسپ ہے جتنا ان کا خلائی سفر۔ ان کے والد انڈیا کے ایک چھوٹے سے گاں سے ہجرت کرکے امریکا گئے تھے اور والدہ سلووینیا سے تھیں۔ یہ اس بات کا مظہر ہے کہ کوئی بھی فرد چاہے کسی بھی خطے سے ہو اگر اسے مواقع میسر آئیں تو وہ دنیا کے سب سے اونچے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔ سنیتا نے نیوی میں خدمات انجام دیں اور پھر ناسا کے ذریعے خلا میں دو بار سفر کیا۔ ان کے سفر سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ عورتیں کمزور نہیں ہوتیں، اگر انھیں سازگار حالات دیے جائیں تو وہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتی ہیں۔

یہی حقیقت ہمیں پاکستان کی تاریخ میں بھی نظر آتی ہے۔ جب بینظیر بھٹو نے پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعظم بن کر دنیا بھر کو حیران کر دیا تھا تو یہ صرف ان کی اپنی کامیابی نہیں تھی، یہ ہر اس عورت کے خواب کی جیت تھی جسے یہ کہا جاتا تھا کہ سیاست مردوں کا میدان ہے۔ بینظیر نے دنیا کو دکھایا کہ عورتیں صرف گھر کی دہلیز تک محدود نہیں بلکہ ملک کی قیادت بھی کرسکتی ہیں۔

اسی طرح ملالہ یوسفزئی کی کہانی بھی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر عورتوں کو تعلیم اور آزادی دی جائے تو وہ نہ صرف خود کو سنوار سکتی ہیں بلکہ پوری دنیا میں انقلاب لاسکتی ہیں۔ ملالہ پر حملہ کرنے والے یہ سمجھے تھے کہ ایک 15 سال کی بچی کو خاموش کراسکتے ہیں مگر وہ خاموش نہ ہوئی۔ اس نے دنیا کے سب سے بڑے ایوانوں میں کھڑے ہو کر لڑکیوں کی تعلیم کا مقدمہ لڑا اور نوبل انعام جیت کر ثابت کردیا کہ عورتوں کو دبایا نہیں جا سکتا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ پاکستان میں آج بھی لڑکوں اور لڑکیوں کی پرورش میں واضح فرق رکھا جاتا ہے۔ لڑکوں کو آزادی دی جاتی ہے ان کے خوابوں کو حقیقت بنانے کے لیے والدین خود قربانی دیتے ہیں مگر لڑکیوں کو یہ سکھایا جاتا ہے کہ ان کا سب سے بڑا مقصد اچھی بیوی اور اچھی ماں بننا ہے۔ لڑکی اگر پڑھائی میں اچھی ہو بھی تو یہ کہا جاتا ہے کہ آخر کو شادی ہی کرنی ہے، پڑھائی کا کیا فائدہ؟

یہ فرق ہمیں سماجی رویوں، تعلیم، ملازمت اور تنخواہوں میں بھی نظر آتا ہے۔ حال ہی میں ایک رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ پاکستان میں مردوں اور عورتوں کی تنخواہوں میں 25 سے 30 فیصد تک کا فرق پایا جاتا ہے یعنی اگر ایک مرد 1000 روپے کماتا ہے تو اسی کام کے بدلے عورت کو صرف 700 سے 750 روپے دیے جاتے ہیں۔ غیر رسمی شعبوں میں یہ فرق اور بھی بڑھ جاتا ہے جہاں عورتوں کو 40 فیصد تک کم اجرت دی جاتی ہے۔ یہ فرق اس بات کی علامت ہے کہ ہماری سماجی سوچ آج بھی عورت کو مرد سے کمتر سمجھتی ہے۔ اسی عدم مساوات کی جھلک ہمیں وراثت میں بھی نظر آتی ہے جہاں بیٹیوں کو جائیداد سے محروم رکھا جاتا ہے یہ سوچ کر کہ بیٹی پرایا دھن ہے اور جائیداد کا حقدار صرف بیٹا ہے۔

سنیتا ولیمز، بینظیر بھٹو اور ملالہ یوسفزئی جیسی خواتین روشنی کی کرن ہیں جو دنیا کو بتاتی ہیں کہ عورتیں کسی سے کم نہیں۔ سنیتا کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ عورت اگر خلا میں جاسکتی ہے تو وہ زمین پر اپنی جگہ کیوں نہیں بنا سکتی؟ بینظیر بھٹو نے وزیر اعظم بن کر اور ملالہ یوسفزئی نے نوبل انعام جیت کر دنیا کو دکھا دیا کہ پاکستانی خواتین بھی کسی سے پیچھے نہیں۔ مگر ہمیں یہ بھی یاد رکھنا ہوگا کہ صرف چند نمایاں کامیابیاں کافی نہیں ہیں۔ ہمیں اس سوچ کو جڑ سے ختم کرنا ہوگا جو عورت کو کمزور اور کمتر سمجھتی ہے۔ ہر عورت کو اپنی زندگی کے فیصلے خود کرنے کا حق ہونا چاہیے، چاہے وہ گھر میں ہو یا باہر تعلیم میں ہو یا نوکری میں۔

آئیں! مارچ کے مہینے میں یوم خواتین کی مناسبت سے یہ عہد کریں کہ ہم اپنی بیٹیوں کو روایتی زنجیروں میں قید کرنے کے بجائے انھیں آزاد پرواز کرنے دیں گے کیونکہ خواب صرف دیکھنے کے لیے نہیں ہوتے، انھیں حقیقت کا روپ دینا ہوتا ہے اور ہماری بیٹیاں یہ حقیقت بنانے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں۔ اپنی بیٹیوں بہنوں کو وہ اعتماد دیں کہ وہ نہ صرف خواب دیکھ سکیں بلکہ اس کی تعبیر بھی پاسکیں

سندھی زبان

سندھی زبان ایک انڈو آرین زبان ہے جو پاکستان کے عظیم صوبے سندھ کے 3 کروڑ باسیوں کی ماں بولی ہے۔ صوبہ سندھ میں اس زبان کو سرکاری زبان کی حیثیت حاصل ہے۔ صوبہ سندھ کے علاوہ یہ زبان بھارت میں ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد کی زبان ہے لیکن وہاں یہ ایک شیڈول زبان ہے۔ سندھی زبان پاکستان میں عربی و فارسی رسم الخط میں تحریر کی جاتی ہے جب کہ بھارت میں اسے زیادہ تر دیوناگری رسم الخط میں لکھا جاتا ہے۔

تاریخ میں اس زبان کا پہلا تذکرہ عیتا شرا میں ملتا ہے جو 2 سو سال قبل مسیح سے 2 سو عیسوی کے درمیان ترتیب دیا گیا۔ سندھی زبان کا سب سے پرانا مکمل مخطوطہ قرآنِ پاک کا سندھی ترجمہ ہے، جو 883 عیسوی میں کیا گیا۔ سندھی زبان برصغیر کی وہ پہلی زبان ہے جس کا فارسی اور عربی زبان سے اس وقت رابطہ ہوا جب مغرب کی سمت سے فارس و عرب کے لوگ سندھ میں داخل ہوئے۔ اس بات کے بھی کافی ثبوت ملتے ہیں کہ سندھ کے لوگ اس وقت کی اسلامی حکومت کے دارالحکومت بغداد میں پہنچ کر خاص و عام کو سندھی صوفی اشعار سناتے تھے۔ سندھی زبان موہنجو دڑو زمانے سے ہی سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ کی طرف لکھی جاتی رہی ہے۔

زمانہ وسطی میں سندھی زبان نے خوب ترقی کی۔ اس دور میں شاہ عبداللطیف بھٹائی جیسے بڑے اور عظیم شاعر پیدا ہوئے۔ برطانوی دور میں اس زبان کی ترقی جاری رہی۔ 1947 میں آزادی کے بعد سندھی زبان خوب پھلی پھولی اور اس کے فروغ کے لیے کئی ادارے وجود میں آئے۔ اسمعیلی فرقے کے گیارھویں صدی عیسوی کے مذہبی لٹریچر کی زبان تقریباً سندھی ہی ہے۔

پیر نورالدین اسمعیلی نے اسی زبان میں لکھا۔ سندھی زبان کے معلوم ادب میں جن شعرائے کرام کا سب سے پہلے کام نمایاں ملتا ہے ان میں قاضی قدن (1493-1551) شاہ عنایت رضوی (1613-1701)، شاہ عبدالکریم (1538-1623) شامل ہیں۔ یہ سب صوفی شاعر تھے اور انھوں نے اپنے زمانے کے ادب پر گہرا اثر ڈالا۔ اس کے علاوہ کچھ قصے بھی بہت اہم رہے اور ان قصوں نے سندھی زبان و ادب کے فروغ میں بہت بڑا حصہ ڈالا جیسے سسی پنوں، سوہنی ماہینوال، نومل رانو، نوری جام طماچی اور لیلاں۔

1843 میں برطانوی راج نے جب سندھ کو فتح کرلیا تو یہ علاقہ بمبئی پریزیڈنسی کا حصہ بنالیا گیا۔ اس کے تقریباً 5 سال بعد 1848 میں سندھ کے اس وقت گورنر جاج کلارک نے سندھی کو صوبے کی سرکاری زبان قرار دیا اس

تحریر: عبدالحمید

طرح صوبے سے فارسی کی تہذیبی اور ادبی برتری کا خاتمہ شروع ہوا۔ سر بارٹل فریئر نے جو سندھ کے کمشنر تھے 21 اگست 1857 کو ایک حکمنامے کے ذریعے سندھ میں تمام سرکاری اہلکاروں کو سندھی زبان میں پروفیشنسی ٹیسٹ پاس کرنے کی تلقین کی۔ اس نے سرکاری کاغذات سندھی میں تیار کرنے کو ترجیح دی 1868 میں بمبئی پریزیڈنسی نے نارائن جگن ناتھ کو مامور کیا کہ وہ سندھی ابجد کو خداآبادی رسم الخط سے بدل دے۔

اس کوشش سے سندھ کے مسلمانوں کی اکثریت کے اندر کافی ہیجان بپا ہوا جس کو دبانے کے لیے 12 مرتبہ مارشل لا لگانا پڑا لیکن آخر کار سندھی زبان کے رسم الخط میں ریفامز لانے کی بنا پر معاملہ طے ہوا۔ یہیں سے ماڈرن سندھی زبان و ادب کا دور شروع ہوا 1867 میں محمدی پریس بمبئی نے سندھی زبان میں لکھی گئی مخطوطات کو پہلی دفعہ پریس میں چھاپا۔ ان شائع شدہ مخطوطات میں محمد ہاشم ٹھٹوی کی تحریر کردہ اسلامی کہانیاں بھی شامل ہیں۔ فی الحال ماڈرن سندھی ادب کو کسی دوسرے کالم کے لیے اٹھا رکھتے ہیں۔

تقسیم برِصغیر کے بعد سندھی ادب دو دھاروں میں بٹ گیا۔ پاکستان میں سندھی ادب اردو ادب سے تحریک لیتے ہوئے اور اردو ادب سندھی ادب سے مستعار لیتے ہوئے آگے بڑھنے لگا جب کہ بھارت میں بھی سندھی ادب کا فروغ جاری رہا لیکن اس پر ہندی ادب کی چھاپ گہری ہوتی رہی۔ پاکستان میں 2017 تک 30.26 ملین افراد جو پاکستان کی کل آبادی کا 14.6 فی صد ہیں، کی زبان سندھی ہے اور یہ ان کی فرسٹ لینگویج ہے۔ اس میں سے 29.5 فی صد آبادی صوبہ سندھ میں اور 0.66 ملین بلوچستان کے کچھی، لسبیلہ، حب، صوحبت پور، جعفرآباد، جھل مگسی، استا محمد اور نصیرآباد میں رہتے ہیں۔

بھارت میں سندھی بولنے والے سب سے زیادہ گجرات اور مہاراشٹرا میں رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ راجستھان، مدھیا پردیش، چھتیس گڑھ، آندھرا پردیش حتیٰ کہ دہلی میں بھی کوئی تیس ہزار افراد کی زبان سندھی ہے۔ قیام پاکستان کے بعد سندھی زبان کو کافی فروغ حاصل ہوا۔ سندھ اسمبلی نے ایک قرارداد میں کہا کہ سندھ کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ اسکولوں میں سندھی کو ایک لازمی سبجیکٹ کے طور پر پڑھایا جائے۔ اسی طرح وزیرِ تعلیم سندھ سید مراد علی شاہ نے اپنے دورِ وزارت میں یہ بھی حکم دیا کہ تمام اسکولوں میں سندھی پڑھانے والے اساتذہ بھرتی کیے جائیں۔

اس طرح ان تمام اسکولوں میں جہاں میٹرک کروایا جاتا ہے، سندھی زبان لازمی ہے لیکن کیمبرج اسکول آف سسٹم میں تعلیم دینے والے اسکولز اس سے مستثنی ہیں۔ بھارت کے اسکولوں میں سندھی ایک شیڈول زبان کا درجہ رکھنے کی وجہ سے ایک آپشنل زبان کے طور پر لی جاسکتی ہے۔ سندھی معاشرے میں سیدوں اور پیروں کا بہت اثر و رسوخ رہا ہے۔ شاعری میں بھی یہی لوگ ممتاز رہے ہیں۔ پیر شمس سبزواری، پیر شہاب الدین اور پیر صدر الدین کو سندھی زبان کا اہم شاعر گردانا جاتا ہے۔

پیر صدرالدین اپنے وقت کے بڑے شاعر اور ولی تھے۔ انھوں نے گجراتی، پنجابی اور سرائیکی میں بھی لکھا۔ ان کے زیادہ تر اشعار لاری اور کچھی لہجے میں ہیں۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی بلاشبہ سندھی زبان کے سرخیل شاعر ہیں۔ آپ ہالہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق ہرات سے سندھ آنے والے کاظمی سیدوں سے ہے۔ آپ کوٹری مغل میں پلے بڑھے۔ 20 سال کی عمر میں گھر کو چھوڑ کر سندھ کے طول و عرض میں صوفیوں اور جوگیوں سے ملنے نکل کھڑے ہوئے۔ تین سال کی سیاحت کے بعد لوٹے تو شادی ہوگئی لیکن آپ کی اہلیہ جلد ہی فوت ہوگئیں۔ شاہ صاحب نے پھر کبھی شادی نہیں کی۔ ان کے تقوی اور روحانیت کے سبب لوگ ان کی طرف کھنچے چلے آئے۔ ان کی نظموں اور اشعار کو ان کے عقیدت مندوں نے شاہ جو رسالو میں جمع کیا۔ شاہ صاحب کی شاعری زیادہ تر مذہبی اور صوفیانہ ہے۔ وہ مقامی فوک لور اور الٰہی محبت کو یکجا کرنے کے فن سے آشنا تھے۔

ان کی شاعری نغمگی سے بھرپور ہے اور گا کر پڑھنے کے لیے بہت موزوں ہے۔ شاہ صاحب کی شہرت پاکستان اور پاکستان سے باہر چار دانگ عالم پھیل چکی ہے۔ بھٹ شاہ میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے، جہاں ہر رات آپ کی ابیات ذوق و شوق سے گائی جاتی ہیں۔ یوں تو شعر موزوں کرنا بہت بڑا فن ہے اور ہر شاعر ہی لائق تحسین ہے لیکن جناب سچل سرمست سندھی زبان کے ایک اور ممتاز شاعر ہیں وہ تالپور عہد کے بڑے شاعر ہیں، ان کو شاعر ہفت زبان بھی کہا جاتا ہے۔ سچل جو رسالو میں ان کا کلام جمع کیا گیا ہے۔

کیا یہ ثبوت کافی نہیں؟

ہماری بدقسمتی ہے کہ کائناتوں کے خالق کی کتاب جسے اس نے خود ہدایت، رحمت اور حکمت قرار دیا ہے، ہمارے پاس الماریوں میں پڑی رہتی ہے مگر ہم اس سے مستفیض نہیں ہوتے اور کھول کر نہیں دیکھتے۔ رمضان برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے، اس کی برکتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہم کتاب حق کا مطالعہ شروع کردیتے ہیں۔

اگر قرآنِ کریم کو بامحاورہ ترجمے اور کسی بڑے اسکالر کی تشریح کے ساتھ پڑھا جائے تو پھر بے حد لطف آتا ہے، اپنے خالق کے ساتھ ایک تعلق قائم ہوجاتا ہے اور ہر صفحے پر اس کی رحمتیں اور اس کی حکمتیں نظر آنے لگتی ہیں۔ کتاب اللہ کی سورہ الملک پڑھنی شروع کی تو خالقِ کائنات کی طاقت اور حکمت کا نئے سرے نہایت بزرگ و برتر ہے، وہ جس کے ہاتھ میں کائنات کی سلطنت ہے۔

(یعنی تمام اختیارات کا مالک اور شہنشاہ کائنات وہی ہے(اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے جس نے موت اور زندگی کو ایجاد کیا تاکہ تمھیں آزما کر دیکھے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے۔ اور وہ زبردست بھی ہے اور درگزر فرمانے والا بھی۔ جس نے تہ بہ تہ سات آسمان بنائے۔ تم رحمان کی تخلیق میں سے کسی قسم کی بے ربطی نہ پاؤ گے۔ پھر پلٹ کر دیکھو تمھیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑا، تمہاری نگاہ تھک کر نامراد پلٹ آئے گی

تاریخ انسانی میں خدا ہونے کا دعویٰ نمرود یا ایک آدھ اور بادشاہ نے کیا ضرور ہے مگر صرف حکمران ہونے کی حد تک۔ خالقِ کائنات ہونے کا دعویٰ کرنے کی ہمت کسی نے نہیں کی۔ اور پھر اپنی تخلیق کے بارے میں اتنا یقین سے دعویٰ کرنا کہ کوشش کرکے دیکھ لو، پوری کائنات میں تمہیں کوئی نقص اور کوئی infimity نظر نہیں آئے گی، ایسا دعویٰ کائنات کے اصلی اور حقیقی خالق کے سوا کوئی اور کرہی نہیں سکتا۔ یہ دعویٰ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کئی بار دھرایا ہے مگر دنیا کا کوئی سائنسدان، ریاضی دان یا ماہرِ طبیعات آج تک اس دعوے کو نہیں جھٹلا سکا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ اس کائنات میں حیرت انگیز قسم کا توازن اور تناسب ہے جو ہر باشعور شخص کو نظر آتا ہے۔

اس کی عظیم الشان کائنات میں کہیں معمولی سا بھی جھول، بدنظمی، بے ترتیبی یا بے ربطی نظر نہیں آتی۔ مفسرین کی یہ بات درست ہے کہ دنیا بھر کے سائنسدان، طاقتور ترین دوربینوں سے بھی دیکھ دیکھ بیٹھے مگر کہیں کوئی معمولی سی بھی بے ترتیبی نہ ڈھونڈ سکے۔ کیا کائنات کی تخلیق اور خالق کے بارے میں صاحبانِ عقل و دانش کے لیے یہی ثبوت کافی نہیں ہے کہ اتنی عظیم الشان کائنات کے تمام اجزا باہم مربوط ہیں اور ان میں کمال درجے کا تناسب پایا جاتا ہے۔

چند روز پہلے سورہ المرسلت پڑھنے کا موقع ملا، اس کے آغاز میں ہی اللہ تعالیٰ نے مختلف قسم کی ہواں کی قسم کھائی ہے۔ ہم نے کبھی ہواں کی اہمیت کو محسوس نہیں کیا حالانکہ ہوا انسانی زندگی کی بقا اور نشو و نما کے لیے سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ ہوا کو ہم اس طرح taken for granted لیتے ہیں کہ اس کی اہمیت اور افادیت کا احساس ہی جاتا رہا ہے۔ یقیناً ہوا کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے ہوا کی قسم، ہواں کا خالق ہی اٹھا سکتا ہے۔

صاحبِ تفہیم القرآن لکھتے ہیں کہ زمین پر جن اسباب سے حیوانی اور نباتی زندگی ممکن ہوئی ہے ان میں سے ایک نہایت اہم سبب ہوا ہے۔ ہوا کا ہر قسم کی زندگی کے ساتھ جو تعلق ہے وہ اس بات کی شہادت دے رہا ہے کہ کوئی قادرِ مطلق اور عظیم اور حکیم خالق ہے، جس نے اس کرہ خاکی پر زندگی کو وجود میں لانے کا ارادہ کیا تو پھر ایک ایسی چیز پیدا کی جس کی صفات زندہ مخلوقات کے وجود کی ضروریات کے ساتھ ٹھیک ٹھیک مطابقت رکھتی ہیں۔ اس نے اپنی قدرت اور حکمت سے اس ہوا میں بیشمار مختلف کیفیات پیدا کردی ہیں جن کی بدولت لاکھوں کروڑوں سالوں سے موسم پیدا ہوتے ہیں۔ کبھی گرمی آتی ہے اور کبھی سردی۔ کبھی بادل آتے ہیں۔

کبھی نہایت نفع بخش بارش ہوتی ہے اور کبھی تباہ کن طوفان آجاتے ہیں۔ غرض ایک ہوا نہیں، طرح طرح کی ہوائیں ہیں جو اپنے اپنے وقت پر چلتی ہیں اور ہر ہوا کسی نہ کسی مقصد کو پورا کرتی ہے۔

یہ انتظام کمال درجے کی حکمت اور دانائی کا ثبوت ہے۔ اس حیرت انگیز انتظام کے مقابلے میں انسان اتنا بے بس ہے کہ وہ اپنے لیے نہ ہی اپنے مطلب کی ہوا طلب کرسکتا ہے اور نہ ہی اپنے اوپر ہلاکت خیز ہوا کا طوفان آنے سے روک سکتا ہے۔ یہ ہوائیں انسان کو یاد دلاتی رہتی ہیں کہ اس کے اوپر کوئی زبردست اقتدار کارفرما ہے جو زندگی کے اس سب سے بڑے ذریعے کو جب چاہے اس کے لیے رحمت اور جب چاہے ہلاکت کا سبب بنا سکتا ہے، اور انسان اس کے کسی فیصلے کو روکنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

اسی سورہ میں روزِ قیامت کا نقشہ اس طرح کھینچا گیا ہے "پھر جب ستارے ماند پڑ جائیں گے، اور آسمان پھاڑ دیا جائے گا، اور پہاڑ دھنک ڈالے جائیں گے"۔ پھر کہا کیا ہم نے ایک حقیر پانی سے تمہیں پیدا نہیں کیا اور ایک مقررہ مدت تک اسے ایک محفوظ جگہ ٹھہرائے رکھا؟ تو دیکھو ہم اس پر قادر تھے، پس ہم بہت اچھی قدرت رکھنے والے ہیں۔ تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے۔ کیا ہم نے زمین کو سمیٹ کر رکھنے والی نہیں بنایا، زندوں کے لیے بھی اور مردوں کے لیے بھی اور اس میں بلند و بالا پہاڑ جمائے، اور تمہیں میٹھا پانی پلایا؟ تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں

یہی زمین ہے جس پر ان تمام اقسام کی مخلوقات کے بے شمار افراد روز مرتے ہیں، مگر ایسا بے نظیر انتظام کردیا گیا ہے کہ سب کے لاشے اِسی زمین میں ٹھکانے لگ جاتے ہیں اور یہ پھر ہر مخلوق کے نئے افراد کے جینے اور بسنے کے لیے تیار ہوجاتی ہے۔

اِس زمین کو اسپاٹ گیند کی طرح بھی بنا کر نہیں رکھ دیا گیا ہے بلکہ اس میں جگہ جگہ پہاڑی سلسلے اور فلک بوس پہاڑ قائم کیے گئے ہیں جس کا موسموں کے تغیرات میں، بارشوں کے برسنے میں، دریاں کی پیدائش میں، زرخیز وادیوں کے وجود میں، بڑے بڑے شہتیر فراہم کرنے والے درختوں کے اگنے میں، قسم قسم کی معدنیات اور طرح طرح کے پتھروں کی فراہمی میں بہت بڑا دخل ہے۔

پھر اس زمین کے پیٹ میں بھی میٹھا پانی پیدا کردیا گیا ہے، اِس کی پیٹھ پر بھی میٹھے پانی کی نہریں بہادی گئی ہیں، اور سمندر کے کھاری پانی سے صاف ستھرے بخارات اٹھا کر بھی نِتھرا ہوا پانی آسمان سے برسانے کا انتظام کیا گیا ہے، کیا یہ سب اِس بات کی دلیل نہیں ہے کہ ایک قادرِ مطلق نے یہ سب کچھ بنایا ہے، اور وہ محض قادر ہی نہیں ہے بلکہ علیم و حکیم بھی ہے؟ اب اگر اس کی قدرت اور حکمت ہی سے یہ زمین اِس سرو سامان کے ساتھ اور ان حکمتوں کے ساتھ بنی ہے تو ایک صاحبِ عقل آدمی کو یہ سمجھنے میں کیوں مشکل پیش آتی ہے کہ اسی کی قدرت اِس دنیا کی بساط لپیٹ کر پھر ایک دوسری دنیا نئے طرز پر بنا سکتی ہے اور اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس کے بعد ایک دوسری دنیا بنائے تاکہ انسان سے ان اعمال کا حساب لے جو اس نے اِس دنیا میں کیے ہیں؟

کچھ دوسرے دوستوں کی طرح میں بھی یہی سمجھتا تھا کہ صدیوں کے موسمی تغیرات اور آندھیوں کے سبب مٹی اکٹھی ہو ہو کر بالآخر پہاڑ کی صورت اختیار کرلیتی ہے

بجلی بلوں میں رعایت

پنجاب نے اگست اور ستمبر کے بجلی کے بلوں میں چودہ روپے فی یونٹ ریلیف کا اعلان کیا ہے۔ اس اعلان کے بعد ایک صوبائی تنازعہ سامنے آیا ہے۔ دوسرے صوبوں کی جانب سے پنجاب کی طرف سے اپنے صوبوں کو دیا جانے والا یہ ریلیف کچھ زیادہ پسند نہیں آیا۔ اس لیے ہمیں دیگر صوبائی حکومتوں کی جانب سے اس پر تنقید نظر آرہی ہے۔

میری اطلاعات کے مطابق اس ریلیف کے اعلان سے قبل اسلام آباد میں ایک میٹنگ ہوئی تھی جس میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار شریک ہوئے تھے۔

اس میٹنگ میں چاروں صوبائی حکومتوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ اس میٹنگ میں باقی تینوں صوبائی حکومتوں سندھ، بلوچستان اور کے پی کو پنجاب حکومت کی جانب سے بتایا گیا کہ وہ اپنے صوبے کے عوام کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دینا چاہتی ہے۔ سندھ نے کہا کہ ہمارے پاس پیسے نہیں۔ اسی طرح کے پی اور بلوچستان نے بھی معذرت کرلی۔

یہ صورتحال واضح کرتی ہے کہ اس وقت مہنگی بجلی کا مسئلہ سندھ اور پنجاب کا ہے۔ سندھ اور پنجاب میں سے بھی پنجاب کی آبادی زیادہ ہے۔ یہاں زیادہ لوگ بل دیتے ہیں۔ اس لیے مہنگی بجلی اور زیادہ بل زیادہ بڑا مسئلہ بھی پنجاب میں ہے۔ کے پی میں لوڈ شیڈنگ مسئلہ ہے کیونکہ وہاں کوئی بل ہی نہیں دیتا۔ اس لیے حکومت بجلی بند رکھتی ہے۔ بلوچستان کا بھی یہی مسئلہ ہے۔ ورنہ پاکستان کے پاس اس وقت بجلی طلب سے زیادہ ہے۔ لیکن جہاں لوگ بل ہی نہیں دیتے وہاں بجلی دینا بھاری مالی نقصان ہے۔ اس لیے وہاں زیادہ وقت بجلی بند رکھی جاتی ہے۔ پنجاب میں لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ اس طرح نہیں ہے جیسے کے پی بلوچستان میں ہے۔

کیونکہ یہاں لوگوں کی اکثریت باقاعدگی سے بل دیتی ہے۔ اگر بجلی چوری بھی ہو رہی ہے تو اس کے خلاف کریک ڈان جاری رہتا ہے۔ یہ جرم ہے، لوگ پکڑے بھی جاتے ہیں۔ ڈیٹیکشن بل بھی ڈالے جاتے ہیں۔ جب کہ کے پی اور بلوچستان میں بجلی چوری سینہ زوری کے ساتھ کی جاتی ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کے وزرا ایم پی ایز اور ایم این ایز ہجوم کے ہمراہ آکر خود بجلی گرڈ آن کرا دیتے ہیں ایسے میں کسی کی جرات نہیں کسی کو پکڑ سکے۔ وہاں بل نہ دینا کوئی جرم نہیں، بل مانگنا جرم ہے۔ اس

تحریر: مزمل سہروردی

لیے جب یہ سوال ہوتا ہے کہ باقی صوبے کیوں ریلیف نہیں دے رہے تو ہمیں باقی صوبوں کی صورتحال سمجھنا پڑے گی۔

اگر یہ کہا جائے کہ بجلی مہنگی اس لیے ہے کہ دونوں صوبوں میں بل ادائیگی نہ ہونے کے برابر ہے۔ اگر آج پورا پاکستان بجلی کا بل ایمانداری سے دینا شروع کردے تو بجلی کئی گنا سستی ہوجائے گی۔ لیکن جہاں بل نہیں دیے جا رہے وہاں بجلی کی قیمت مسئلہ نہیں۔ وہاں بجلی کا نہ ہونا مسئلہ ہے۔ وہاں کے لوگ بجلی مہنگی ہونے پر احتجاج نہیں کرتے وہ اس لیے احتجاج کرتے ہیں کہ بجلی مل نہیں رہی۔ افسوس کی بات یہ بھی ہے کہ دونوں صوبائی حکومتیں نہ تو بجلی چوری روکنے کے لیے وفاق کی کوئی مدد کرنے کے لیے تیار ہیں اور نہ وہ خود ہی اس حوالے سے کوئی قدم اٹھانے کو تیار ہیں۔

پنجاب میں مہنگی بجلی ایک بڑا مسئلہ ہے، یہاں لوگوں کی 90 فیصد تعداد بل دیتی ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں پنجاب حکومت نے ٹھیک کیا ہے۔ اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتوں کے پاس بہت پیسے ہیں، انھیں یہ پیسے اپنے صوبے کے عوام کی فلاح پر خرچ کرنے ہیں۔ اس لیے پنجاب میں بجلی کے بلوں میں ریلیف سے بڑی فلاح اور خدمت نہیں ہوسکتی۔ جہاں تک سندھ کا تعلق ہے تو کراچی میں لوگ بل دیتے ہیں۔ اس لیے وہاں مہنگی بجلی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اسی لیے سندھ کی حکومت پر دبا نظر بھی آرہا ہے، اسی دبا کی وجہ سے وہ پنجاب کے اس ریلیف کی مخالفت بھی کر رہی ہے کیونکہ اگر پنجاب ریلیف جاری رکھتا ہے تو سندھ کے لیے ممکن نہیں کہ وہ نہ دے۔ اسی لیے وہ اس ریلیف کی مخالفت بھی کر رہے ہیں اور اس کو غلط بھی قرار دے رہے ہیں۔ باقی دو صوبوں کی لاتعلق بھی سمجھ آتی ہے۔

اگر پنجاب نے اس ریلیف کو مستقل عمل بنالیا تو سندھ کو بھی ریلیف دینا ہوگا۔ وہ صرف بیان بازی سے مخالفت کرکے معاملہ کو لٹکا نہیں سکیں گے۔ ایم کیو ایم ابھی سے سندھ حکومت پر دبا ڈال رہی ہے کہ وہ یہ ریلیف دے۔ میری رائے میں تو اندرون سندھ بھی لوگ ریلیف مانگیں گے۔ ابھی تو یہ کہا جارہا ہے کہ یہ صرف دو ماہ کے لیے ہے۔ لیکن دو ماہ کا بھی دبا نظر آرہا ہے اور اگر اس کی کوئی مستقل شکل بن جاتی ہے تو کھیل بدل جائے گا۔

میں تو اس حق میں ہوں کہ مرکز صوبوں کو بجلی دے دے تو یہ صوبوں کی مرضی ہونی چاہیے کہ وہ اپنے صوبے کے عوام کو کس ریٹ پر بجلی دینا چاہتے ہیں، مفت دینا چاہتے ہیں، مہنگی دینا چاہتے ہیں اور سستی دینا چاہتے ہیں۔ دنیا میں ایسا ہے۔ یہاں پہلے اس لیے تھا کہ ایک مضبوط وفاق تھا۔ لیکن اب مالی طور پر وفاق کمزور ہوگیا ہے اور صوبے مالی طور پر مستحکم ہوگئے ہیں۔ کے پی ہائیڈل بجلی کا حصہ لیتا ہے۔ بقایا جات کا مطالبہ بھی کرتا ہے۔ لیکن وہ کے پی میں بجلی چوری کا ذمے دار نہیں ہے۔ سارا قبائلی علاقہ ایک روپیہ بل نہیں دیتا۔ پنجاب نے دو ماہ کے لیے پچاس ارب روپے کا ریلیف دیا ہے۔ قبائلی علاقوں میں جو بجلی مفت استعمال ہوتی ہے یہ پیسے کون دے رہا ہے۔ وفاقی حکومت دے رہی ہے۔ لیکن اس کا کوئی ذکر نہیں۔ کے پی کی حکومت کو چاہیے یہ پیسے اپنے ہائیڈل کے نفع سے کٹوائے۔ یہی صوبائی خود مختاری اور اٹھارویں ترمیم کی اصل شکل ہے۔

اب ایک رائے یہ بھی ہے کہ دو ماہ بعد سردی آجاتی ہے۔ اس لیے بجلی کے بلوں کا دبا بھی صارفین پر کم ہوجائے گا۔ یقیناً گرمیوں میں بجلی کے بل زیادہ آتے ہیں۔ اب سب کی نظریں اگلی گرمیوں پر ہیں۔ اس سے پہلے بجلی کی قیمت کا حل ڈھونڈنا ہے۔ وفاق میں بھی اس پر کام ہو رہا ہے۔ لیکن اگر وفاق اگلے سال گرمیوں تک بجلی سستی کرنے میں کسی حد تک کامیاب ہو بھی جاتا ہے تب بھی پنجاب کو یہ ریلیف دینا چاہیے۔ پنجاب میں بجلی اضافی سستی کرنی چاہیے پھر دیکھتے ہیں سندھ کیا کرتا ہے۔ کیا پھر بھی صرف مخالفت میں بیان ہی دیے جائیں گے یا سستی کی جائے گی۔ یہ کارکردگی کا مقابلہ ہے۔

کیا ڈیڈ لاک ٹوٹ سکے گا؟

پاکستان کا طاقت ور حکمران طبقہ ہمیشہ سے کہتا چلا آرہا ہے کہ ملک کا سرکاری ڈھانچہ اور نظام بالکل ٹھیک ہے اور جو لوگ نظام پر تنقید کرتے ہیں تو انھیں حقائق کا علم نہیں ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اہل دانش یا رائے عامہ بنانے والے افراد یا ادارے اپنی مخصوص سوچ کی بنیاد پر معاشرے میں مایوسی پھیلاتے ہیں حالانکہ مایوسی کی کوئی بات نہیں ہے۔ جب کہ مجھ سمیت ایک بڑا طبقہ جو مختلف شعبہ جات میں سرگرم ہے یا حکومتی معاملات پر اپنی گہری نظر رکھتا ہے اس کے بقول ملک کا نظام حکومت بے ترتیب اور بے ہنگم ہوگیا ہے۔ جو ایک سنجیدہ سوال ہے جو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔

جدید ریاست کا نظام اپنے آئین و قانون کی حکمرانی، حکومتی اداروں کا آئینی و قانونی دائرہ کار میں رہ کر کام کرنے سے جڑا ہوتا ہے جب کہ ہماری جیسی ریاستیں جو نیم جمہوری ہیں وہاں آئین و قانون کی حکمرانی کا تصور کمزور ہوتا ہے۔ پاکستانی معاشرے میں معاشی تقسیم کا بیلنس امیر کے حق میں ہے جب کہ سیاست میں نفرت اور تعصب کی خلیج گہری ہورہی ہے۔ سول سوسائٹی و صحافت بھی اسی تقسیم کا شکار ہے۔ یوں پورے ملک میں ٹکراؤ اور انتشار کا ماحول ہے۔

کچھ لوگ سب اچھا کی کہانی پیش کرتے ہیں تو کچھ بربادی اور تباہی کا نوحہ پڑھتے ہیں۔ لیکن ریشنل ازم کہیں نظر نہیں آتا۔ سوسائٹی کا یہ حصہ خاموشی میں ہی عافیت سمجھتا ہے۔ یہ وہ تلخ حقایق ہیں جو ریاستی نظام کو کمزور کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔ کیونکہ جن کے ہاتھ میں فیصلوں کی طاقت ہے، اور جو اپوزیشن کے دعویدار ہیں، ان کی ترجیحات میں جمہوریت اور عوامی مفادات کی کوئی اہمیت ہی نہیں ہے۔ پاکستان کا مجموعی نظام افراد اور خاندانوں کی خواہشات اور مفادات کی بنیاد پر چلایا جارہا ہے جس سے عوام میں لاتعلقی کا احساس بڑھ رہا ہے۔

سوال یہ نہیں کہ ہم حکومت، سیاست، جمہوریت اور طاقت ور افراد پر تنقید کریں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ کیا ہمیں اس بات کا دیانت داری سے احساس ہے کہ ہماری اپنی ذمے داری کیا، کیا ہم نے خود احتسابی کی ہے۔ جو سوالات ہمارے حکومتی نظام پر اٹھائے جارہے ہیں وہ ہماری جمہوری ساکھ کو قبول کرتے ہیں، جواب نفی میں ہوگا۔ آئین و قانون کی حکمرانی ہو یا سیاست و جمہوریت سے جڑے سنہری اصول ہوں اگر یہ محض کتابوں یا لفاظی تک محدود ہوں گے تو اس کا مطلب ہے کہ معاشرے کے اہل علم عملی جدوجہد نہیں کر رہے ہیں۔ اس کی وجہ سے روایتی طاقتور طبقات فسطائیت کا شکار ہوتے ہیں۔ اس وقت بھی ہمیں جن بڑے چیلنجز کا سامنا ہے۔

ان میں سیاسی اور جمہوری بنیادوں پر ریاستی نظام کو آگے بڑھانا، حکومت، حزب اختلاف اور اسٹیبلیشمنٹ کے درمیان ٹکراؤ کا ماحول، معیشت کی خراب صورتحال، عام آدمی کی مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بالخصوص عام اور کمزور طبقات کے حالات بھی برے ہیں اور جو نئی مڈل کلاس ابھری ہے اس سطح پر بھی آمدنی اور اخراجات میں عدم توازن نے ان کے نظام کو بگاڑ دیا ہے۔

ان مسائل کی بنیاد پر ہمیں اپنے داخلی، علاقائی اور عالمی مقدمہ کو درست سمت دینی ہے۔ اس کا ایک ہی حل ہے کہ ہر قسم کی مہم جوئی اور ایڈونچرز سے بچا جائے۔ ہمیں سیکھنا ہوگا کہ دنیا کی جدید ریاستوں کا نظام کیا ہے اور کیسے وہ اپنی ریاستوں میں اپنے نظام کی ساکھ کو قائم کرتے ہیں۔ آج ہم گلوبل دنیا کا حصہ ہیں، دنیا کے بڑے ممالک، میڈیا اور رائے عامہ بنانے والے افراد یا اداروں کی کڑی نگرانی کے عمل سے بھی ہم گزر رہے ہیں جو ہمیں عالمی درجہ بندیوں میں پیچھے کھڑا کردیتا ہے۔ قومی سطح پر جو ہمیں مفاہمت حقیقی بنیادوں پر درکار ہے وہ نظر نہیں آرہی۔ سیاسی اختلافات نے عوام کو ترجیحات میں نکال دیا ہے۔ اس سے قطع نظر کون غلطی پر ہے لیکن ان غلطیوں کی سزا عوام بھگت رہے ہیں۔

کسی بھی ریاستی نظام میں حالات کی خرابی یا جو چیلنجز درپیش ہیں ان کا پیدا ہونا فطری امر ہوتا ہے۔ لیکن حکومت سمیت معاشروں کی خوبی یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے تمام شعبوں میں قیادت کی موجودگی کی بنیاد پر ان مسائل کا حل تلاش کرتی ہے۔ حل بھی ایسا جو لوگوں میں اعتماد بھی پیدا کرے اور حکومت کی ساکھ کو بھی یقینی بنائے۔ لیکن اگر طاقتور طبقات کے درمیان باہمی مفادات کی جنگ چھڑ جائے تو ایسی صورت میں نظام میں بگاڑ کا پیدا ہونا فطری امر ہوتا ہے۔ آج پاکستان کے حالات کو دیکھیں تو معاشرے میں موجود کمزور لوگوں کا استحصال کیا جارہا ہے۔

حکومت کا مقصد عام آدمی اور اس سے جڑے مسائل کے ساتھ کھڑا ہونا ہوتا ہے۔ کیونکہ ایک مضبوط ریاستی نظام کی کنجی ہی عوامی مفادات سے جڑی ہوتی ہے۔

لندن پلان، فیض فیکٹر

پچھلی چھ دہائیوں سے وطن عزیز کی سیاسی اکھاڑ پچھاڑ، تحریکوں کا چشم دید گواہ ہوں۔ حاصل کلام، کسی بھی حکومت کیخلاف سڑکوں پر آئیں، امریکی اثر و رسوخ مدد کو آتا ہے۔ 75 سال سے امریکہ نے پاکستان میں سیاسی عدم استحکام کو پسند فرمایا، بھارتی آسودگی اضافی ہے۔ عمران خان شخصیات، واقعات کو مسخ کریں، توڑیں مروڑیں یا یوٹرن لیں، واقعات پر موقف بار بار تبدیل کریں، سہولت بدرجہ اتم موجود ہے۔ مجال ہے 28 سالہ سیاست میں اس کیفیت میں لغزش، شرمندگی، ندامت آڑے آئی ہو۔ عسکری قیادت کو ملکی سیاست کا مجازی خدا سمجھتا ہوں۔ قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت مع بے پناہ طاقت، یہ سب عناصر ہوں تو بنتا ہے آرمی چیف۔ جنرل باجوہ نے اپنے چھ سالہ دور میں ان تمام عناصر کا بھرپور استعمال کیا۔ آخری دنوں میں جنرل عاصم منیر کی تعیناتی رکوانے کیلئے سب جتن کیے، اپنے ادارے تک کی پرواہ نہ کی۔ جنرل باجوہ کا کردار ملکی تاریخ میں مکاری، فریب اور جھوٹ سے مزین ہے۔ جیسے کسی سیاسی حکومت کی خرابی کا مکمل ذمہ دار حکومتی سربراہ ہوتا ہے، اس سے کہیں زیادہ عسکری ادارے کے دلدل میں دھنسنے کا ذمہ دار بھی ادارے کا سربراہ ہوتا ہے۔ ادارے کی طرف سے موقف کہ جنرل باجوہ کی مدد سے جنرل فیض عمران خان NEXUS گرفت میں آیا۔ سرغنہ معصوم ہے، عقل یہ ماننے سے قاصر ہے۔ مملکت کو عمران خان جیسے عفریت کے حوالے کرنا، باجوہ فیض پلان ہی تھا، جنرل فیض کو اس پراجیکٹ کا چیف ایگزیکٹو ہی سمجھا جائیگا۔ دورائے نہیں، جنرل باجوہ کو فی الوقت نظرانداز رکھنا، بہترین حکمت عملی ہے، تائید کرونگا۔

پچھلے ہفتے اپنے کالم اور TV پروگراموں میں اپنے پونے دو سالہ موقف کو دہرایا کہ جنرل عاصم کی تعیناتی اللہ تعالیٰ نے کی ہے۔ ملکی طول و عرض میں تحریک انصاف نے کہرام مچا دیا، کفر تک کے فتوے لگا ڈالے۔ بلاشبہ! جنرل عاصم کا آرمی چیف بننا محیر العقول اور انہونا واقعہ ہی تھا۔ سارے زمینی خدا یا جماعت، مقتدرہ، بین الاقوامی طاقتیں، عاصم منیر کی تعیناتی رکوانے کیلئے کیا کیا جتن نہیں کیے۔ 6 نومبر 2022 موسمی تبدیلی کانفرنس میں شریک وزیراعظم شہباز شریف پاکستان کیلئے جہاز پر سوار ہوا ہی چاہتے تھے بلکہ ٹویٹ بھی کردی تھی کہ پاکستان واپس آرہا ہوں۔ کیا مجبوری تھی کہ اگلے ہی لمحے کسی دوسرے ملک کے جہاز پر سوار، چند گھنٹے بعد جنرل عاصم کی تعیناتی رکوانے کیلئے لندن پہنچ گئے تھے۔

دوسری طرف، عمران خان نے تعیناتی رکوانے کیلئے بھرپور

تحریر: حفیظ اللہ خان نیازی

پلان ترتیب دے ڈالا۔ یکم نومبر راولپنڈی لانگ مارچ کا مقصد یہی کچھ تھا۔ عمران خان کو ناکام دھرنوں، لانگ مارچ کا وسیع تجربہ، اس دفعہ ناکامی سے بچنے کیلئے نیا فارمولا متعارف کرایا۔ درجنوں جلسوں میں شرکا سے حلف لیا کہ تعیناتی رکوانے کیلئے جان مال، اسباب قربان کرنے ہیں، جہادا کبر کا نام دے ڈالا۔ قبل ازیں، 23 اکتوبر کو ارشد شریف کا قتل ہوا تو عمران خان نے ملفوف الفاظ میں ایجنسیوں کے سربراہان کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ میرے نزدیک ارشد شریف قتل کا مقصد لانگ مارچ کو گرمانا اور کامیاب بنانا تھا۔ یکم نومبر کو لانگ مارچ کا آغاز ہوا تو عوام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہمیشہ کی طرح غیر موجود تھا۔ وزیر آباد میں عمران خان پر مہارت سے حملہ ہوا، گولیاں کنٹینر کی شیلڈ پھاڑتی ٹکڑوں کی صورت عمران خان اور دیگر ساتھیوں کو لگیں۔ میری حتمی رائے کہ عمران خان پر قاتلانہ حملہ ملک میں خانہ جنگی کیلئے تھا تاکہ مارشل لا لگانا ممکن ہو۔ عمران خان کو حملہ کی پیشگی خبر تھی، برملا اظہار کر چکے تھے، چار لوگوں کو جاننے کا دعویٰ کر رہے تھے۔ تیسرے دن جنرل باجوہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے بیٹے راسخ الٰہی کے فون پر عمران خان کی بیمار پرسی کی تو ادارے کے تین نام بتائے جو مبینہ طور پر حملہ میں ملوث ہوسکتے تھے۔ جبکہ چار ناموں کی ویڈیو بقول عمران خان لندن رکھوادی تاکہ سند رہے۔

سیاسی جماعت کے ایک قائد نے ایک ناقابل یقین واقعہ بتایا۔ اکتوبر کے آخری ہفتے میں تحریک انصاف، مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت نے ملکر جنرل باجوہ کو دوسری توسیع دلانے کا عزم دہرایا۔ چشم فلک نے دیکھا کہ اہم سیاسی رہنما لندن ڈیرے ڈالے، جنرل عاصم منیر کی تعیناتی رکوانے اور کسی تیسرے بندے کو آرمی چیف بنانے کی تجویز دے رہے تھے۔ شنید! لندن میں جہاں ہمارے قومی رہنماوں کے ڈیرے وہاں امریکی حکام بھی موجود جبکہ سعودی شاہ سلیمان کا پیغام لیے سعودی وزیر قدم بہ قدم، سب باجماعت جنرل عاصم کی تعیناتی رکوانے پر متفق و مصر تھے۔ بھولنا نہیں! اکتوبر 2022 میں عمران خان نے بھی کمال ڈھٹائی سے میر جعفر کو دوسری توسیع دینے کا شد و مد سے مطالبہ فرما دیا۔ بقول جنرل ندیم انجم جنرل باجوہ کو تاحیات آرمی چیف رکھنے پر اصرار کیا۔ بعد ازاں ایک وقت ایسا بھی کہ فرسٹریشن میں صدر عارف علوی کیساتھ مل کر نوٹیفکیشن سے کھیلنا تھا۔ پردہ سمیں کے پیچھے ایک کردار ایسا بھی جو سکرپٹ رائٹر اور ڈائریکٹر تھا۔ اپنا مستقبل داو پر لگا کر جنرل عاصم کا مستقبل ٹھکانے لگانے میں رات دن ایک کر رہا تھا، اکثر کردار اسکے استعمال میں تھے، آجکل اپنے کیے کی سزا بھگت رہا ہے۔

کوئی بتائے، جنرل عاصم کا قصور کیا تھا کہ تعیناتی رکوانے کیلئے زمانہ گردش میں تھا۔ ومکرو! کس کس نے کہاں کہاں، تعیناتی رکوانے کی کیا کیا تدبیر نہیں کی؟ ایک اکیلا نواز شریف، بمقابلہ اپنی پارٹی، وطنی مقتدرہ کا دباو، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف متفق، بین الاقوامی اثر و رسوخ بھی، کیونکر کامیاب ہوا؟ کہ ذات باری تعالیٰ نے یہ تعیناتی اپنے دستِ قدرت میں لے رکھی تھی، واللہ خیرالماکرین۔ عمران خان! جنرل عاصم کی تعیناتی لندن پلان نہیں، اللہ پلان تھی۔ میرے لیے عمران خان کے ابہامی طرزِ تکلم کا تعین کرنا ممکن نہیں۔ عمران خان سے مجھے صرف دو باتیں پوچھنی ہیں۔ کیا عمران خان اپنے چاہنے والوں کو بتانا پسند فرمائیں گے کہ قتل کی سازش کرنیوالے چار افراد کے نام کیا ہیں؟ یا بعد ازاں 35 پنکچر کی طرح کندھے اچکا کر فرمادیں گے کہ وہ چار افراد سیاسی سٹنٹ تھا جو باجوہ اور فیض نے فیڈ کیا تھا۔ عمران خان لندن پلان کی غرض و غائت، ماہیت و اصلیت، شامل کرداروں کی تفصیل بھی دینگے یا سامنے چاہنے والوں کو محروم رکھیں گے؟ جنرل فیض کی گرفتاری ملکی سیاسی و عسکری تاریخ میں ایک ایسا بھونچال کہ آفٹر شاکس تھمنے کا نام نہیں لے رہے۔ گرفتاری فیصلہ کی گھڑی کو سر پر لے آئی ہے۔ ہر گرفتار یا پار کے دہانے پر ہے۔ فیض حمید اگر اپنا پراجیکٹ DISMENTLE کرکے مجھے میرا 2017 کا پرانا پاکستان واپس کردیں تو اللہ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں اسکی جاں بخشی کیلئے تن من دھن سے حاضر رہوں گا۔ اگرچہ قومی مجرم اللہ کے مجرم ہیں، انکے اصل انجام کی خبر صرف اللہ ہی کو ہے!

سرکشی سازش یا انقلاب

قومی اور بین الاقوامی تاریخ پڑھنے سے کالج کے زمانے میں چڑ ہوتی تھی۔ بھلا یہ بھی کوئی علم ہے کہ فلاں بادشاہ، فلاں کو مار کے بادشاہ بن گیا۔ مجھے یہ سارے سن یاد کرنے سے بیزاری ہوتی تھی۔ مگر اسکول کے زمانے سے پاکستان تحریک، ماوزے تنگ کی تحریک، ہوچی منہ، سید احمد شہید کی تحریک، ہولے ہولے اس لئے میرے اندر جگہ بناتی رہیں کہ اسکول میں ہر سال کیا ہر چھ ماہ بعد، پاکستان کے نقشے میں یہ بھی لکھنا اور یاد کرنا گویا اپ ڈیٹ رہنا ضروری تھا کہ کس کس کی صدارت ملک میں رہی۔ پاکستان کی تحریک تو میرے بچپن کی یادوں میں رچی بسی رہی کہ ہم برقعوں میں عورتوں کے جلوس میں اور مردوں کیجلوس میں، ابا یا اماں کی انگلی پکڑ کر میں ضرور جاتی، نعرے لگاتی اور گلی ڈنڈا کھیلنے والا ڈنڈا میرے ہاتھ میں ہوتا تھا۔ پاکستان کے قیام کے بعد کس قدر کرپانیں، کس قدر گولیاں اور چھریاں چلیں، اس سے پہلے دوسری جنگ عظیم کی تباہی اور انسانی کشت و خون بھی، اپنے اردگرد گرتی ہوئی لاشیں دیکھ کر احساس ہوتا رہا کہ اچھا کیا تاریخ نہیں پڑھی۔ آخر سکندر سے لیکر اورنگزیب تک کو پڑھا تو کچھ کچھ سمجھ میں آیا کہ حکومت یا بادشاہت تو اصل میں بھائیوں تک کو مروا دینے یا قید میں ڈال دینے کا نام ہے اور اسی کو تاریخ کہتے ہیں۔ جیسے پاکستان میں قائد اعظم اور لیاقت علی خان کے

تحریر: کشور ناہید

مرنے یا مروا دیئے جانے کے پیچھے اقتدار کی خواہش کارفرما تھی۔ مغلوں کے آخری بادشاہ کے شہزادوں کو بھی عیاشیوں کے سوا کسی قسم کے امورِ مملکت نہیں آتے تھے۔ انگریزوں کی سمجھ میں یہ اپاہج بادشاہت آگئی مگر جو نام کے بہادر شاہ ظفر تھے، انکو اس وقت سمجھ میں آیا جب شہزادوں کے سر طشت میں رکھ کر ان کے سامنے پیش کئے گئے اور انہوں نے رنگون کی قید میں لکھا

لگتا نہیں ہے جی مرا اجڑے دیار میں۔

ملک اور نام بدل کے ایسی ہی کیفیات، لیاقت علی خاں کے قتل کے نامعلوم ہونے کے اشارے دیئے گئے۔ پچھلے برس کسی انگریز نے خبر دی کہ لیاقت علی خاں کے قاتل کی بیوہ کو پنشن جو پچاس ساٹھ سال میں دی جاتی رہی، اسکی وفات کے بعد، بند کردی گئی ہے۔ تفصیل میں غیر مصدقہ یہ خبر بھی تھی کہ اسکی اولاد اور انکی اولادیں بھی غیر ممالک میں آباد ہیں یا تعلیم بھی حاصل کرتی رہیں، ممکن ہے انکی اولادیں بھی محمد علی بوگرا کی طرح ہم پر حکومت کرنے آ جائیں کہ ہماری گزشتہ تاریخ میں بھٹو صاحب اور جونیجو صاحب کا نام عزت سے لیا جا سکے گا۔ ورنہ جھولی میں سینکڑوں چھید ہیں جا ہے کہیں کہ مجھے کیوں نکالا۔

بچپن کے کچھ نام آج بھی یاد ہیں۔ سید احمد شہید کی تحریک، خلافت کی تحریک، بھگت سنگھ، ریشمی رومال، کوئی روٹی والی تحریک بھی تھی اور آخر میں یعنی کالج کے زمانے میں خاکسار تحریک اور باباغفار خان کی پشتو تحریک کے بارے میں باتیں ہوتی تھیں۔ جماعت اسلامی مولانا مودودی کے علم تک محدود رہی۔ انکی بیٹی میری کلاس فیلو تھی اور اسکے توسط سے میری ان سے چند ملاقاتیں رہیں۔ مودودی صاحب کے بھائی جوان سے مختلف اور جوش صاحب کے دوست تھے،

پاکستان بنگلہ دیش نہیں

15 سال سے زنانہ آمریت کے شکار بنگلہ دیش سے متاثر پاکستان کے سابق وزیر اعظم اور جمہوریت کے نام پر پونے چار سال شخصی آمریت مسلط رکھنے والے ایک سال سے قید عمران خان پاکستان میں بھی بنگلہ دیش ماڈل قائم کرکے اپنے مخالفین کو سختی سے کچل کر اپنی حکومت کے 5 سال مکمل کرنے کے بعد مزید اقتدار چاہتے تھے۔ انھوں نے گزشتہ دنوں شیخ مجیب الرحمٰن کی حمایت میں اپنے سوشل میڈیا ونگ کے ذریعے قوم سے ایک سوال پوچھا تھا۔ 2011 سے بالاتروں کی اندرونی حمایت حاصل کر کے پی ٹی آئی کی حمایت بڑھا کر وہ 2013 میں کوشش کے باوجود الیکشن نہ جیت سکے تھے مگر اکثریت نہ ہونے کے باعث دو دیگر پارٹیوں جماعت اسلامی اور آفتاب شیرپا کی حمایت سے کے پی میں اپنی حکومت بنالی تھی جس کے بعد دس سال سے اب بھی کے پی میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، جس کے وزیراعلیٰ بڑھکیں مار رہے ہیں اور 5 اگست کے جلسے میں دھمکی دے چکے ہیں کہ خان کی رہائی نہ ہوئی تو ملک میں دمادم مست قلندر ہوگا اور میں اپنے کارکنوں کے ساتھ اسلام آباد کی طرف مارچ کرکے ڈی چوک پر جلسہ کروں گا اور کوئی مجھے روک سکتا ہے نہ جلسے کی این او سی منسوخ کر سکے گا۔ خوف کے بت توڑ دیے ہیں اور ہم حقیقی آزادی تک اپنے اسیر قائد کے ساتھ ہیں۔

پی ٹی آئی کے رہنما تسلیم کر رہے ہیں کہ بنگلہ دیش میں اپوزیشن پر بے پناہ مظالم ڈھائے گئے اور وہاں کے گھٹن زدہ ماحول میں انقلاب تو آنا ہی تھا اور وہاں کی وزیراعظم ڈکٹیٹر بن چکی تھیں۔ کچھ تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ بنگلہ دیش کے حالات میں سمجھنے کے لیے بڑا اسبق ہے جہاں طلبا نے تحریک کا آغاز کیا اور خود کو طاقتور سمجھنے والی حسینہ واجد کو فوری طور اقتدار چھوڑ کر بھاگنا پڑا۔

ہماری بدقسمتی ہے کہ لوگ سمجھتے نہیں۔ وہاں کے حالات سے حکومت اور اپوزیشن کو سبق سیکھنا چاہیے مگر ایسا ہوتا نظر نہیں آتا۔ بنگلہ دیش کی صورت حال سے یہ سبق ملتا ہے کہ ایک مضبوط اپوزیشن کسی بھی حکومت کی گارنٹی ہوتی ہے ملک میں آمرانہ سوچ نہیں چل سکتی۔ یہ بات سو فیصد درست ہے کہ بانی بنگلہ دیش کی آمر بیٹی حسینہ واجد نے

تحریر: نادر چانڈیو

جماعت اسلامی کے رہنماوں کو چن چن کر پھانسیاں دیں اور اپنے لوگوں پر ہر قسم کا ظلم روا رکھا اور وہ مکمل آمر بن چکی تھیں جنھوں نے فوج کی مدد سے الیکشن جیتے اور ملک پر بدترین آمریت مسلط رکھی جس کی وجہ سے وہاں کے عوام عوامی لیگ کے خلاف اس حد تک ہوگئے کہ انھوں نے حسینہ واجد کے فرار کے بعد ان کے والد شیخ مجیب جو بنگلہ دیش کے بانی تھے کو بھی نہیں بخشا۔ ان کا مجسمہ تباہ کر دیا۔ عوامی لیگ کے رہنما کا ہوٹل، اندرا گاندھی کلچرل سینٹر نذر آتش کر دیا اور بھارتی سفارت خانے کی طرف جانے کی کوشش کی مگر فوج نے انھیں وہاں جانے نہیں دیا۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کے حالات میں واضح فرق ہے۔ بنگلہ دیش کی طرح پاکستان میں سوا دو سال سے قائم پی ٹی آئی کے مخالف جماعتوں کی حکومت نے اپنے کسی مخالف کو پھانسی نہیں دی۔ بانی پی ٹی آئی اپنے جرائم کے باعث ایک سال سے قید ہیں جہاں جیل میں انھیں شاہانہ سہولتیں میسر ہیں جو خود انھوں نے اپنی حکومت میں نہیں دی تھیں بلکہ اپنے تمام سیاسی مخالفین کو جھوٹے مقدمات میں گرفتار کرا کر انھیں سخت اذیت سے دوچار رکھا تھا اور وہ خود نیٹ کے ذریعے ان کی مشکلات دیکھ کر نہ صرف لطف اندوز ہوتے تھے بلکہ انھیں قانونی سہولیات بھی لینے نہیں دی تھیں جب کہ اب وہ خود جیل میں من پسند کھانے کھا رہے ہیں۔ سرکاری مشین پر ورزش کرتے ہیں اور وسیع قید خانے میں رہ رہے ہیں اور حکومت سے اے سی، فریج، اخبار اور دوسری سہولتیں مانگتے ہیں اور الٹا غلط الزام لگاتے ہیں کہ وہ ڈیتھ سیل میں قید ہیں جب کہ ان کے الزامات کے برعکس انھیں سہولتیں میسر ہیں۔

پاکستان بنگلہ دیش سے مختلف ہے جہاں کبھی بھی ایسے حالات پیدا نہیں ہوئے کہ عوام اپنے بانی کی بے حرمتی کریں یا ان کا کوئی مجسمہ یا یادگار کو تباہ کریں۔ بانی پاکستان کا احترام 76 سالوں سے نہ صرف برقرار ہے بلکہ ملک بھر سے کراچی آنے والے لوگ مزار قائد پر احترام سے آتے اور وہاں فاتحہ خوانی کرکے اپنے قائد سے محبت کا ثبوت دیتے ہیں۔ پاکستان کی کسی جمہوری حکومت میں اپنے کسی ایک مخالف کو پھانسی نہیں دی گئی۔ 1977 کے بعد کسی حکومت نے اتنی بڑی تعداد میں اپنے سیاسی مخالفین کو گرفتار نہیں کرایا جتنے عمران خان کی حکومت میں گرفتار کیے گئے تھے۔

پاکستان کی اپوزیشن نے پی ٹی آئی حکومت کی فسطائیت و جبر کے باوجود فوجی املاک پر حملے نہیں کیے۔ بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم اور سالوں سے قید خالدہ ضیا نے نہ کبھی فوج کے خلاف بیان دیے نہ فوجی املاک پر 9 مئی کی طرح اپنے کارکنوں سے احتجاج کرایا نہ حملے کرائے نہ عمران خان کی طرح دہائیاں دیں کہ مجھے ڈیتھ سیل میں رکھا گیا ہے جو سراسر جھوٹ ہے۔

عمران خان نے حسینہ واجد سے دو ہاتھ آگے بڑھ کر حکومت کے سابق صدر، تین بار کے وزیر اعظم، سابق وزیروں اور اپنے تمام سیاسی مخالفین پر نیب کے ذریعے جھوٹے مقدمات بنوائے اور خود جج بن کر انھیں بغیر ثبوت چور، ڈاکو قرار دے کر بدنام کیا جواب اقتدار میں ہیں۔ عمران خان نے اپنے دور میں اپوزیشن پر مظالم کی انتہا کر رکھی تھی جواب انھیں یاد نہیں اور اب کہہ رہے ہیں کہ بنگلہ دیش میں جو ہوا اس کی بڑی وجہ ظلم ہے۔ موجودہ حکومت عمران خان پر ظلم کیا کرتی وہ تو انھیں جیل میں وہ سہولتیں دے رہی ہے جو انھیں نہیں ملی تھیں۔ پاکستان کا بنگلہ دیش کے حالات سے کوئی موازنہ ہے ہی نہیں نہ یہاں اپوزیشن پر حسینہ واجد جیسے مظالم کرائے گئے بلکہ پی ٹی آئی رہنما حکومت پر دھاڑنے میں مصروف ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

مسئلہ اور ان کا حل

جس بات کو سمجھنے کی ضرورت ہے وہ صرف اتنی ہے کہ تحریک انصاف کوئی سیاسی جماعت نہیں۔ وہ بانی پی ٹی آئی کی انصاف کیلئے شروع کی گئی تحریک کا نام ہے۔ ایک فرد واحد کی ذات سے نکلتی ہوئی ان احتجاجی شعاعوں کا نام ہے جنہوں نے رفتہ رفتہ پوری قوم کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ یہ تحریک بائیس تیئس سال سے مسلسل آگے بڑھ رہی ہے۔ کبھی اس کی رفتار سست ہو جاتی ہے، کبھی تیز۔ اس کا جھگڑا کسی بھی پاکستانی ادارے سے نہیں۔ یہ پاک فوج سے محبت کرنے والی تحریک ہے۔ یہ اپنے شہیدوں کی یادیں اور یادگاریں جمع کرنے والی اور ان پر پھول چڑھانے والی تحریک ہے۔ یہ اپنے غازیوں کے ترانے گانے والی تحریک ہے۔ یہ محاذ جنگ پر سینہ سپر فوجیوں کے حوصلے بڑھانے والی تحریک ہے۔ اس وقت پورے ملک میں یہ تاثر پھیلا جا رہا ہے کہ خدانخواستہ یہ کوئی فوج مخالف تحریک ہے تو یہ دشمنوں کا پروپیگنڈا ہے۔ یہ تو فوج کو ملتِ اسلامیہ کی فوج بنانے والی تحریک ہے۔ یہ فوج کے خلاف ہو ہی نہیں سکتی کیونکہ نوے فیصد سے زائد خاکی وردیوں کے دلوں میں یہی دھڑکتی ہے۔ یہ تحریک چاہتی ہے کہ ہماری فوج دنیا کی شاندار ترین فوج ہو۔ مسئلہ صرف اتنا ہے کہ یہ تحریک اکستان کو ریاستِ مدنیہ کی مثال بنانا چاہتی ہے اور وہی کردار جو ریاستِ مدنیہ میں فوج کا ہے اسے اس پرکار بند کرنا چاہتی ہے مگر پچھتر سال سے پاک

تحریر: منصور آفاق

فوج کے بڑے افسروں کی جو سائیکی ترتیب پا چکی ہے۔ وہ اس تبدیلی کیلئے ابھی تیار نہیں۔ وہ سوچتی ہے کہ کہیں سول سپرمیسی کا یہ ریاستِ مدنیہ والا نظریہ افواج پاکستان کیلئے نقصان کا باعث نہ ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی غلط نہیں سوچتی کیونکہ پاکستان میں کئی ایسے عوامی حکمران رہے ہیں جنہیں حکمران نہیں بننا چاہتے تھے۔ میرا خیال ہے اس موضوع پر گفت وشنید ہونی چاہیے۔ سول ملٹری ریلیشن شپ کا ایک نیا معاہدہ وجود میں آنا چاہیے۔ سربراہان افواج پاکستان کے سربراہ کو قوم کے سربراہ کے ساتھ قوم کے سامنے بیٹھ کر ایک نیا معاہدہ کرنا چاہیے۔ پوری نیک نیتی کے ساتھ۔ بہت پرانی بات نہیں شاید نصف صدی کی بات ہو مارٹن لوتھر کنگ اقلیتوں کو ان کے حقوق دلانے کیلئے میدان میں آئے تھے۔ اپنی مشہور زمانہ تقریر میں انہوں نے کہا تھا (I have a dreem) اس خواب کی تعبیر وائٹ ہاوس میں براک حسین اباما کو لے آئی تھی۔ بانی پی ٹی آئی بھی ریاستِ مدنیہ کی سنت پر چلنے کا خواب لے کر سامنے آیا اور قوم اس کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے اس کے خواب کا حصہ بنتے چلی گئی۔ رفتہ رفتہ پاکستان کی پیشانی پر لکھا ہوا فتح مبین واضح ہوتا گیا۔ اب وہ پاکستان کے برانڈ کا نام ہے۔ گلوبل مارکیٹ میں اس نام نے پاکستان کی عزت کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ ماضی میں بھی کئی لوگ ایسے ہیں جنہیں پاکستان کا برانڈ کہا جا سکتا ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح، ذوالفقار علی بھٹو، محترمہ بے نظیر بھٹو کے نام اپنے زمانے میں بہت مقبول ہوئے۔ موسیقی کے حوالے سے نور جہاں اور نصرت فتح علی خان۔ سائنس کے مناسبت سے ڈاکٹر قدیر خان اور نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر عبدالسلام۔ کھیل کے میدان میں جہانگیر خان مگر جو نام سب سے زیادہ پاکستان کی پہچان بنا وہ بانی پی ٹی آئی کا ہے۔ دوسری طرف ہماری عظیم فوج ہے۔ جس کا نصب العین ہے: ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ۔ ہماری فوج دنیا کی دس بڑی افواج میں شامل ہے اور اس کے کئی حصے تو ایسے ہیں جو دنیا میں سرفہرست ہیں۔ اس پیشہ ور فوج نے ہر مشکل مرحلہ میں قوم کا پوری طرح ساتھ دیا ہے اگرچہ ماضی میں کچھ جرنیلوں سے غلطیاں بھی ہوئیں۔ غلطیاں انسان ہی کیا کرتے ہیں مگر دشمنانِ قوم کی پوری کوشش ہے کہ عوام اور افواج پاکستان میں فاصلے روز بہ روز بڑھتے چلے جائیں تاکہ کسی طرح اس فوج کا تباہ کیا جا سکے۔ دوسری طرف دھاڑتا ہوا حملہ آور شیر یہ نہیں دیکھ رہا ہوتا کہ درمیان میں شکاریوں نے کوئی جال تو نہیں لگا رکھا ہے۔

فیض حمید کے آپشن

آج کل ملک کے سیاسی منظر نامہ پر سیاست کم اور ریٹائرڈ جنرل فیض کے کورٹ مارشل پر زیادہ گفتگو ہو رہی ہے۔ جس سے ملیں وہ اسی پر بات کر رہا ہے۔ پہلے دن عمران خان نے فیض کی گرفتاری سے اعلان لاتعلقی کرکے کہانی کو ایک موڑ دینے کی کوشش کی اور اپنی ٹیم کو بھی یہی ہدایات دیں کہ اس معاملہ سے دور رہیں۔ اس لیے فیض کو تحریک انصاف کے سوشل میڈیا سے وہ حمایت نہیں ملی جس کی توقع کی جارہی تھی۔ تحریک انصاف کے سوشل میڈیا ٹرولرز نے خود کو فیض کے معاملہ سے کافی حد تک دور ہی رکھا ہے۔ انھوں نے نہ حمایت کی اور نہ ہی مخالفت کی ہے۔

اس لیے ان کی خاموشی معنی خیز بھی نظر آئی ہے۔ اس کے بعد کہانی نے دوسرا موڑ تب لیا جب بانی تحریک انصاف نے یہ کہنا شروع کیا ہے۔ کہ فیض کو ان کے خلاف وعدہ معاف گواہ کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ سب حیران ہوئے چند دن پہلے فیض کو اثاثہ قرار دینے والے بانی پی ٹی آئی چند دن میں اس خطرہ کا شکار ہوگئے کہ ان کے اثاثے کو انھی کے خلاف وعدہ معاف گواہ کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بانی تحریک انصاف کو یہ سوچ بھی کیسے آئی ان کے قیمتی اثاثے کو انھی کے خلاف بطور وعدہ معاف گواہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

تحریک انصاف کے اہم رہنماں کا اس حوالے سے موقف ہے کہ بانی تحریک انصاف کا یہ موقف درست ہے کہ فیض

تحریر: عمیر خان

کی ہمدردیاں ہمارے ساتھ تھیں اور وہ ہماری مدد بھی کر رہے تھے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ آرمی چیف بننے کے لیے جب انھوں نے لابنگ کی تو انھوں نے اپنی تمام تر وفاداریوں کا یقین ن لیگ کی قیادت کو کروایا تھا۔ سب سے معافیاں بھی مانگی تھیں اور یہ یقین بھی دلانے کی کوشش کی کہ وہ تحریک انصاف کے خلاف ہیں۔ انھیں بس ایک موقع دیا جائے۔

وہ تو ن لیگ نے ان کی تمام تر یقین دہانیوں کے باوجود ان پر یقین نہیں کیا۔ اور انھیں آرمی چیف نہیں بنایا۔ اس لیے تحریک انصاف کے دوست یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم جانتے ہیں کہ وہ ایک موقع پرست اور مفاد پرست ہیں۔ وہ اپنے مفاد میں فیصلہ کرتے ہیں۔ یہ تو جنرل عاصم منیر کے آرمی چیف بننے کے بعد وہ دوبارہ تحریک انصاف کے قریب آگئے۔ کیونکہ تحریک انصاف بھی آرمی چیف عاصم منیر کے خلاف تھی اور فیض بھی خلاف تھے۔ اس لیے دونوں کا ہدف ایک ہی تھا۔ اس لیے دونوں دوبارہ قریب آگئے۔ لہذا ان کی وفاداری پر شک ہے۔ اسی شک کی وجہ سے یہ کہا گیا ہے کہ وہ وعدہ معاف گواہ بن جائیں گے کیونکہ وہ اپنے مفاد کے لیے فیصلہ کرتے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ سب کو معلوم ہے کہ فیض کا فیلڈ کورٹ مارشل شروع ہو چکا ہے۔ ان کے ساتھ ابھی تک ان کے تین ساتھی جن میں دو ریٹائرڈ بریگیڈئر اور ایک کرنل شامل ہیں گرفتار ہو چکے ہیں۔ کیا ان تینوں افسران کے اقبالی بیانات میں بانی تحریک انصاف اور عدلیہ کے خلاف ایسا موقف ہوگا کہ بات ان کے خلاف بھی آگے بڑھائی جا سکے۔ کیا انھوں نے تحریک انصاف کی مدد کے لیے جو بھی کیا ہے، عدلیہ میں بھی جو سہولت کاری کی گئی ہے وہ بھی فیض کے کہنے پر کی گئی ہے۔ یہاں یہ اہم ہوگا کہ وہ اپنے اوپر لگنے والے الزامات کو قبول کرتے ہیں یا کہتے ہیں کہ وہ بے قصور ہیں۔

اگر وہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر لگنے والے الزامات کو نہیں مانتے تو پھر استغاثہ کو ان الزامات کو ثابت کرنا پڑے گا۔ پھر وعدہ معاف گواہی والا راستہ نہیں ہوگا۔ ایسی صورت میں اگر کیس ثابت ہو جائے تو سزا بھی سخت ہوتی ہے۔ کوئی رعایت بھی نہیں ہوتی۔ اس لیے اگر انھوں نے سخت ترین سزا سے بچنا ہے تو پھر الزامات قبول ہی کرنے ہونگے ورنہ فیلڈ کورٹ مارشل میں سخت سزا ہوتی ہے۔ اگر یہ تینوں افسران وعدہ معاف گواہ بن جاتے ہیں تو فیض کے لیے اپنا کیس لڑنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ انھیں ایک طرف استغاثہ کے الزامات کا دفاع کرنا ہے

سرکاری ملازمین کا تحفظ، حقوق کا دفاع حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، حکیم خان یوسفزئی

حکومت ملازمین کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی، درپیش مسائل کے حل کیلئے موثر پالیسی سازی اور ٹھوس فیصلے کیے جارہے ہیں

سوات (این این آئی) خیبرپختونخوا کے وزیر برائے لائیوسٹاک، فشریز وکوآپریٹیو فضل حکیم خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کا تحفظ اوران کے حقوق کا دفاع صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی حکومت ملازمین کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے اوران کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے، ملازمین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر پالیسی سازی اور ٹھوس فیصلے کیے جارہے ہیں تاکہ وہ بلاخوف و خطر اپنی ذمہ داریاں مزید جانفشانی اور دیانتداری کے ساتھ ادا کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے ویٹرنری ہسپتال سیدو شریف میں محکمہ فشریز کے ملازمین کے اعزاز میں منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی سلطان روم، ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سردار علی، مختلف ویلج کونسلوں کے چیئرمینوں، آل درجہ چہارم ملازمین ضلع سوات کے صدر سید خطاب، پی ٹی آئی کے کارکنان و عہدیداران سمیت فشریز کے ملازمین کی کثیر تعداد موجود تھی۔ تقریب میں محکمہ فشریز کے ملازمین نے صوبائی وزیر کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ذاتی دلچسپی اور عزم کے نتیجے میں محکمہ فشریز کے ملازمین کا دیرینہ مسئلہ حل ہوا اور انہیں دوبارہ اپنے اصل محکمے میں مستقل بنیادوں پر تعینات کیا گیا۔ اس موقع پر ملازمین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، محنت اور لگن سے ادا کرتے رہیں گے

صحت کے شعبے میں ہماری کامیابیوں کو موجودہ حکومت نے الٹ دیا، یاسمین راشد کا وائٹ پیپر

آڈیٹر جنرل نے پنجاب کے صحت کے شعبے میں 1 کھرب روپے سے زائد کی بے ضابطگیاں رپورٹ کی ہیں

لاہور (این این آئی) نو مئی کے مقدمات میں گرفتار تحریک انصاف کی سینئر رہنما سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے ''پنجاب میں صحت کے شعبے کی اصلاحات، ان میں آنے والے بگاڑ اور بہتری کی طرف واپسی کا جائزہ'' کے عنوان سے وائٹ پیپر جاری کر دیا۔ پی ٹی آئی کے میڈیا سیل کی جانب سے جاری کئے گئے وائٹ پیپر میں 2018ء سے 2022ء تک پنجاب کے صحت کے نظام کی تبدیلی، 2023ء سے 2025ء کے دوران اس کے انہدام اور 2025ء کے سیلابوں کے ذریعے بے نقاب ہونے والے موجودہ بحران کی تفصیلات درج کی گئی ہیں۔ یاسمین راشد کی جانب سے جاری کئے گئے وائٹ پیپر میں دکھایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی کی اصلاحات نے پاکستان کا پہلا یونیورسل ہیلتھ کیئر ماڈل قائم کیا۔ صحت سہولت کارڈ کے ذریعے پنجاب کے 2 کروڑ 93 لاکھ خاندانوں میں سے ہر ایک کو سالانہ 10 لاکھ روپے کا علاج فراہم کیا گیا، 900 سے زائد ہسپتال جن میں 654 نجی ادارے شامل تھے اس پروگرام میں رجسٹر ہوئے۔ 2022ء تک 42 لاکھ سے زائد خاندانوں کو علاج فراہم کیا گیا، جس میں ڈائیلاسز سے لے کر اعضاء کی پیوندکاری تک شامل تھی

لاہور، محمد شہباز ہسپتال میں فلاحی ادارہ چرچ آف جیسس کرائسٹ کے وفد گروپ فوٹو

پہلا ویمنز ون ڈے انٹرنیشنل، پاکستان اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں (آج) کو مدمقابل

ورلڈکپ سے قبل اس طرح کی سیریز کا ٹیم کو بہت فائدہ ہوتا ہے' کپتان قومی ٹیم فاطمہ ثناء

لاہور (این این آئی) پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان پہلا ون ڈے انٹرنیشنل آج بروز منگل کو قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔ تین میچوں کی سیریز کے اگلے دو ون ڈے انٹرنیشنل بھی لاہور میں 19 اور 22 ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔ تینوں میچز دوپہر ساڑھے تین بجے شروع ہونگے۔ یہ سیریز پاکستان ویمنز ٹیم کے لیے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ جسے 30 ستمبر سے شروع ہونے والے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ میں حصہ لینا ہے۔ پاکستان ویمنز ٹیم اپنا پہلا میچ 2 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف کولمبو میں کھیلے گی۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ کوالیفائر میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام پانچوں میچ جیتے تھے۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے جنوبی افریقہ ویمنز کے خلاف سیریز کی تیاری کے لیے کیمپ میں بھی ہیڈ کوچ محمد وسیم کی نگرانی میں سخت ٹریننگ کی ہے۔ کپتان فاطمہ ثناء کا کہنا ہے کہ ورلڈکپ سے قبل اس طرح کی سیریز کا ٹیم کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ کھلاڑیوں کے لیے اچھا موقع ہے کہ انہوں نے پورے سال جو تیاری کی ہے اسے میدان میں عملی جامہ پہنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سب کو پتہ ہے کہ پاکستان ٹیم بولنگ پر انحصار کرتی ہے لہٰذا اس بار کوشش ہوگی کہ بیٹنگ کی طرف سے بھی سپورٹ ملے کیمپ میں بیٹنگ پر بھی کافی توجہ دی گئی ہے۔ جنوبی افریقہ ویمنز ٹیم کی کپتان لارا وولوارٹ بھی اس سیریز کو ورلڈکپ کی تیاری کے سلسلے میں اہم قرار دیتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ورلڈکپ میں بھی اسی طرح کی کنڈیشنز ہونگی لہٰذا یہ ایک اچھی تیاری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک اچھی ٹیم ہے۔ اس کے پاس چند اچھی بیٹرز ہیں اور سپن کو اچھا کھیلنے والی کھلاڑی بھی ہیں۔ سیریز میں اچھا مقابلہ رہے گا۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کی خواتین ٹیموں کے درمیان ابتک 28 ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے جاچکے ہیں جن میں پاکستان نے 5 جیتے ہیں۔ 21 میں جنوبی افریقہ نے کامیابی حاصل کی ہے۔ ایک میچ ٹائی ہوا ہے اور ایک کا نتیجہ برآمد نہیں ہوا ہے

اسلام آباد، سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی مہم کے آغاز کے دوران بچی کو ایچ پی وی ویکسین لگائی جارہی ہے

صدر الخدمت فاؤنڈیشن ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن سیلاب سے متاثرہ جلالپور پیروالا ملتان پہنچ گئے

جلالپور کی پانچ لاکھ آبادی سیلاب سے متاثر، پانی میں پھنسے افراد کو 16 کشتیوں کے ذریعے ریسکیو کرنے کا سلسلہ جاری ہے

لاہور (این این آئی) صدر الخدمت فاؤنڈیشن ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن سیلاب سے متاثرہ جلالپور پیروالا ملتان پہنچ گئے۔ کشتی کے ذریعے سیلاب میں پھنسے خاندانوں کے پاس پہنچ کر ملاقات کی، انھیں تیار کھانا، فوڈ پیکج، پانی سمیت دیگر امدادی سامان فراہم کیا اور انھیں حوصلہ دیا۔ وائس چیئرمین الخدمت ڈیزاسٹر مینجمنٹ اکرام الحق سبحانی، صدر الخدمت جنوبی پنجاب احمد عمار یاسر، نائب امیر جنوبی پنجاب صہیب عمار صدیقی اور صدر الخدمت جلالپور پیروالا عدیل کریم بھٹی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن نے ذمہ داران اور رضا کاروں کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ دن رات متاثرین کی خدمت کرنے والے قوم کے ہیروز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جلالپور کی 8 لاکھ آبادی میں سے پانچ لاکھ سیلاب سے متاثر ہوئی، بڑی تعداد کو الخدمت و دیگر فلاحی تنظیموں نے محفوظ مقامات پر پہنچایا لیکن ڈیڑھ لاکھ اب تک سیلاب میں گھرے ہوئے ہیں۔ ان کے چاروں طرف 10 سے 18 فٹ تک گہرا پانی ہے جو ان کے گھروں کے اندر بھی داخل ہورہا ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن کی 16 کشتیوں کے ذریعے ان متاثرین کو ریسکیو کیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ پانی میں گھرے ان خاندانوں تک تیار کھانا، پانی سمیت دیگر ضروریات بھی پہنچائی جارہی ہیں۔ ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن نے کہا کہ متاثرہ جلالپور میں الخدمت کے رضا کار 13 ہزار افراد کی جانیں بچا کر انھیں محفوظ مقامات پر پہنچا چکے ہیں، جبکہ دو ہزار افراد کے لیے الخدمت نے خیمہ بستی قائم کی ہے

کسی عوامی نمائندے کو نااہل کرنا صرف ایک عوامی آواز کو دبانا نہیں عوام کو انکے حق نمائندگی سے محروم کرنا ہے' سپیکر کی رولنگ

ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے معطل ہونے والے 26 ارکان کی بحالی کے حوالے سے ایوان میں اپنا حتمی فیصلہ سنا دیا

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے معطل ہونے والے 26 ارکان کی بحالی کے حوالے سے ایوان میں اپنا حتمی فیصلہ سنا دیا، سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنا فیصلہ رولنگ کے ذریعے سنایا جبکہ اجلاس میں حکومتی رکن ذوالفقار علی شاہ نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کی جانب سے اسمبلی کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن کے ذریعے زرعی انکم ٹیکس کی شرح مقرر کرنے کے خلاف تحریک استحقاق پیش کردی۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت کی بجائے ایک گھنٹہ 54 منٹ کی تاخیر سے سپیکر ملک محمد احمد خان کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر سپیکر کی ہدایت پر سیکرٹری اسمبلی نے سمیع اللہ خان، چوہدری افتخار چھچھر، شوکت راجہ، ذوالفقار علی شاہ، انعام رضا اور ارشد ملک پر مشتمل پینل آف چیئرپرسنز نامزد کئے۔ ایوان میں شہداء وزیرستان اور رکن اسمبلی ملک سعید خان کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کی گئی۔ اجلاس کے آغاز پر ہی پریس گیلری میں موجود صحافیوں نے اپنے مطالبات کے حق میں ایوان کی کارروائی کے بائیکاٹ کردیا جس پر سپیکر نے رانا ارشد اور امجد علی جاوید کو صحافیوں کے تحفظات سے آگاہی کے لئے بھجوایا۔ اس دوران سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اپوزیشن کے 26 ارکان کی بحالی کے بعد اپنا حتمی فیصلہ بھی ایوان میں سنایا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اپنا فیصلہ رولنگ کے ذریعے سنایا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے سپیکر پنجاب اسمبلی کی جاری کی گئی رولنگ کے مطابق کسی عوامی نمائندے کو نااہل کرنا صرف ایک عوامی آواز کو دبانا نہیں بلکہ عوام کو ان کے حق نمائندگی سے محروم کرنا ہے، متعدد ارکان بشمول وزیر خزانہ و پارلیمانی امور پنجاب، کی جانب سے پیش کردہ درخواستوں سے جو مسئلہ ابھرتا ہے وہ جدید جمہوریت کی بنیادوں یا جڑوں سے تعلق رکھتا ہے، کیا منتخب عوامی نمائندوں کو سپیکر یا الیکشن کمیشن منتخب ایوانوں سے نااہل کرسکتے ہیں؟ جس پر میرا جواب ''نا'' ہے۔ رولنگ میں کہا گیا کہ درخواست گزاران نے آئینی حلف سمیت سنگین قانونی اور آئینی خلاف ورزیوں کے الزامات لگائے ہیں تاہم ان خلاف ورزیوں کو پہلے کسی مجاز عدالت یا ٹربیونل میں ثابت کرنا ضروری ہے، اس کے بعد ہی میں یہ فیصلہ کرسکوں گا کہ آیا آئین کے آرٹیکل 63 (2) کے تحت نااہلی کا سوال پیدا ہوا ہے، اور کیا اس معاملے کو الیکشن کمیشن آف پاکستان کو بھیجنا چاہیے۔ میں درخواست گزاروں کا پانامہ پیپرز کیس اور ہائیکورٹس اور سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار (آرٹیکل 199 اور 184 (3) کے تحت) کے ذریعے منتخب اراکین پارلیمنٹ کی نااہلی سے متعلق عدالتی نظائر پر انحصار کیا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوات کی زیرصدارت بائی پاس کی تعمیر کیلئے درکار زمین کے حصول بارے اجلاس

شرکا نے اپنے تحفظات، تجاویز پیش کیں، مزید غور و فکر کیلئے آئندہ دوبارہ اجلاس بلانے پر اتفاق

سوات (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات محب اللہ خان یوسفزئی کی زیرصدارت خوازہ خیلہ بائی پاس کی تعمیر کے لیے درکار زمین کے حصول کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں موضع بانڈئی کے زمین مالکان اور پختونخوا ہائی وے اتھارٹی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے شرکت کی۔ اس موقع پر زمین کے حصول اور منصوبے کی تکمیل کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکا نے اپنے تحفظات اور تجاویز پیش کیں جن پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات نے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ طویل مشاورت کے بعد ایک مشترکہ لائحہ عمل تجویز کیا گیا اور مزید غور و فکر کے لیے آئندہ اجلاس بلانے پر اتفاق کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سوات نے اس موقع پر کہا کہ خوازہ خیلہ بائی پاس عوامی مفاد کا ایک اہم منصوبہ ہے، جس کے ذریعے نہ صرف ٹریفک کے مسائل حل ہوں گے بلکہ مقامی آبادی کو بھی براہ راست فوائد حاصل ہوں

خضدار میں ایف سی بلوچستان کا بڑا کریک ڈاؤن، کوچ سے بھاری مقدار میں سمگل شدہ چھالیہ برآمد

خضدار (این این آئی) ایف سی قلات اسکاؤٹس نے خضدار میں سمگلنگ کے خلاف ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں غیر قانونی چھالیہ برآمد کی۔ یہ آپریشن میجر مصطفیٰ کی قیادت میں خضدار کے قریب ایک اہم روٹ پر کیا گیا، جہاں مشتبہ کوچ کی تلاشی کے دوران بڑی مقدار میں سمگل شدہ چھالیہ پکڑی گئی۔

سیلاب متاثرین کی مدد ایمان وانسانیت کا تقاضا ہے، میاں محمد مقصود

کراچی (این این آئی) پاکستان بھر میں حالیہ سیلاب کی تباہ کاریوں نے لاکھوں خاندان بے گھر کر دیے ہیں، جن میں بچے، خواتین اور بزرگ شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسی نازک صورتحال میں سماجی و فلاحی ادارے میدان میں آ کر متاثرین کی مدد کر رہے ہیں، جن میں الفا فاؤنڈیشن آف ہیومن رائٹس کی کاوشیں نمایاں ہیں۔ فاؤنڈیشن کے چیئرمین میاں محمد مقصود اور جنرل سیکریٹری عبداللہ فاروق نے پیر کے روز جلال پور پیر والا کی طرف امدادی راشن اور کھانے کی بڑی کھیپ روانہ کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے وہ بھائی اور بہنیں ہیں جو اس وقت کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ یہ لوگ ہمارے کلمہ گو بھائی ہیں اور ان کی مدد کرنا ہمارا دینی، انسانی اور اخلاقی فرض ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس وقت تک اپنے بندے کی مدد کرتا رہتا ہے جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرتا رہے۔ اس حدیث مبارکہ کی روشنی میں ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم اپنی ذمہ داری پوری کریں گے۔ میاں محمد مقصود نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں محفوظ رکھا ہے، ہمیں چاہیے

74 ہزار 500 سے زائد افراد کو گھروں کی تعمیر کیلئے 90 ارب 42 کروڑ کی رقم منتقل

14 ہزار گھر مکمل، 1 ارب 96 کروڑ روپے اقساط کی مد میں بھی ادا کردیئے گئے' وزیر ہاؤسنگ

لاہور (این این آئی) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی زیرصدارت محکمہ ہاؤسنگ میں اہم اجلاس ہوا، سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے صوبائی وزیر کو محکمانہ امور بارے تفصیلی بریفنگ دی، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن اور دیگر منصوبوں کی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا کہنا تھا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے پورٹل پر صارفین کی تعداد 15 لاکھ 80 ہزار سے تجاوز کرنا حکومتی پالیسی پر عوام کا اعتماد ہے، 8 لاکھ 7 ہزار 590 افراد قرض کیلئے باقاعدہ درخواستیں جمع کرواچکے ہیں، 74 ہزار 500 سے زائد افراد کو گھروں کی تعمیر کیلئے 90 ارب 42 کروڑ کی رقم منتقل کردی گئی ہے، 14 ہزار گھر مکمل جبکہ 1 ارب 96 کروڑ اقساط کی مد میں بھی ادائیگی کی جاچکی ہے۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے واضح کیا

اسرائیل مشرق وسطیٰ میں طاقت کا ناجائز استعمال کررہا ہے اسی کی زبان میں سبق سکھایا جائے، سینیٹر محمد عبدالقادر

دوحا اجلاس کو محض مذمتی بیانات تک محدود نہیں رکھا جاسکتا، اعلامئے کو نتیجہ خیز بنانا ہوگا، چیئرمین قائمہ کمیٹی دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اسرائیل کی خطے میں بڑھتی ہوئی بربریت نے مشرق وسطیٰ کا امن تباہ کرکے رکھ دیا ہے بینجمن نیتن یاہو نے جنگی جرائم کی تمام حدیں پار کردی ہیں گزشتہ دو برس کی اسرائیلی وحشیانہ بمباری کی وجہ سے 70 ہزار سے زائد فلسطینیوں کو شہید اور دو لاکھ سے زائد کو زخمی کیا جاچکا ہے اسرائیل کی غنڈہ گردی غزہ کی حدود سے نکل کر پورے مشرق وسطیٰ میں پھیل چکی ہے لیکن کسی بھی ملک کو سفاک اسرائیل کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو غزہ میں بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کررہا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت نے خطے کے تمام ممالک میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کردیا ہے اس تباہ کن صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام مسلمان ممالک کو باہمی اختلافات بھلا کر متحد ہونا ہوگا اسرائیل غزہ، لبنان، شام، یمن اور ایران پر حملے کرنے کے بعد اب قطر پر بھی حملہ آور ہوچکا ہے اسرائیل مشرق وسطیٰ میں طاقت کا ناجائز استعمال کررہا ہے اس لئے اسرائیل کو طاقت ہی کی زبان میں سبق سکھایا جائے تاکہ آئندہ اسے کسی بھی ملک کے خلاف جارحیت کی جرات نہ ہو اس مقصد کے حصول کیلئے دوحا میں عرب اسلامی ہنگامی اجلاس طلب کیا گیا ہے تاکہ اسرائیل کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لئے متفقہ اور مضبوط فیصلہ کیا جاسکے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا کہ اس موقع پر اگر اسرائیل کو ظلم و جبر سے باز رکھنے کیلئے بزور بازو نہ روکا گیا تو اسرائیل خطے کے دوسرے ممالک کو بھی اپنی بربریت کا نشانہ بنائے گا دوحا اجلاس کو محض مذمتی بیانات تک محدود نہیں رکھا جاسکتا اس اجلاس کو حتمی پالیسی کی شکل دے کر متفقہ طور پر منظور کیا جائے اسرائیلی جارحیت سے بچاؤ کیلئے ایک مشترکہ فوج تشکیل دی جائے تاکہ اسرائیل کو منہ توڑ جواب دیا جاسکے تمام مسلم ممالک اسرائیل کے ساتھ ہر سطح کے سفارتی و اقتصادی تعلقات کو فوری طور پر ختم کردیں اسرائیل کی مشکیں کسنے کیلئے پاکستان، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت، بحرین، عمان اور ترکیہ کا کردار بطور خاص انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔

ڈی جی سپورٹس خضر افضال ''کھیلتا پنجاب پنک گیمز'' کی تیاریوں بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خیبرپختونخوا کی تاریخ میں پہلی بار خاتون ایس ایس پی تعینات

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کی تاریخ میں پہلی بار محکمہ پولیس میں خاتون کو ایس ایس پی کے عہدے پر تعینات کردیا گیا۔ خیبرپختونخوا کے ضلع صوابی سے تعلق رکھنے عالی عائشہ گل کو ایس ایس پی انویسٹیگیشن پشاور تعینات کیا گیا ہے۔ آئی جی خیبرپختونخوا نے پہلی خاتون ایس ایس پی تعیناتی کا اعلامیہ جاری کردیا۔

قائداعظم اکادمی کا قائداعظم کی برسی کی مناسبت سے مشاعرہ

کراچی (این این آئی) قائداعظم محمد علی جناح کی 77 ویں برسی کی مناسبت سے قائداعظم اکادمی قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن حکومت پاکستان کے زیراہتمام وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون سائنس اور ٹیکنالوجی کے تعاون سے ڈاکٹر عبدالقدیر خان آڈیٹوریم گلشن اقبال کیمپس وفاقی اردو یونیورسٹی کراچی میں ایک شاندار محفل مشاعرے کا انعقاد ہوا محفل مشاعرہ کی مہمان خصوصی رجسٹرار وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون سائنس اور ٹیکنالوجی ڈاکٹر سعدیہ خلیل سمیجہ تھی جبکہ مشاعرے کی صدارت معروف شاعر خالد معین نے کی اور شاعرہ افروز رضوی نے نظامت کے فرائض بخوبی انجام دئے مشاعرے کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے طالبہ نوپرا نے کیا حمد باری تعالیٰ کی سعادت زعفرین صابر نے حاصل کی اور بارگاہ رسالت مآب میں ہدیہ نعت سید محمد عباس نے پیش کی اسی طرح شرکا نے کھڑے ہوکر بلند آواز میں قومی ترانہ پڑھا اس موقع پر قائداعظم اکادمی کے روح رواں و محفل مشاعرے کے میزبان زاہد حسین ابڑو نے ابتدائی کلمات ادا کرتے ہوئے قائداعظم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا

اسپیکر خیبرپختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی سے چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا شہاب علی شاہ کی ملاقات

پشاور (این این آئی) سپیکر خیبرپختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی سے چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا شہاب علی شاہ نے سپیکر ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں چیف وہیپ خیبرپختونخوا اسمبلی و رکن صوبائی اسمبلی اکبر ایوب خان بھی شریک ہوئے۔ ملاقات میں صوبائی اسمبلی سے پاس شدہ قانون سازی کے موثر عملدرآمد اور عوامی فلاح کے لیے اس کے ثمرات کو عوام تک پہنچانے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

سندھ اور وفاق کا 300 روزہ کلائمیٹ ایکشن پلان بنانے پر اتفاق

300 روزہ ایکشن پلان کی تیاری کیلئے چیف سیکریٹری سندھ کی سربراہی میں ورکنگ گروپ قائم

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے مون سون سے قبل 300 روزہ کلائمیٹ ایکشن پلان شروع کرنے، سکھر بیراج کی گنجائش بڑھانے، دریائے سندھ کے کمزور پشتوں کو مضبوط کرنے اور پرانے قدرتی راستوں کی بحالی پر بات چیت کی تاکہ دریائی اور برساتی سیلابوں کے دوران قیمتی جانوں اور املاک کے نقصان کو روکا جا سکے۔ اجلاس پیر کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ اور پرنسپل سیکریٹری آغا واصف بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آنے والے مون سون سیزن جو معمول سے 15 دن پہلے شروع ہونے کی توقع ہے، کے پیش نظر 300 روزہ کلائمیٹ ایکشن پلان تیار کیا جائے گا۔ اس منصوبے کے تحت چاروں صوبائی حکومتیں اپنی تجاویز اور ضروری منصوبے پیش کریں گی۔ اس بات پر زور دیا گیا کہ بروقت اور پیشگی اقدامات سے بارشوں اور دریائی سیلابوں کے نقصانات کو نمایاں طور پر کم کیا جا سکتا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کے باعث سنگین نقصانات کا سامنا کر رہا ہے اور عالمی تعاون ناگزیر ہے۔ اجلاس میں کاربن کریڈٹ مارکیٹ کو مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبوں کو کاربن کریڈٹ مارکیٹ کھولنے میں مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بتایا کہ سندھ نے پہلے ہی کاربن کریڈٹ مارکیٹنگ شروع کردی ہے اور اس کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال دریا میں طغیانی کی وجہ سے مشکلات بڑھ گئی ہیں۔

31 سالہ فلسطینی غزہ سے دوساتھیوں کے ہمراہ جیٹ اسکی کے ذریعے یورپ پہنچنے میں کامیاب

اپنی کہانی ویڈیوز، تصاویر اور آڈیو فائلز کے ذریعے دستاویزی شکل میں محفوظ کی، میڈیا کے ساتھ شیئر کردیں

برسلز (این این آئی) فلسطینی محمد ابودخہ ایک جیٹ اسکی کے ذریعے غزہ سے نکلے اور کئی ممالک سے ہوتے ہوئے بالآخر یورپ پہنچ گئے۔ عالمی خبررساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ابودخہ کے اس سفر میں ایک سال سے زیادہ کا وقت، کئی ہزار ڈالر، چالاکی، ناکامیاں اور ایک جیٹ اسکی لگی، اس طرح 31 سالہ فلسطینی محمد ابودخہ نے غزہ سے یورپ تک پہنچنے میں کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے اپنی کہانی ویڈیوز، تصاویر اور آڈیو فائلز کے ذریعے دستاویزی شکل میں محفوظ کی، جو انہوں نے برطانوی میڈیا کے ساتھ شیئر کیں، رائٹرز نے اٹلی پہنچنے پر ان سے اور ان کے ساتھیوں سے انٹرویوز کیے اور غزہ میں ان کے رشتہ داروں سے بھی بات کی، تقریباً دو سالہ اسرائیل-حماس جنگ سے ہونے والی تباہی کے بعد وہاں سے نکلے، جس میں غزہ کے صحت حکام کے مطابق 64 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، ابودخہ اپریل 2024 میں رفح سرحد پار کر کے پانچ ہزار ڈالر کے عوض مصر میں داخل ہوئے۔ ابودخہ نے بتایا کہ وہ ابتدا میں چین گئے تھے، جہاں انہیں پناہ ملنے کی امید کی تھی تاہم ناکامی کے بعد وہ ملائیشیا اور انڈونیشیا کے راستے دوبارہ مصر آ گئے، انہوں نے رائٹرز کو اقوام متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزین (یو این ایچ سی آر) کے چین میں نمائندہ دفتر کے ساتھ اگست اور ستمبر 2024 کی ای میل دکھائی۔ اس کے بعد وہ لیبیا گئے

لاہور، سیکرٹری اطلاعات سید طاہر رضا ہمدانی سے طرف سے سبکدوش ڈی جی پی آر غلام صغیر شاہد کے اعزاز میں الوداعی تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

شرح سود برقرار رکھنا معیشت کیلئے رکاوٹ ہے، سید امان شاہ

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) شدید متاثر ہورہے ہیں

کراچی (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود کو موجودہ سطح پر برقرار رکھنے کا فیصلہ غیر موزوں اور عوام کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقے کے لیے بھی مایوس کن ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جب مہنگائی کی رفتار کم ہورہی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ قابو میں ہے اور کاروباری سرگرمیوں کو سہارا دینے کی اشد ضرورت ہے، ایسے میں شرح سود کو 11 فیصد پر برقرار رکھنا ملکی معیشت اور ترقی کے راستے میں بڑی رکاوٹ بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلند شرح سود کی وجہ سے کاروباری قرضے مہنگے ہوگئے ہیں، جس کے نتیجے میں خاص طور پر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) شدید متاثر ہورہے ہیں۔ مالی بوجھ بڑھنے سے نئی سرمایہ کاری رک جاتی ہے اور روزگار کے مواقع کم ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح ہاؤسنگ، گاڑیاں اور دیگر ضروریات کے لیے قرضوں میں نمایاں کمی واقع ہوچکی ہے، جس نے معیشت کے مختلف شعبوں پر منفی اثرات ڈالے ہیں۔ سید امان شاہ نے مزید کہا کہ بینکوں کی جانب سے حکومتی بانڈز میں سرمایہ کاری کو ترجیح دی جارہی ہے

پیرس، پاکستان کی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نمائش کے دوران پاکستانی پویلین کا افتتاح کررہی ہیں

بیرسٹر سیف کا آغوش سنٹر کوہاٹ کا دورہ، یتیم بچوں سے ملاقات

یتیم، بے سہارا بچوں کی کفالت، تعلیم و تربیت عظیم فلاحی کام، پوری قوم کو فخر ہے، مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے مشیر اطلاعات و تعلقات عامہ بیرسٹر ڈاکٹر محمد علی سیف نے گزشتہ روز آغوش سنٹر کوہاٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انتظامیہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے دورے کے دوران یتیم بچوں سے ملاقات کی، ان کے ساتھ وقت گزارا اور ان کے کلاسز اور ہاسٹل کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر آغوش سنٹر کی انتظامیہ نے مشیر اطلاعات کو ادارے کے قیام، سہولیات اور کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انتظامیہ نے بتایا کہ آغوش سنٹر کوہاٹ میں اس وقت 104 بچے زیر تعلیم ہیں جنہیں نہ صرف معیاری اور مفت تعلیم دی جارہی ہے بلکہ انہیں بہترین رہائشی اور خوراک کی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما کے لیے غیر نصابی سرگرمیوں کا بھی باقاعدہ اہتمام کیا جاتا ہے۔ انتظامیہ نے مزید بتایا کہ آغوش سنٹر میں ہر بچے پر ماہانہ 20 ہزار روپے خرچ آتا ہے

لکی مروت اور شمالی وزیرستان میں دو نئے پولیو کیسز کی تصدیق، تعداد 26 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے جنوبی خیبرپختونخوا کے اضلاع لکی مروت اور شمالی وزیرستان میں دو نئے پولیو کیسز کی تصدیق کی ہے۔ جاری تفصیلات کے مطابق رواں سال پاکستان میں پولیو کے مجموعی کیسز کی تعداد 26 ہوگئی ہے۔ پولیو ایک لاعلاج بیماری ہے جو عمر بھر کی معذوری کا باعث بن سکتی ہے۔ این ای او سی کے حکام نے کہا کہ انسداد پولیو کی ہر مہم میں پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلائیں۔ وائرس کی روک تھام کے لیے جنوبی خیبرپختونخوا میں اعلیٰ معیاری کی پولیو مہم جاری ہے۔

لاہور، پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

علماء و مشائخ اہلسنّت کا اتحاد وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ پاکستان میں امن واستحکام کے لیے علماء و مشائخ اہلسنت کا اتحاد انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت اہلسنت کا باہمی ہم آہنگی اور اعتدال پسندی ہے تاکہ ملک میں مذہبی ہم آہنگی قائم رکھی جاسکے۔ وہ ان خیالات کا اظہار رابطہ کمیٹی علماء و مشائخ اہلسنت پاکستان کے اعزاز میں منعقدہ ایک شاندار استقبالیہ تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کررہے تھے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم

پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں جس کے تسلسل میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کردیئے گئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ریٹائرڈ سب انسپکٹر احتشام الحق کو میجر سرجری اور کینسر کے علاج کیلئے 10 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل عثمان مبارک کو علاج معالجے کی مد میں 3 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ اے ایس آئی شرافت حسین کو گردے کے علاج کیلئے 2 لاکھ 50 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل خلیل حسین کو کینسر اور مرحوم ہیڈ کانسٹیبل غلام شبیر کی بیوہ کو علاج معالجے کیلئے 2 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔ سکیورٹی کانسٹیبلز سوبان خلیل اور صفیر الحسن کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے جاری۔ شہید سب انسپکٹر محمد وارث کی اہلیہ اور باربر نوید فرید کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے دیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید کہا کہ آئی جی پنجاب نے یہ فنڈز میڈیکل فنانشل اسسٹنس کمیٹی کی سکروٹنی کے بعد جاری کرنے کی منظوری دی ہے

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم

پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کردیئے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور انکے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں جس کے تسلسل میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 21 لاکھ 50 ہزار روپے فنڈز جاری کردیئے گئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ریٹائرڈ سب انسپکٹر احتشام الحق کو میجر سرجری اور کینسر کے علاج کیلئے 10 لاکھ روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل عثمان مبارک کو علاج معالجے کی مد میں 3 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ اے ایس آئی شرافت حسین کو گردے کے علاج کیلئے 2 لاکھ 50 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل خلیل حسین کو کینسر اور مرحوم ہیڈ کانسٹیبل غلام شبیر کی بیوہ کو علاج معالجے کیلئے 2 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔ سکیورٹی کانسٹیبلز سوبان خلیل اور صفیر الحسن کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے جاری۔ شہید سب انسپکٹر محمد وارث کی اہلیہ اور باربر نوید فرید کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 1 لاکھ 50 ہزار روپے دیئے گئے۔

پاکستان ترک دوستی کی اہمیت نئی نسلوں تک پہنچانا ضروری ہے' سپیکر ملک محمد احمد خان

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی ترکیہ کے قونصل جنرل سے اسمبلی چیمبر میں ملاقات

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے ترکیہ کے قونصل جنرل لاہور محمت ایمان شمشیک نے سپیکر چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر دوطرفہ تعلقات، تجارتی تعاون، دفاع، تعلیم اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں اسٹریٹیجک شراکت داری کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے ترکیہ کے قونصل جنرل کی لاہور میں تعیناتی پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کی دوستی اخلاص اور اعتماد پر استوار ہے۔ انہوں نے سیلاب متاثرین کی امداد پر ترک حکومت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دونوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے کا ہر مشکل وقت میں بھرپور ساتھ دیا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ پنجاب میں ترک سرمایہ کاروں کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں، جبکہ پارلیمانی اور سفارتی روابط سے پاک ترک دوستی مزید مستحکم ہوئی ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ترک دوستی کی اہمیت نئی نسلوں تک منتقل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ ترکیہ کے قونصل جنرل محمت ایمان شمشیک نے اس موقع پر کہا

آر ڈی اے نے وزیر ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کے مالکان کے خلاف ایف آئی آر درج کرادی

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ کی ہدایت پر آر ڈی اے بلڈنگ کنٹرول ونگ نے وزیر ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کے مالکان کے خلاف پولیس اسٹیشن چکلالہ میں ایف آئی آر درج کرا دی ہے، کیونکہ وہ غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے تھے۔

متعلقہ افسران کو 15 دنوں کے اندر جوابات جمع کروانے کے احکامات

آر ٹی ایس کمیشن میں دس عوامی شکایات کی شنوائی، خدمات تک بروقت رسائی عوام کا حق ہے، کمیشن

پشاور (این این آئی) رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن میں دس عوامی شکایات کی شنوائی ہوئی۔ چیف کمشنر محمد علی شہزادہ اور کمشنر ذاکر حسین آفریدی نے شہریوں کی درخواستوں پر سماعت کی۔ پشاور سے یحییٰ خان اور محمد جنید نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو درخواست دی تھی۔ کمیشن نے ایس ایس پی آپریشنز کو شہریوں کو بذاتِ خود سن کر شکایت نمٹانے کے احکامات جاری کئے تھے۔ مقررہ وقت میں تحریری جواب موصول نہ ہونے پر کمیشن نے متعلقہ افسران کو آخری یاد دہانی نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا کہ 15 دنوں کے اندر جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں کمیشن قانونی کاروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔ صوابی سے محمد عارف کے کیس میں بھی آخری یاد دہانی نوٹس جاری کیا گیا۔ مختلف اضلاع سے 20 سے زیادہ شہریوں نے اسلحہ لائسنس کے اجراء میں تاخیر پر کمیشن کو درخواستیں دی ہیں۔ کمیشن نے تمام شکایت کنندہ گان کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ ایبٹ آباد سے پرویز نامی شہری نے زمین کی حدبراری کے لیے کمیشن سے رجوع کیا ہے۔ کمیشن نے آج تک عمل میں لائی گئی تمام کاروائی کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ چارسدہ سے کمال خان نامی شہری نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست دی تھی۔

صوبائی وزیر زراعت نے شنوہ گڈی خیل کرک میں زرعی تحقیقاتی سب سٹیشن ڈھکی کھجور تھال کا سنگِ بنیاد رکھا

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کے وزیر زراعت میجر (ر) سجاد بارکوال نے شنوہ گڈی خیل ضلع کرک میں زرعی تحقیقاتی سب سٹیشن ڈھکی کھجور تھال کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر علاقہ عمائدین، محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ یہ منصوبہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سردار علی امین خان گنڈاپور

ورلڈ سوسائیڈ پریونشن ڈے پر کے ایم یو میں آگاہی سیمینار کا انعقاد

روایتی معالجین خودکشی کی روک تھام میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، ڈاکٹر عامر عزیز

پشاور (این این آئی) ورلڈ سوسائیڈ پریونشن ڈے کے موقع پر خیبر میڈیکل یونیورسٹی (کے ایم یو) انسٹی ٹیوٹ آف پبلک منٹل ہیلتھ اینڈ بیہیویرل سائنسز (IPMH&BS) کے زیراہتمام ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ وطالبات، اساتذہ اور ماہرین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے خودکشی کی وجوہات، اس کی روک تھام اور ذہنی صحت کے فروغ کے حوالے سے نہایت اہم نکات اجاگر کیے۔ مہمانِ خصوصی کنسلٹنٹ سائیکاٹرسٹ ڈاکٹر عامر عزیز نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرتی بیداری اور بروقت مداخلت کے ذریعے خودکشی جیسے المیہ سے بچا جاسکتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ روایتی معالجین (Traditional Healers) اگر خودکشی کے خطرے سے دوچار افراد کو وقت پر ماہرینِ نفسیات کے پاس ریفر کریں تو قیمتی جانوں کو بچایا جاسکتا ہے۔ ڈائریکٹر ایڈمیشنز کے ایم یو محمد ارشد خان نے کہا کہ ذہنی دباؤ اور اضطراب تیزی سے بڑھ رہا ہے اور نوجوان نسل شدید مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ملک میں ماہر نفسیات اور ماہرینِ ذہنی امراض کی اشد ضرورت ہے تاکہ عوام کو معیاری ذہنی صحت کی سہولیات فراہم کی جاسکیں

لاہور، پنجاب اسمبلی میں ن لیگ کے چیف وہیپ رانا محمد ارشد بائیکاٹ کرنے والے صحافیوں سے مذاکرات کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کے ساتھ پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما ثمینہ خالد گھرکی کی قیادت میں وفد کے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا شہاب علی شاہ کی زیرصدارت اجلاس

گورننس امور، تجاوزات کے خاتمے اور سیلاب سے بچاؤ کے لئے منصوبہ بندی کا جائزہ

پشاور (این این آئی) چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا شہاب علی شاہ کی زیرصدارت گورننس امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں تجاوزات کے خاتمے، اشیائے خورونوش کی قیمتوں، ماحولیاتی تحفظ اور سیلاب سے بچاؤ کے لئے نکاسی آب کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں انتظامی سیکرٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے جبکہ ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن میں خاطرخواہ پیشرفت ہوئی ہے اور گزشتہ ہفتے کے دوران چارسدہ، ہری پور، مردان، شانگلہ، نوشہرہ، ایبٹ آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان میں وہ تمام غیر قانونی تجاوزات ہٹائی گئی ہیں جن کی نشاندہی کی گئی تھی۔ چیف سیکرٹری نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ملکیتی زمینوں پر قائم تجاوزات کی نشاندہی کریں اور ضلعی انتظامیہ کی مدد سے ان تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنائیں۔ انہوں نے دریاؤں اور شہری علاقوں میں رکاوٹیں دور کرنے اور تجاوزات کے خاتمے کے بعد حدود واضح کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بونیر کے علاقے پیر بابا اور پشاور کے بڈھنی نالہ میں تجاوزات کے معاملات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

مسلم لیگ (ن) خیبرپختونخوا نے صوبائی اسمبلی میں ٹک ٹاک پر پابندی کی قرارداد جمع کرادی

صوابی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) خیبرپختونخوا نے خیبرپختونخوا اسمبلی میں بھی ٹک ٹاک پر پابندی کی قرارداد جمع کرادی۔ رکن اسمبلی ملک سید عمران کی جانب سے پیش قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ٹک ٹاک لائیو چیٹ کے ذریعے نوجوانوں میں فحاشی اور عریانی عروج پر ہے۔ ایپلیکیشن کے ذریعے نوجوان نسل خاص طور پر بچوں کو بے حیائی کی طرف راغب کیا جا رہا ہے۔ ٹک ٹاک پر نوجوان لڑکے لڑکیاں آپس میں فحش گفتگو کرتے ہیں۔

پنجاب پولیس کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری

07 لاکھ 48 ہزار سے زائد شہریوں اور 06 لاکھ 32 ہزار 315 مویشیوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا' آئی جی پنجاب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری ہے جس کے تسلسل میں اب تک 07 لاکھ 48 ہزار سے زائد متاثرہ شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جاچکا ہے جبکہ سیلاب متاثرین کے 06 لاکھ 32 ہزار 315 مویشیوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن میں پنجاب پولیس کے 16 ہزار سے زائد افسران و اہلکار، 773 ڈینگیز اور 40 کشتیاں حصہ لے رہی ہیں۔ سیلاب زدہ علاقوں سے اب تک 03 لاکھ ایک ہزار 366 مردوں، 02 لاکھ 40 ہزار 502 خواتین اور 02 لاکھ 06 ہزار 206 بچوں کو ریسکیو کیا گیا

صوابی، پولیس کی سوشل میڈیا پر گن کلچر کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری

صوابی (این این آئی) ضلع صوابی میں پولیس کی سوشل میڈیا پر گن کلچر کے خاتمے کیلئے کارروائیاں بدستور جاری ہیں، اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صوابی ضیاالدین احمد کی وضع کردہ ہدایات پر ضلعی پولیس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اسلحہ کی نمائش، ہوائی فائرنگ اور گن کلچر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کردیا۔ اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ لاہور الطاف خان کی قیادت میں چوکی شیرآباد انچارج کاشف خان نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش کرنے والے ملزمان شایان اور یحییٰ ساکنان مانکی تحصیل لاہور کو گرفتار کرلیا۔

ملکی معاشی ترقی میں محنت کش طبقے کا کلیدی کردار ہے' سردار سلیم حیدر خان

گورنر پنجاب سے ثمینہ خالد گھرکی اور چیئرمین رکشہ یونین مجید غوری کی وفد کے ہمراہ ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں ثمینہ خالد گھرکی اور چیئرمین رکشہ یونین مجید غوری نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات میں مزدوروں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ملکی معاشی ترقی میں محنت کش طبقے کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقے کو حقوق دیئے بغیر پائیدار اقتصادی و سماجی ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جاسکتے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے ادوار میں ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات اٹھائے اور ان کی اجرت میں اضافہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کے مسائل حل کرنے کے لئے ہرممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مزدوروں کے لئے گورنر ہاؤس کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو مل کر ملک و قوم کی ترقی کے عمل میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔ ثمینہ خالد گھرکی نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو نے ہمیشہ مزدوروں کے حق کی بات کی۔ چیئرمین رکشہ یونین مجید غوری نے کہا کہ پی پی پی مزدوروں کی جماعت ہے

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SPORTS
سپورٹس

محمد عامر نے بھارتی اوپننگ بیٹر ابھیشک شرما کو سلاگر قرار دے دیا

ہر گیند کو مارنے کی کوشش کرتے، گیند بلے پر لگ جائے تو ٹھیک، ورنہ ناکامی کے امکانات زیادہ ہوتے، گفتگو

کراچی (سپورٹس نیوز) سابق پاکستانی فاسٹ بولر محمد عامر نے روایتی حریف بھارت کے خلاف ہونے والے ہائی وولٹیج مقابلے سے قبل بھارتی اوپننگ بیٹر ابھیشک شرما کو سلاگر قرار دے دیا۔ آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026ء میں پاک بھارت ٹاکرے کے حوالے سے محمد عامر نے ابھیشک شرما کے کھیل پر کھل کر اظہارِ خیال کیا اور ان کی تکنیک پر سوال اٹھا دیے۔ محمد عامر نے کہا کہ اب تک جو کچھ میں نے دیکھا ہے، اس کے مطابق ابھیشک شرما ایک سلاگر دکھائی دیتے ہیں جو ہر گیند کو مارنے کی کوشش کرتے ہیں، اگر گیند بلے پر لگ جائے تو ٹھیک، ورنہ ناکامی کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ انہوں نے شرما کی کارکردگی میں عدم تسلسل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ وہ 8 اننگز میں سے شاید ایک میں بڑی اننگز کھیلیں جبکہ باقی میچز میں 10، 15 یا 20 رنز تک محدود رہتے ہیں۔ عامر کے مطابق ان کی بیٹنگ میں مضبوط تکنیک نظر نہیں آتی بلکہ انداز ایسا ہوتا ہے جیسے صرف گیند ملے اور زور سے شاٹ کھیلا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کا دن ہو تو وہ کسی بھی ٹیم کو نقصان پہنچا سکتے ہیں تاہم ان کا کھیل انتہائی خطرناک (ہائی رسک) ہے، وہ سلوئر گیند کے خلاف بھی مشکلات کا شکار دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں ابھیشک شرما کو مکمل بیٹر اس وقت مانوں گا جب وہ معمولی سوئنگ کو بہتر انداز میں کھیل سکیں گے، درست لائن میں آ کر دفاع کر سکیں اور شاٹس مستقل مزاجی سے مڈل کر سکیں، فی الحال معاملہ یہی ہے کہ اگر شاٹ لگ گیا تو لگ گیا، ورنہ نہیں۔

شاہد آفریدی اور شعیب اختر بھی عمران خان کی صحت کیلئے فکر مند ہو گئے

مجھے یہ جان کر بہت دکھ ہوا کہ ان کی آنکھوں کی بینائی جا رہی ہے، شعیب اختر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے اسٹار کرکٹرز شاہد آفریدی اور شعیب اختر بھی سابق کپتان عمران خان کی صحت کے لیے فکر مند ہو گئے۔ شاہد آفریدی، جو ان دنوں بحرین میں موجود ہیں، انہوں نے عمران خان کی صحت سے متعلق ایک سوال کے جواب میں کہا کہ صحت انسان کا بنیادی حق ہے۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ یہ حق عمران خان کو ضرور ملنا چاہیے کہ وہ اور ان کے گھر والے جہاں سے چاہیں علاج کروا سکیں۔ دوسری جانب شعیب اختر نے ایکس پر جاری پیغام میں لکھا کہ میں گزشتہ تین ماہ سے امریکہ میں عمران خان کے شوکت خانم ہسپتال کے لیے فنڈز جمع کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بہت دکھ ہوا کہ ان کی آنکھوں کی بینائی جا رہی ہے۔ شعیب اختر نے کہا کہ امید کرتا ہوں ان کا بہترین علاج ہو گا اور دعا ہے کہ وہ جلد صحتیاب ہو جائیں۔

☆☆☆☆☆

زمبابوے کے ٹی ٹوئنٹی کپتان سکندر رضا کا برطانوی کاؤنٹی ووسٹر شائر سے معاہدہ

سکندر رضا اپنے 19 سالہ پروفیشنل کیریئر میں دنیا بھر کی لیگز کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں، رپورٹ

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سکندر رضا نے رواں برس وٹیلیٹی بلاسٹ ٹی ٹوئنٹی ایونٹ میں شرکت کیلئے برطانوی کاؤنٹی ووسٹر شائر سے معاہدہ کر لیا۔ کاؤنٹی کلب نے معاہدے سے متعلق اعلان اپنی ویب سائٹ میں جس میں بتایا گیا کہ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ کے انتہائی ماہر آل راؤنڈر اس ایونٹ کیلئے ٹیم میں شامل ہونے والے دوسرے اوور سیز کھلاڑی ہیں۔ ویب سائٹ پر بتایا گیا کہ سکندر رضا اپنے 19 سالہ پروفیشنل کیریئر میں دنیا بھر کی لیگز کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں۔ آف اسپنگ آل راؤنڈر آئی پی ایل، سی پی ایل، پی ایس ایل اور ایس اے 20 کے علاوہ دی ہنڈرڈ میں مانچسٹر اور بجنٹس کا حصہ رہ چکے ہیں۔ واضح رہے بھارت اور سری لنکا میں جاری ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں زمبابوے نے ان کی قیادت میں گروپ اسٹیج پر عالمی نمبر دو آسٹریلیا کو 23 رنز سے شکست دی ہے۔



ماسکو، آئس ہاکی میچ کے دوران کھلاڑی ایک دوسرے سے بال چھین رہے ہیں

آل پاکستان محمد علی جناح اوپن لانگ رینج شوٹنگ چیمپئن شپ 2026 کا انعقاد

61 ماہر نشانہ بازوں نے بھرپور حصہ لیا

انفرادی مقابلوں میں 300 میٹر اسپورٹنگ رائفل میچ میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار اور 900 یارڈ ایف ٹی آر میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز نے پہلی پوزیشن حاصل کی

ملتان (سپورٹس نیوز) آل پاکستان محمد علی جناح اوپن لانگ رینج شوٹنگ چیمپئن شپ چیف آف آرمی اسٹاف کپ 2026 کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں انفرادی مقابلوں میں 300 میٹر اسپورٹنگ رائفل میچ میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار اور 900 یارڈ ایف ٹی آر میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان لانگ رینج رائفل ایسوسی ایشن کے زیرِ اہتمام 7 واں ایڈیشن 13 سے 15 فروری کو ملتان میں منعقد کیا گیا۔ چیمپئن شپ میں ملک کے چاروں صوبوں سے مجموعی طور پر 61 ماہر نشانہ بازوں نے بھرپور حصہ لیا۔ ان مقابلوں میں بلوچستان سے 15 رکنی دستہ بھی شامل ہوا۔ 300 سے 1000 گز تک کے آٹھ لانگ رینج رائفل میچز میں کھلاڑیوں نے مشکل موسمی حالات کے باوجود اپنی مہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ فل ٹارگٹ رائفل ٹرافی میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار، ایف فری اسٹائل اوپن ٹرافی میں ولید گل، ٹیکٹیکل میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسان گلریز، اور آئرن سائٹ رائفل میچ میں نور زمان فاتح رہے۔ انفرادی مقابلوں میں 300 میٹر اسپورٹنگ رائفل میچ میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار اور 900 یارڈ ایف ٹی آر میچ میں لیفٹیننٹ جنرل احسن گلریز نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ 1000 یارڈ ایف ٹی آر کے پہلے میچ میں جنید وقاص اقبال، ایف ٹی آر میچ نمبر 2 میں لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار جبکہ 1000 یارڈ ایف اوپن میچز نمبر 1 اور 2 میں ولید احمد گل نے پہلی پوزیشن اپنے نام کی۔ لیفٹیننٹ کرنل جنید علی ذوالفقار نے ایف ٹی آر ایگریگیٹ جبکہ ولید احمد گل نے ایف اوپن 1000 گز اور ایف اوپن ایگریگیٹ کے نئے قومی ریکارڈ قائم کیے۔ اختتامی تقریب میں معزز مہمانوں اور شوٹنگ کمیونٹی کے سینئر نمائندگان نے شاندار کارکردگی پر شوٹرز میں تمغے اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔ پاکستان لانگ رینج رائفل ایسوسی ایشن نے ملک میں لانگ رینج رائفل شوٹنگ کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ قومی لانگ رینج رائفل ٹیم اگست 2026 میں برطانیہ میں ہونے والی 7 ویں ایف کلاس عالمی چیمپئن شپ میں حصہ لے گی۔

ویڈیو، مونیکا سیلس پر قاتلانہ حملہ، ٹینس کی تاریخ کا بدترین واقعہ

مونیکا سیلس کی زندگی طویل، ایک ایسی داستان جس میں عروج بھی ہے، زخم بھی، جلاوطنی بھی

ہیمبرگ (سپورٹس نیوز) ٹینس کی معروف کھلاڑی مونیکا سیلس کے ساتھ پیش آنے والا افسوسناک اور بدترین واقعہ ٹینس کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا جب ان پر کھیل کے دوران قاتلانہ حملہ کیا گیا۔ عظیم ٹینس چیمپئن مونیکا سیلس کی زندگی کو اگر ایک طویل داستان کہا جائے تو غلط نہ ہوگا، ایک ایسی داستان جس میں عروج بھی ہے، زخم بھی، جلاوطنی بھی اور بار بار خود کو نئے سرے سے کھڑا کرنے کی ہمت بھی۔ 30 اپریل 1993 کو جرمنی کے شہر ہیمبرگ میں پیش آنے والا واقعہ ٹینس کی دنیا کے سب سے ہولناک لمحات میں شمار کیا جاتا ہے۔ دنیا کی نمبر ایک کھلاڑی مونیکا سیلس ایک ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں مصروف تھیں کہ اچانک تماشائیوں میں بیٹھے ایک شخص نے کورٹ کے اندر گھس کر ان پر اچانک تیز دھار چھری سے حملہ کر دیا۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک ذہنی مریض مداح نے انہیں چھری مار کر زخمی کیا تھا، جس کے بعد وہ دو سال سے زائد عرصے تک ٹینس سے دور رہیں۔ سیلس اس وقت اپنی حریف میگڈالینا ملیوا کے خلاف کھیل رہی تھیں۔ ایک وقفے کے دوران جب وہ کرسی پر بیٹھیں تو ایک جرمن شہری اچانک ان کے پیچھے سے آیا اور نو انچ لمبی دھاری دار چھری ان کی کمر میں گھونپ دی۔ چاقو ریڑھ کی ہڈی سے چند ملی میٹر کے فاصلے پر پیوست ہوا، مونیکا سیلس درد سے بری طرح چیخ اٹھیں، اسٹیڈیم میں افراتفری مچ گئی وہاں موجود لوگوں نے حملہ آور کو فوری طور پر قابو کر لیا اور کھلاڑی کو اسٹریچر پر ڈال کر اسپتال منتقل کیا گیا۔ بعد ازاں یہ بات سامنے آئی کہ حملہ آور سیلس کی سب سے بڑی حریف اسٹیفی گراف کا جنون کی حد تک مداح تھا۔ اس نے اعتراف کیا کہ وہ گراف کو دوبارہ نمبر ایک بنتے دیکھنا چاہتا تھا اور اسی جنون میں اس نے یہ قدم اٹھایا۔ اگرچہ کمر میں ہونے والا زخم جسمانی طور پر جان لیوا ثابت نہیں ہوا مگر اس واقعے نے سیلس کو ذہنی طور پر گہرا صدمہ پہنچایا، وہ دو سال تک ٹینس سے دور رہیں۔

☆☆☆☆☆

جنوبی افریقی وکٹ کیپر نے دھونی کو پیچھے چھوڑ دیا

33 سالہ کوئنٹن ڈی کوک نے اب تک 30 میچز میں وکٹ کے پیچھے 33 شکار کیے، رپورٹ



نئی دہلی (سپورٹس نیوز) جنوبی افریقا کے وکٹ کیپر بیٹر کوئنٹن ڈی کوک نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2026ء میں تاریخ رقم کر دی ہے۔ 33 سالہ کوئنٹن ڈی کوک نے 2014ء سے ٹی 20 ورلڈ کپ کے میچ کھیل رہے ہیں، انہوں نے اب تک 30 میچز میں اپنے ملک کی نمائندگی کی ہے اور وکٹ کے پیچھے 33 شکار کیے ہیں۔ یہ کارنامہ ڈی کوک کی مختصر ترین دورانیے کی کرکٹ میں مہارت اور مستقل مزاجی کا اظہار ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ عالمی سطح کے بہترین وکٹ کیپر ہیں۔ انہوں نے وکٹ کے پیچھے 26 کیچ پکڑے اور 7 بیٹر کو اسٹمپ آؤٹ کیا ہے۔ یہ اعزاز پہلے سابق بھارتی کپتان مہندر سنگھ دھونی کے نام تھا، جنہوں نے وکٹ کے پیچھے 32 شکار کیے تھے، جن میں 21 کیچ اور 11 اسٹمپ آؤٹ شامل ہیں۔ اس سے قبل یہ اعزاز پاکستانی وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل کے پاس تھا، جنہوں نے 30 میچز میں اتنے ہی بیٹرز کو وکٹ کے پیچھے شکار کیا تھا، انہوں نے 12 کیچز پکڑے اور 18 بیٹر کو اسٹمپ آؤٹ کیا۔ میچ کی خاص بات یہ بھی رہی کہ ٹی 20 ورلڈ کپ کی تاریخ میں یہ دونوں ٹیموں کے درمیان ہائی اسکورنگ میچ رہا، دونوں ٹیموں نے مل کر 353 رنز بنائے، جو الگ نیا ریکارڈ ہے۔

وسیم اکرم کو بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معاملات پر تشویش

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معاملات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں وسیم اکرم نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، قوم کی دعائیں بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں۔ وسیم اکرم نے کہا کہ امید ہے بانی پی ٹی آئی جلد صحت یاب ہوں گے۔ سابق کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم وسیم اکرم نے بانی پی ٹی آئی کے لیے اعلیٰ طبی نگہداشت یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔



Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ
شوبز

ہانیہ عامر کی عاصم اظہر کیساتھ مبینہ شادی کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا

ہانیہ عامر کی مبہم وضاحت نے شوبز حلقوں میں اس تقریب کو ممکنہ طور پر دونوں کے تعلق کی سافٹ لانچنگ بھی قرار دیا جا رہا ہے

کراچی (این این آئی) شوخ و چنچل اداکارہ ہانیہ عامر کی اپنے سابق بوائے فرینڈ گلوکار عاصم اظہر کے ساتھ مبینہ شادی کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچا دیا ہے۔ ہانیہ عامر نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں عاصم اظہر کے ساتھ اپنی شادی کے بارے میں کچھ مبہم سا اشارہ دیا ہے۔ عاصم اظہر کے ساتھ دوبارہ قربتیں کی خبریں تو کافی عرصے سے گرم تھیں لیکن ان کے ساتھ شادی کا معاملہ اس وقت ہاٹ ایشو بنا جب دونوں کی ایک ایسی ویڈیو وائرل ہوئی جس میں جوڑا مہندی کا لباس پہنے رقص کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں حال ہی میں عاصم اظہر کے نئے میوزک البم اور سوشل میڈیا پوسٹس میں بعض اشاروں سے بھی مداحوں کو یقین ہوا کہ یہ پیغامات ہانیہ عامر کے لیے ہیں۔ یاد رہے کہ عاصم اظہر کی منگنی ماڈل اور اداکارہ میرب علی سے ہوئی تھی لیکن وہ جلد ہی ٹوٹ گئی جس کے بعد عاصم اظہر کو ہانیہ عامر کی جانب دوبارہ سے متوجہ پایا گیا۔ ہانیہ عامر نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر وضاحت کی کہ یہ کوئی شادی یا مہندی کی تقریب نہیں تھی بلکہ ان کی سالگرہ کا جشن تھا جسے دوستوں نے ویڈنگ تھیم کے ساتھ منایا۔ اداکارہ ہانیہ عامر کے بقول چونکہ سوشل میڈیا پر ان کی شادی سے متعلق افواہیں گردش کر رہی تھیں اس لیے دوستوں نے مزاحیہ انداز میں شادی کے تھیم پر برتھ ڈے پارٹی کا اہتمام کیا تھا۔ ہانیہ عامر کی یہ مبہم وضاحت اپنی جگہ لیکن شوبز حلقوں میں اس تقریب کو ممکنہ طور پر دونوں کے تعلق کی سافٹ لانچنگ بھی قرار دیا جا رہا ہے تاہم ہانیہ یا عاصم کی جانب سے باضابطہ طور پر کسی تعلق کی تصدیق نہیں کی گئی۔

☆☆☆☆☆

سوشل میڈیا صارفین کی رمضان میں ڈراموں پر تنقید

لوگ انہیں دیکھنا بند کر دیں مواد خود بخود بدل جائے گا، صارفین کی رائے

کراچی (شوبز نیوز) گزشتہ چند برسوں سے پاکستانی ٹی وی چینلز پر خصوصی رمضان ٹرانسمیشن میں اسپیشل ڈرامے باقاعدہ روایت بن چکے ہیں۔ ہر سال مختلف چینلز رمضان کے لیے ہلکے پھلکے، رومانوی اور مزاحیہ ڈرامے پیش کرتے ہیں جو ریٹنگ میں بھی نمایاں مقام حاصل کرتے ہیں۔ اسی پلیٹ فارم سے فرحان سعید اور اقرا عزیز جیسے فنکاروں کو بھی بے حد مقبولیت ملی۔ سال 2026 میں بھی متعدد نئے رمضان ڈرامے نشر ہونے جا رہے ہیں۔ ان ڈراموں کے ٹیزرز میں رنگا رنگ مناظر، رقص اور ہلکے پھلکے رومانوی لمحات دکھائے گئے ہیں۔ تاہم سوشل میڈیا صارفین کی ایک بڑی تعداد نے اس رجحان پر تنقید شروع کر دی ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ رمضان جیسے مقدس مہینے میں نشر ہونے والے پروگراموں کا محور عبادت، اخلاقیات اور مثبت پیغام ہونا چاہیے، جبکہ جو ڈرامے رمضان میں دکھائے جا رہے ہیں ان میں موسیقی، رقص اور غیر سنجیدہ کہانیوں کو زیادہ جگہ دی جا رہی ہے۔ کئی صارفین نے رائے دی کہ ایسے ڈرامے رمضان کی اصل روح سے مطابقت نہیں رکھتے ہیں۔ ایک صارف نے لکھا کہ موجودہ شوز میں نامناسب تعلقات کو عام کیا جا رہا ہے جو تشویشناک بات ہے۔ کچھ افراد نے ناظرین سے اپیل کی کہ وہ ان پروگراموں کو ریٹنگ دے کر فروغ نہ دیں، جبکہ دیگر کا کہنا تھا کہ اگر عوام دیکھنا بند کر دیں تو چینلز خود بخود مواد میں تبدیلی لائیں گے۔ دوسری جانب کچھ حلقے یہ مقف بھی رکھتے ہیں کہ رمضان ڈرامے تفریح فراہم کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں اور انہیں مکمل طور پر مذہبی پروگرام سمجھنا درست نہیں۔ بہرحال، سوشل میڈیا پر جاری بحث سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سال رمضان ڈراموں کے موضوع اور انداز پر گفتگو زور پکڑ چکی ہے۔

☆☆☆☆☆

بھٹو کی سزا کا فیصلہ آنے سے پہلے ہی پھانسی کا معلوم ہو گیا تھا، سینئر اداکار شاہد کا انکشاف

پھانسی سے قبل جج کے گھر گیا کیونکہ ان سے اچھے مراسم تھے اور سزا نہ دینے کی اپیل بھی کی، بھٹو کا بہت بڑا عاشق ہوں، اداکار



کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی فلم انڈسٹری کے نامور اداکار شاہد نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کا فیصلہ ہونے سے قبل ہی سزائے موت کا علم ہو چکا تھا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان فلم ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی کی جانب سے پاکستان کے معروف فلم اسٹار شاہد نے کراچی پریس کلب میں منعقدہ پروگرام ''گپ شپ'' میں میڈیا کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر فلمسٹار شاہد نے کہا کہ کراچی سے ہمیشہ محبتیں ملیں جس کا تسلسل جاری ہے، جب بھی یہاں آتا ہوں بہت زیادہ پذیرائی دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی فلمی صنعت کی ازسرنو بحالی حکومتی سرپرستی سے ممکن ہے کیونکہ انڈسٹری کی مسلسل زبوں حالی کی وجہ ابھی چیلنجز زیادہ بڑھ چکے ہیں، اس سلسلے میں نئے سینما گھروں کی تعمیر اور فلم پروڈکشن کے حکومتی سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے دوران میں فلمی صنعت عروج پر تھی، میں بھٹو کا بہت بڑا عاشق ہوں، ان کے دور میں مجھ سمیت دیگر اداکاروں کو جتنی پذیرائی ملی اتنی عزت پھر کبھی نہیں ملی۔ اداکار شاہد نے بتایا کہ مجھے اس بات کا پتہ چل چکا تھا کہ بھٹو صاحب کا فیصلہ ہو چکا ہے، جس صبح پھانسی کا فیصلہ لکھا جانا تھا اس سے ایک رات قبل میں کیس کے جج مولوی مشتاق کے گھر پر رات کے 2 بجے پہنچا کیونکہ ان سے گھریلو مراسم تھے، انھیں نیند سے جگا کر میں نے ان سے گزارش کی کہ ذوالفقار بھٹو کو پھانسی نہ دیں۔ شاہد کے مطابق جواب میں مولوی مشتاق غصے میں آ گئے اور انہوں نے کہا کہ تم کوئی سیاستدان ہو جو یہ بات کہہ رہے ہو، یاد رکھو کہ تم ایک فلمی اداکار ہو؟ انہوں نے کہا کہ بعد ازاں بھٹو کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا، جو کہ میری نظر میں پاکستان کا بہت بڑا نقصان تھا کیونکہ قائداعظم کے بعد بھٹو کی شخصیت سیاسی اعتبار سے سحر انگیز تھی، سن 71 کی جنگ کے حوالے سے ہماری ذاتی پروڈکشن کے تحت بننے والی فلم میں پاکستانی اداروں اور افواج پاکستان نے بہت سپورٹ کیا، اس مشکل سبجیکٹ کی فلمبندی کے لیے اس وقت کے ٹینکس اور ہوائی جہاز مہیا کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے ساتھ مشترکہ فلم سازی پر کام ہونا چاہیے کیونکہ ماضی میں یہ سلسلہ کامیاب رہا ہے۔ اداکار شاہد نے کہا کہ برسوں قبل فلم انڈسٹری کی بحالی کے لیے نیف ڈیک کا قیام عمل میں لایا گیا تھا، مگر نیف ڈیک نے بجائے ڈائریکٹر اور پروڈیوسرز کو سپورٹ کرنے کے خود ہی آگ اور خون کے ٹائٹل سے فلم بنا ڈالی جو باکس آفس پر ڈیڈ فلاپ ہوئی۔ تقریب کے اختتام پر اداکار شاہد کو سندھی اجرک، ٹوپی پہنائی گئی۔

امریکی گلوکارہ بیونسے کے انسٹاگرام فالوورز میں بڑی کمی

بیونسے کے شوہر جیزی نے اب تک اس معاملے پر خاموشی اختیار کر رکھی ہے

ٹیکساس (شوبز نیوز) شوہر جیزی کا نام ایپسٹین فائلز کے نام سے لیک ہونے والے دستاویز میں سامنے آنے کے بعد سے امریکی گلوکارہ اور نغمہ نگار بیونسے کے انسٹاگرام فالوورز کی تعداد اچانک گرنے لگی ہے۔ ریاست ٹیکساس سے تعلق رکھنے والی 45 سالہ بیونسے کا اس تنازع سے براہ راست کوئی تعلق نہیں تاہم اس کے باوجود آن لائن ردعمل کا اثر ان پر بھی پڑا ہے۔ سوشل میڈیا پر بحث و مباحثہ شدت اختیار کر چکا ہے اور ایپسٹین فائلز میں شامل ناموں سے وابستہ ہر فرد توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ بیونسے کے شوہر جیزی نے اب تک اس معاملے پر خاموشی اختیار کر رکھی ہے، جبکہ بیونسے نے بھی کوئی بیان جاری نہیں کیا ہے، جس کے باعث قیاس آرائیاں مزید بڑھ گئی ہیں۔ امریکی گلوکارہ کے انسٹاگرام پر ایک کروڑ سے زائد فالوورز کم ہو گئے ہیں۔ فالوورز میں یہ کمی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب بیونسے کی پیشہ ورانہ زندگی میں کچھ زیادہ فرق تو نہیں پڑ سکا ہے۔ فوربس نے حال ہی میں تصدیق کی کہ وہ باضابطہ طور پر ارب پتی شخصیات کی اس فہرست میں شامل ہو چکی ہیں جس میں ان سے قبل انکے شوہر جیزی، ٹیلر سوئفٹ، ریحانہ اور بروس اسپرنگسٹین موجود ہیں اور اب بیونسے پانچویں موسیقار و گلوکار کے طور پر اس میں داخل ہوئی ہیں۔

غزہ سے یکجہتی، اروندھتی رائے کا برلن فلم فیسٹیول سے دستبرداری کا اعلان

جیوری ارکان کا بیان انسانیت کے خلاف جرم پر گفتگو کو بند کرنے کا ایک طریقہ ہے، بیان

نئی دہلی (شوبز نیوز) بھارتی مصنفہ اروندھتی رائے نے برلن انٹرنیشنل فلم فیسٹیول سے دستبردار ہونے کا اعلان کر دیا ہے، جس کی وجہ انہوں نے جیوری ارکان کی جانب سے غزہ کے بارے میں دیئے گئے ناقابل معافی بیانات بتائی ہے۔ بھارت کے اخبار دی وائر میں لکھتے ہوئے اروندھتی رائے نے کہا کہ فیسٹیول کی جیوری کے ارکان، جن میں جیوری کے چیئرمین اور معروف ہدایتکار وِم ویندرز بھی شامل ہیں، کا یہ کہنا کہ فن کو سیاسی نہیں ہونا چاہئے انتہائی حیران کن ہے۔ بھارتی دانشور مصنفہ نے لکھا کہ یہ انسانیت کے خلاف جرم پر گفتگو کو بند کرنے کا ایک طریقہ ہے، جبکہ یہ جرم ہماری آنکھوں کے سامنے جاری ہے، میں صدمے اور نفرت کا شکار ہوں، فنکاروں، مصنفوں اور فلم سازوں کو جنگ روکنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرنی چاہیے۔ اروندھتی نے واضح الفاظ میں کہا کہ غزہ میں جو کچھ ہوا اور جو جاری ہے، وہ فلسطینی عوام کی نسل کشی ہے جو اسرائیلی ریاست کر رہی ہے، یہ جنگ امریکہ اور جرمنی سمیت یورپ کے کئی ممالک کی حمایت اور مالی مدد سے جاری ہے، جس سے یہ ممالک بھی اس جرم میں شریک بنتے ہیں۔ اروندھتی رائے اس فیسٹیول میں شرکت کرنے والی تھیں، جو 12 سے 22 فروری تک جاری رہتا ہے، کیونکہ ان کی 1989 کی فلم اِن وچ اینی گیوز اٹ دوز ونز کو کلاسکس سیکشن میں نمائش کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔

نک جوناس سے علیحدگی کی افواہوں پر پریانکا چوپڑا نے خاموشی توڑ دی

شادی کو آٹھ برس مکمل ہو چکے، کچھ افراد اب اس کے خاتمے کے منتظر ہیں تو یہ ان کی ذاتی سوچ ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے شوہر کے ساتھ تعلقات سے متعلق گردش کرنے والی افواہوں پر خاموشی توڑ دی۔ شوبز ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق 43 سالہ اداکارہ نے پہلی بار کھل کر ان قیاس آرائیوں پر بات کی ہے جو ابتدا ہی سے اس جوڑے کے گرد منڈلاتی رہی ہیں۔ حالیہ دنوں میں ان کی مبینہ علیحدگی سے متعلق بھی خبریں سامنے آئیں، جس کے بعد یہ معاملہ مزید زیر بحث آ گیا۔ پریانکا چوپڑا نے کہا کہ وہ آج تک یہ نہیں سمجھ سکیں کہ ان کی شادی میں ایسی کون سی بات تھی جو بعض لوگوں کو کھٹکتی رہی۔ ان کے مطابق ممکن ہے اس کی وجہ یہ ہو کہ وہ اور ان کے شوہر مختلف ثقافتی پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ممالک، مذاہب، ثقافتوں اور عمر کے فرق پر شادی کے وقت جو بحث چھڑی، وہ کسی حد تک تکلیف دہ ضرور تھی تاہم انہوں نے اور ان کے شوہر نے ان باتوں کو اہمیت دینے کے بجائے اپنے رشتے کو ترجیح دی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ان کی شادی کو آٹھ برس مکمل ہو چکے ہیں اور اگر کچھ افراد اب بھی اس کے خاتمے کے منتظر ہیں تو یہ ان کی ذاتی سوچ ہے، ان کے بقول وہ اس بارے میں مزید سوچنا مناسب نہیں سمجھتیں، کیونکہ ہر شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے فیصلے خود کرے اور جس کے ساتھ چاہے زندگی گزارے۔ انہوں نے شوہر نک جوناس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان میں اخلاص اور سنجیدگی جیسی خوبیاں نمایاں ہیں، جو انہیں اپنے والدین سے وراثت میں ملی ہیں۔ پریانکا کے مطابق جب وہ پہلی بار نک جوناس سے ملیں تو انہیں اندازہ نہیں تھا کہ وہ بھی اسی مزاج اور سوچ کے حامل ہیں، اور یہی ہم آہنگی ان کے رشتے کو مضبوط بناتی ہے۔

☆☆☆☆☆

گوری خان کا کمال، 100 سال پرانے آبائی گھر کو لگژری ریزورٹ بنا دیا

گوری خان بچپن میں اپنے خاندان اور کزنز کے ساتھ کئی موسم گرما کی تعطیلات گزارہ کرتی تھیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کے سپر سٹار شاہ رخ خان کی اہلیہ اور انٹیریئر ڈیزائنر گوری خان نے اپنے 100 سال پرانے آبائی گھر کو لگژری ریزورٹ میں تبدیل کر دیا جہاں ایک رات قیام کے چارجز 1 لاکھ 20 ہزار روپے تک ہو سکتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ گوری خان ایک سپر سٹار کی اہلیہ ہیں لیکن انہوں نے ہمیشہ اپنی انفرادی شناخت برقرار رکھی ہے، خاص طور پر اپنے پیشے کے طور پر انہوں نے انٹیریئر ڈیزائنر کا کام جاری رکھا اور کئی مشہور شخصیات کے گھروں کو خوبصورت بنایا۔ انہوں نے منت میں بھی اپنی ہنرمندی کے جوہر دکھائے جہاں ان کے شوہر شاہ رخ خان اور بچے ان کے ساتھ رہائش پذیر ہیں، حال ہی میں انہوں نے ایک انتہائی ذاتی منصوبے پر کام شروع کیا اور اپنی 1933 کی آبائی جائیداد کو دوبارہ تعمیر کر کے 6 بیڈ رومز والا ولا بنایا جو ڈلہاسی میں واقع ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 100 سال پرانی خاندانی جائیداد اب ایک لگژری ریزورٹ میں تبدیل ہو چکی ہے، جو عام لوگوں کیلئے پہاڑی مناظر کے ساتھ دستیاب ہے، یہ وہ جگہ ہے جہاں گوری خان بچپن میں اپنے خاندان اور کزنز کے ساتھ کئی موسم گرما کی تعطیلات گزارہ کرتی تھیں۔ گوری خان کی کزن رستم تیواڑی نے اس لگژری ریزورٹ کی تیاری میں ان کے ساتھ کام کیا، یہ گھر گوری خان کے ماموں تیجندر تیواڑی کی ملکیت ہے۔

بقیہ نمبر 1

پیپلز یوتھ آرگنائزیشن نے مزید کہا کہ اگر اختر مینگل اور بلوچستان نیشنل پارٹی کو پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین یا میر علی حسن زہری کی سیاست پر اعتراض ہے تو انہیں چاہیے کہ تنقید کا جواب دلیل، کارکردگی اور حقائق کے ساتھ دیں۔ ذاتی حملوں اور سیاسی شور شرابے کے بجائے عوام کے سامنے اپنی گزشتہ سیاسی کارکردگی کا حساب پیش کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے اختر مینگل بلوچستان کی سیاست میں ایک نمایاں نام رہے ہیں، مگر ان کے آبائی علاقے وڈھ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں کے عوام آج بھی بنیادی مسائل، پسماندگی، بے روزگاری، تعلیم، صحت اور ترقیاتی سہولیات کے حوالے سے سوالات اٹھا رہے ہیں۔ عوام یہ جاننا چاہتے ہیں کہ طویل سیاسی سفر کے باوجود ان کے علاقوں میں وہ بنیادی تبدیلی کیوں نہیں آسکی جس کے وعدے بارہا کیے گئے۔ سیاست کا مقصد صرف اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کی خدمت، نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنا، ترقیاتی منصوبوں کو یقینی بنانا اور عام آدمی کی زندگی بہتر بنانا ہونا چاہیے۔ جو سیاسی جماعتیں عوام کے نام پر سیاست کرتی ہیں، انہیں اپنی کارکردگی کا حساب بھی عوام کو دینا ہوگا بلوچستان کے نوجوان اب روایتی سیاست سے آگے بڑھ کر عملی کارکردگی، ترقی اور روزگار کے مواقع چاہتے ہیں۔ نوجوان نسل کو جذباتی نعروں کے بجائے تعلیم، کھیل، روزگار اور ترقی کے مواقع درکار ہیں۔ پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان میر علی حسن زہری نے اگر کسی سیاسی شخصیت کی پالیسیوں یا طرزِ سیاست پر سوال اٹھایا ہے تو یہ ان کا جمہوری اور سیاسی حق ہے۔ بلوچستان کے عوام کو بھی حق حاصل ہے کہ وہ اپنی پسند اور ناپسند کا فیصلہ آزادانہ طور پر کریں۔ پیپلز یوتھ آرگنائزیشن اور بلوچستان بھر کے جیالے میر علی حسن زہری کے ساتھ کھڑے ہیں اور عوامی مسائل، نوجوانوں کے حقوق اور بلوچستان کی ترقی کے لیے اپنی آواز بھرپور انداز میں بلند کرتے رہیں گے۔ پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان

بقیہ نمبر 2

یا ہے، دہشت گرد بھتہ خوری، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ دریں اثنا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف کی ہے۔ محسن نقوی نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف برسر پیکار بہادر سپوت ہمارا فخر ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی اہم کامیابی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 3

نے پورے مشرق وسطیٰ میں بدامنی پھیلا رکھی ہے جبکہ سامراجی طاقتوں کی پشت پناہی سے اسرائیلی تخریب کاری کا سلسلہ جاری ہے۔ اپنے بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ اسرائیل عالمی طاقتوں کی حمایت سے خطے میں بدامنی پھیلا رہا ہے، تاہم عوامی اتحاد اور مزاحمت کے ذریعے موجودہ مشکلات پر قابو پالیں گے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ حکومت کو رہبر انقلاب مجتبیٰ خامنہ ای کی بھرپور رہنمائی حاصل ہے، دشمن کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے بلکہ ماہرین کی مشاورت سے معاہدہ کیا۔ ایرانی صدر کے مطابق امریکا کے ساتھ معاہدہ قومی وقار اور رہبر معظم کے اصولوں کے تحت طے پایا، جبکہ ملکی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے امریکا کے ساتھ معاہدہ کیا گیا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ملک کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ایرانی صدر نے بچوں کی علمی پیشرفت اور ان کا مستقبل سنوارنے کے لیے سرمایہ کاری کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر 4

رہنے کے بعد بحال کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور کے لیے جعفر ایکسپریس اتوار کو مقررہ وقت پر روانہ ہوئی۔ حکام نے پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس شیڈول کے مطابق کوئٹہ پہنچنے کا بتایا۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق ٹرین سروس ریلوے ٹریک کی مرمت کی وجہ سے 14 اور 15 اگست کو روکی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 5

اسکیم کی درخواستوں کی وصولی کی تاریخ میں تبدیلی کردی گئی ہے، اب درخواستیں 17 کے بجائے 18 اگست سے وصول کی جائیں گی۔ ذرائع وزارت مذہبی امور کے مطابق حج درخواستیں اور اخراجات آن لائن اور حبیب بینک کی مقررہ برانچوں کے ذریعے جمع کرائے جاسکیں گے، حج 2027 کی درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی اور کوٹہ مکمل ہوتے ہی درخواستوں کی مزید وصولی روک دی جائے گی۔ حج 2027 کے لیے پاکستان کا مجموعی حج کوٹہ ایک لاکھ 79 ہزار 210 مقرر کیا گیا ہے، جس میں سرکاری حج اسکیم کے لیے 60 فیصد یعنی ایک لاکھ 7 ہزار 526 جبکہ نجی حج اسکیم کے لیے 40 فیصد یعنی 71 ہزار 684 کا کوٹہ مختص ہے۔ ذرائع کے مطابق حج اخراجات دو مساوی اقساط میں وصول کیے جائیں گے اور درخواست جمع کراتے وقت پہلی قسط میں نصف حج اخراجات ادا کرنا ہوں گے، اس مرتبہ حج درخواستوں کی وصولی کے لیے 16 بینکوں کے بجائے صرف حبیب بینک کو منتخب کیا گیا ہے، جس کے باعث پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر درخواستوں کے اجرا کے وقت رش بڑھنے کا خدشہ بھی ظاہر کیا جارہا ہے۔ عازمین پاک حج ایپ اور ویب سائٹ کے ذریعے بھی درخواستیں جمع کراسکیں گے، جبکہ حج اخراجات ون لنک، پی ایس آئی ڈی یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ادا کیے جاسکیں گے۔ آن لائن چالان حاصل کرکے حج اخراجات نقد بھی جمع کرائے جاسکیں گے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے حج درخواستیں جمع کراسکیں گے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری حج اسکیم کے لیے صرف پہلے سے رجسٹرڈ عازمین ہی درخواست دے سکیں گے۔ سرکاری اسکیم میں لانگ اور شارٹ حج پیکیج کے لیے درخواستیں وصول ہوں گی۔ شارٹ حج کے لیے 30 ہزار جبکہ لانگ حج کے لیے 77 ہزار 526 کا کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔ شارٹ حج کا دورانیہ 20 سے 25 روز جبکہ لانگ حج کا دورانیہ 38 سے 42 روز ہوگا۔ سرکاری حج اسکیم کے شارٹ حج پیکیج کے اخراجات 13 لاکھ روپے جبکہ لانگ حج پیکیج کے اخراجات 12 لاکھ روپے مقرر کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پہلی مرتبہ نجی حج اسکیم کی درخواستیں بھی حکومت کی نگرانی میں وصول ہوں گی۔ نجی حج اسکیم کے عازمین بھی ون لنک، پی ایس آئی ڈی یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے اخراجات جمع کراسکیں گے۔ پی او سی کارڈ رکھنے والے تارکین وطن کے لیے ایک فیصد حج کوٹہ مختص کیا گیا ہے، جس کے تحت ایک ہزار 792 عازمین حج ادا کرسکیں گے۔ ذرائع کے مطابق ڈیجیٹل نظام کے ذریعے حج درخواستوں اور اخراجات کی وصولی کے عمل کو مزید آسان بنایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 6

جاری طویل جنگ کا سفارتی حل تلاش کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ خلیجی عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ جنگ ڈونلڈ ٹرمپ نے شروع کی اور اس کی قیمت ہم ادا کر رہے ہیں، فروری میں امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کے بعد امریکا کے خلاف غصہ بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ اخبار نے رپورٹ کیا کہ کئی ماہ سے جاری تنازع اور ایران اور اس کے حامی گروپس کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملوں کے تسلسل کے باعث سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت اور بحرین میں ٹرمپ انتظامیہ پر تنقید میں اضافہ ہوا ہے اور بعض خلیجی ممالک نے اپنی سرزمین پر وسیع پیمانے پر امریکی فوجی تنصیبات کی میزبانی جاری رکھنے کے فوائد پر سوال اٹھانا شروع کردیے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ خطے میں موجود ایک مغربی سفارت کار نے خبردار کیا کہ اس پیش رفت کو امریکا کے حوالے سے رائے میں بڑی تبدیلی قرار نہیں دیا جاسکتا، ایران کے ساتھ جنگ سے قبل بھی امریکی افواج کا خطے میں پرجوش خیر مقدم نہیں کیا جاتا تھا۔ انہوں نے خطے میں امریکی بیسز کے حوالے سے کہا کہ یہ ایک ایسی چیز تھی جسے ناگزیر برائی سمجھ کر برداشت کیا جا رہا تھا اب اس کی ضرورت پر ہی سوال اٹھایا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں نشان دہی کی گئی کہ خلیجی ممالک میں یہ بے چینی ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ٹرمپ ایران کے خلاف مزید کارروائی کی بار بار دھمکیاں دیتے ہیں اور دوسری طرف مذاکرات میں پیش رفت کا حوالہ دیتے ہوئے اپنی دھمکیوں سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں جبکہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان تنازع ختم کرنے کے لیے کوئی حتمی معاہدہ طے نہیں پا سکا۔ اخبار کے مطابق وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے اس تصور کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کے تمام خلیجی شراکت داروں کے ساتھ غیر معمولی تعلقات ہیں اور تنازع شروع ہونے کے بعد سے واشنگٹن اپنے علاقائی اتحادیوں سے مسلسل رابطے میں ہے۔ خلیجی ممالک کی تشویش کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا کہ عہدیداروں کا خیال ہے کہ جنگ واضح نتیجے کے بغیر طول پکڑنے کی وجہ سے خدشات میں اضافہ ہوتا گیا اور بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک سکیورٹی کے لیے اب بھی واشنگٹن پر انحصار کرتے ہیں، جس میں فوجی ساز و سامان، گولہ بارود اور انٹیلی جنس کی فراہمی شامل ہے۔

بقیہ نمبر 7

ٹرانسپورٹرز اور یونین سے ہڑتال ختم کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت سب سے بڑی ضرورت ملک کی برآمدات کو تیزی سے بڑھانا ہے، پاکستان کی برآمدات کا تحفظ آج ہمارا سب سے بڑا قومی مشن ہے، عالمی منڈی میں پاکستان کی بطور قابل اعتماد تجارتی شراکت داری اور ساکھ کا تحفظ ضروری ہے۔ ہڑتال سے نقصان ہوا تو انٹرنیشنل امپورٹرز شاید دوبارہ پاکستان کا رخ نہ کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ زرمبادلہ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا کر انہیں ملکی معیشت میں داخل کرنا ہے۔ ہر ایک ڈالر کی برآمد پاکستان کے مستقبل سے جڑی ہے۔ ہڑتال کے باعث تقریباً دس لاکھ ڈالر تک کے برآمدی آرڈرز خطرے میں ہیں۔ ایک ایکسپورٹر نے بتایا کہ ہڑتال کی وجہ سے ان کے آرڈرز شدید خطرے میں ہیں جبکہ ایک اور ایکسپورٹر نے بتایا کہ وہ تقریباً ایک ملین ڈالر کے ایکسپورٹ آرڈرز کھو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایکسپورٹ کے راستے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ کو ہم ملک کے مفاد میں نہیں سمجھتے، حکومت ٹرانسپورٹرز کے ساتھ بیٹھ کر بات چیت اور مسائل حل کرنے کے لیے تیار ہے

بقیہ نمبر 8

صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں، کیا علیم خان نے صوبوں سے متعلق کوئی منصوبہ پیش کیا ہے؟ صرف بات کرنے سے یا پوڈ کاسٹ کرنے سے تو صوبے نہیں بن سکتے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے حوالے سے اب تک کوئی پلان نہیں بنایا گیا ہے، کوئی کہہ رہا ہے 12 صوبے ہوں گے، کوئی 32 اور کوئی 20 کہہ رہا ہے، کیا کوئی آدمی محض خیالی طور پر یہ کہہ سکتا ہے کہ ملک میں ایسا ہونا چاہیے؟ ان کا کہنا تھا کہ مصطفیٰ کمال کا معاملہ تو صرف کراچی کی حد تک ہے، عوامی سطح پر صوبوں سے متعلق کوئی مقبول ڈیمانڈ نہیں ہے، سوائے صوبہ ہزارہ کے کہیں بھی عوام مطالبہ نہیں کر رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں مسلم لیگ ن کی اعلیٰ قیادت نے نئے صوبوں سے متعلق کوئی بات نہیں کی، ہماری یہ سوچ ہے کہ عام آدمی کے مسائل اس کی دہلیز پر حل ہونے چاہئیں۔

بقیہ نمبر 9

میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا، امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ نمبر 10

نے ماں بیٹی کو قتل کیا، جس پر نوشکی سمیت پورا بلوچستان سوگوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی بی حنیفہ سرکاری ملازمہ تھیں جبکہ یہ خاندان سیلاب سے متاثر ہوا تھا اور پاک فوج کے تعاون سے ان کا گھر بحال ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ماں بیٹی کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ پرامن شہری کی حیثیت سے زندگی گزار رہی تھیں۔ گھروں میں گھس کر بلوچ خواتین کو قتل کرنا کون سی بلوچیت اور غیرت ہے، دہشت گرد بلوچ قوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے۔ مینا مجید نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد صرف سیکیورٹی فورسز ہی نہیں بلکہ بے گناہ شہریوں، خواتین اور بچوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں۔ حکومت اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہیں، بلوچستان میں امن دشمن عناصر کو شکست دیں گے اور صوبے کے امن و امان کو خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو دہشت گردوں کی شناخت اور ان کے خلاف کردار ادا کرنا ہوگا۔ انسانی حقوق کی چیمپئن بننے والی تنظیموں کی جانب سے اس واقعے پر خاموشی افسوسناک ہے، ہم مظلوموں کے لیے ہر جگہ آواز اٹھائیں گے۔ مینا مجید نے مزید کہا کہ بی بی حنیفہ اور حفصہ کا قتل صوبے کے تمام امن پسند اور ترقی پسند لوگوں کا قتل ہے، دہشت گردوں کا یہ مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے آچکا ہے اور سب کو مل کر دہشت گردی کے خلاف آواز بلند کرنا ہوگی۔ وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید درانی نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گھر میں بیٹھی خواتین کو تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کیا گیا، سمجھ نہیں آرہی کہ ہم کس طرف جا رہے ہیں۔ اکیسویں صدی میں اس قدر تشدد ناقابل فہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی بی حنیفہ اور بی بی حفصہ کے قتل پر افسوس ہے، اس واقعے پر کہیں سے مذمتی بیان نہ آنا بھی تشویشناک ہے۔ مذہب اور بین الاقوامی قوانین میں بھی خواتین کو جنگوں کے دوران استثنیٰ حاصل ہے۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ پارلیمنٹرین غزالہ گولہ نے بی بی حفصہ اور بی بی حنیفہ کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے اور اس پر خاموش نہیں بیٹھ سکتے۔ خواتین کے قتل میں ملوث افراد کو ضرور سزا ملے گی، بطور پارلیمنٹرین ہم ہمیشہ خواتین کے حقوق کی بات کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 11

تفصیلات کے مطابق طویل وقفے کے بعد قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اہم اجلاس طلب کرلیے گئے۔ سینیٹ اجلاس کا 69 نکاتی ایجنڈا جاری ہوگیا جس کے مطابق 10 قوانین سینیٹ میں منظوری کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ سینیٹ سیکریٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایجنڈے کے مطابق الیکشن ایکٹ میں ترمیمی بل کی منظوری ایجنڈے میں شامل ہے

بقیہ نمبر 12

مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفیٰ ملک، سابق رکن قومی اسمبلی آمنہ سلیم، رضوان صادق خان، پیر چراغ الدین شاہ، مہرین ملک آدم، انیلہ ایاز چوہدری، یاسر منیر، عاطف مغل، رحیم اعوان، چوہدری جہانگیر سمیت مسلم لیگی رہنماؤں اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ چوہدری سالک حسین نے ڈاکٹر محمد امجد اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا اور جشن آزادی کا کیک کاٹا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے قوم کو مبارک باد دی اور کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ اسے ترقی یافتہ، خوشحال اور عالمی سطح پر باوقار ملک بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی صدر چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ تدبر، بردباری، رواداری اور مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا۔ وہ بھی انہی اصولوں پر عمل کرتے ہوئے پارٹی کو دوبارہ مضبوط اور فعال بنانا چاہتے ہیں۔ کارکنان ان کے دست و بازو ہیں اور جماعت کی تنظیم نو میں ان کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار ہمیشہ نہیں رہتا، اس لیے فیصلے قومی مفاد اور سوچ سمجھ کر کیے جانے چاہئیں۔ جائز کام کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہر شخص کے لیے کھلے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت اوورسیز پاکستانیز نے گزشتہ ڈھائی برس کے دوران نمایاں پیش رفت کی ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند کیا، جس پر بیرون ملک مقیم پاکستانی فخر محسوس کرتے ہیں۔ اب پوری قوم کو متحد ہوکر معاشی میدان میں آگے بڑھنا ہوگا۔ ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے اصول ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ چوہدری شجاعت حسین کے اتحاد، برداشت اور رواداری کے فلسفے پر عمل پیرا ہے، جبکہ چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین بھی انہی کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ سینیٹر نیلوفر بختیار نے کہا کہ پاکستان آج قائداعظم؟ کے اصولوں اور قومی اداروں کی انتھک محنت کی بدولت عالمی برادری میں سربلند ہے۔ چوہدری محمد الیاس، مسز فرخ خان، غلام مصطفیٰ ملک، رضوان صادق خان، انتخاب خان چمکنی اور دیگر مقررین نے بھی قوم کو مبارک باد پیش کی۔ اختتام پر پیر چراغ الدین شاہ نے ملکی سلامتی، ترقی اور سربلندی کے لیے خصوصی دعا کرائی۔

بقیہ نمبر 13

شرفی نے کہا ہے کہ پاکستان میں مدارس کے 15 بورڈ موجود ہیں، 22 ہزار مدارس کی رجسٹریشن چیریٹی کمیشن کے ذریعے کی جائے تاکہ نیا نظام شروع کرنے کی ضرورت نہ پڑے، مدارس کے بینک اکاؤنٹس کھولنے کی سہولت فراہم کی جائے اور بیرون ملک سے آنے والے طلبہ کے لیے بھی ضروری سہولیات پیدا کی جائیں، ہماری کوشش ہوگی کہ تمام اسلامی ممالک مکہ معاہدہ میں شامل ہوں۔ ماڈل ٹاؤن میں متحدہ مدارس کونسل پاکستان کے زیر اہتمام تحریک پاکستان سے استحکام پاکستان تک، علمائے کرام مدارس کا کردار و قومی رواداری کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مدارس عربیہ دین اسلام اور پاکستان کی خدمت کر رہے ہیں، آج بھی برملا کہتے ہیں اگر کسی مدرسے سے متعلق کہا جائے کہ وہاں انتہا پسندی یا دہشتگردی کی تربیت دی جا رہی ہے تو اسے خود تالہ لگائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ معاہدہ مکہ مکرمہ امہ کی وحدت و اتحاد ہے اسے آگے بڑھنا چاہیے، معاہدہ مکہ مکرمہ کے دروازے سب کیلئے کھلے ہیں تاکہ اسرائیل کو ناکام بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم امہ متحد ہو تو دنیا کیلئے اہم ہے، پاکستان کی موجودہ قیادت نے دنیا میں اپنا منفرد مقام پیدا کیا ہے، ایران ہو سعودی عرب ہو یا امریکہ سب ہی پاکستان پر اعتماد کر رہے ہیں، ہماری کوشش ہوگی کہ تمام اسلامی ممالک مکہ معاہدہ میں شامل ہوں، اگر نیٹو بن سکتا ہے اور یورپی یونین اکٹھی ہوسکتی ہے تو اسلامی دنیا کیوں اکٹھی نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ تشدد سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ مذاکرات کا راستہ بہترین راستہ ہوتا ہے، ملک کی مذہبی قوتیں ہوں یا سیاسی قوتیں سب کو مل بیٹھنا چاہیے تاکہ ملک کے مسائل حل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک صوبوں میں مدارس کی رجسٹریشن کا میکانزم نہیں بن سکا، مرکز میں مدارس کی رجسٹریشن کا میکانزم تو ہے لیکن صوبوں میں قانون سازی ہونا باقی ہے، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان سے بھی مدارس کی رجسٹریشن کی آواز آئی ہے تاکہ مدارس کے بینک اکاؤنٹس کھولنے کا مسئلہ حل ہوسکے۔

بقیہ نمبر 14

مطابق مخصوص نشستوں پر کاغذات نامزدگی 20 اگست تک جمع کرائے جاسکیں گے۔ ریٹرننگ آفیسر 20 اگست کو امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی اسکروٹنی مکمل کرکے اہل قرار پانے والے امیدواروں کی فہرست جاری کریں گے۔ کاغذات نامزدگی کے خلاف اپیلیں 21 اگست کو دائر کی جاسکیں گی، جبکہ الیکشن کمیشن دائر اپیلوں پر 22 اگست کو سماعت کرکے فیصلے کرے گا۔ 23 اگست کو مخصوص نشستوں پر امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کی جائے گی، جس کے بعد 24 اگست کو پولنگ ہوگی۔

بقیہ نمبر 15

خدمات اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے نئے انتظامی یونٹس کے قیام اور اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے پر زور دیا۔ مباحثے میں مقررین نے کہا کہ پاکستان کو درپیش مسائل محض مالی نوعیت کے نہیں بلکہ انتظامی بھی ہیں، اس لیے حکومتی ڈھانچے میں اصلاحات، وسائل کی منصفانہ تقسیم، مضبوط بلدیاتی نظام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی ضروری ہے۔ شرکا نے واضح کیا کہ نئے صوبے یا انتظامی یونٹس بنانا محض جغرافیائی تقسیم نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور حکومتی اداروں تک ان کی رسائی آسان بنانا ہونا چاہیے۔ سابق ضلع ناظم لاہور میاں عامر محمود نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حوالے سے ان کا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں، پاکستان کی بنیاد عوام کی فلاح پر ہے اور ہر خطے کی انتظامی ترجیح شہریوں کی بہبود اور مفادات ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب رقبے اور آبادی کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، اس لیے قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کے تحت اسے زیادہ وسائل ملتے ہیں۔ این ایف سی ایوارڈ پر عمل درآمد کے باوجود وسائل کی تقسیم کے معاملے میں پنجاب کو مسلسل تنقید کا سامنا رہتا ہے۔ میاں عامر محمود نے کہا کہ عوام سیاست دانوں کا زیادہ موثر احتساب کرسکتے ہیں، اس لیے انتظامی ڈھانچے، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنے پر قومی سطح پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے۔ ان کے مطابق مقصد ملک کو تقسیم کرنا نہیں بلکہ عوام کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس یا صوبوں کے قیام سے سب سے زیادہ فائدہ بلوچستان کو ہوسکتا ہے، اس کے بعد سندھ کو فائدہ پہنچے گا۔ شرکا نے بھی اس بات پر اتفاق کیا کہ نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام کے ساتھ مضبوط بلدیاتی نظام، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم بھی ضروری ہے۔ معروف دانشور ظہور دھریجہ نے کہا کہ جنرل ضیاء الحق کے دور میں بھی نئے صوبوں کے قیام کے معاملے کا جائزہ لینے کے لیے ایک کمیشن تشکیل دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں نئے صوبے کے قیام کا طریقہ کار موجود ہے، جس کے تحت قومی اسمبلی اور متعلقہ صوبائی اسمبلی کی منظوری درکار ہوتی ہے، تاہم بعد میں جنرل ضیاء الحق نے نئے صوبے بنانے کا عمل مشکل کردیا۔

بقیہ نمبر 16

، حافظ آباد اور وزیرآباد میں بارشیں متوقع ہے۔ ترجمان کے مطابق قصور، اوکاڑہ، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور نور پور تھل میں بارش متوقع ہے۔ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، لیہ، بھکر، ساہیوال، پاکپتن، بہاولنگر، بہاولپور اور ڈی جی خان میں 20 اور 21 اگست کو بارش کا امکان ہے۔ راولپنڈی، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ اور لاہور کے نشیبی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے، مری گلیات اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 17

مربوط سیکیورٹی نظام بنانے کی بھی پیشکش کی گئی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ٹرمپ نے بھی اس موقع پر کم جانگ ان کے ساتھ ملاقات کی یادگار تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کی۔

بقیہ نمبر 18

کرتے ہوئے پارٹی چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پاکستان کے موجودہ صوبے قانونی تقاضوں پر نہیں بنائے گئے تھے، آج ملک میں جو صوبے ہیں وہ لسانی بنیادوں پر بنائے گئے تھے، زیادہ آبادی کے باوجود یہ صوبے انتظامی یونٹ ہیں، آبادی کی رفتار سے زیادہ ملک بھر میں اضلاع بنا دیے گئے لیکن آبادی کے بڑھنے کے باوجود صوبے نہیں بنائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے نہ بنانے کے جو اثرات آئے ہیں اس پر بھی بات کرنی چاہیے، ہم نے جو تجویز پیش کی اس پر ملک کی مختلف جماعتیں آواز سے آواز ملا رہی ہیں، ملک بھر کے افراد سے کہتے ہیں کہ ہم آئیں اس پر ڈائیلاگ شروع کرتے ہیں، اس پر ایک بڑے قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر 19

ذریعے نیا اقدام متعارف کرایا، جس میں ایرانی شہری دفاعی کارروائیوں کے لیے مسلح افواج سے تعاون کے لیے عطیات دیں گے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس منصوبے کے تحت کوئی بھی ایک امریکی فوجی کو قتل کرے یا گرفتار کرکے حکام کے حوالے کرے گا ان کو انعام کے طور پر 30 ہزار ڈالر (5 ارب تومان) دیا جائے گا۔ ایرانی آرمی چیف امیر حاتمی نے کہا کہ بہادر ایرانی خواتین میں سے کوئی یہ اقدام کرے تو ان کو اس رقم کا دوگنا انعام ملے گا اور اس کے لیے استعمال ہونے والا اسلحہ فوج کی جانب سے مارکیٹ کے مقابلے میں دوگنا زیادہ قیمت میں خریدا جائے گا اور میوزیم میں مستقل طور پر آویزاں کیا جائے گا۔ جنرل امیر حاتمی نے کہا کہ مقدس آبنائے ہرمز ایرانی عوام کے لیے ایک خداداد جغرافیائی وسیاسی اثاثہ ہے، یہ تزویراتی برتری اب بھی پرانی پوزیشن پر واپس نہیں جائے گی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امریکی صدر کے کارناموں کی جانب سے ایک آبنائے ہرمز کی پوشیدہ صلاحیتوں کو متحرک کرنا ہے، ہم اس صلاحیت سے بخوبی آگاہ تھے لیکن یہ جنگ نہ ہوتی تو یہ اس کی افادیت اس طرح سامنے نہ آتی۔ ایرانی آرمی چیف نے کہا کہ یہ برتری جنگ کو اس انداز میں ختم کرنے کے لیے بنیادی شرائط میں سے ایک ہے، جس سے ایران پر منڈلاتا ہوا جنگ کا خطرہ ہمیشہ کے لیے دور ہوجائے گا اور امریکہ کا انخلا مکمل کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کو خلیج فارس، بحیرہ عمان اور آبنائے ہرمز میں داخل ہونے کی ہرگز اجازت نہیں ہے، ہر ایک کو یہ جان لینا چاہیے کہ امریکی فوجی اڈے اب بھی اپنی پرانی حالت میں بحال نہیں ہوسکیں گے اور ایران اس کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔

بقیہ نمبر 20

کے درمیان گورنر ہاؤس کراچی میں مذاکرات کامیاب ہوگئے، جس کے بعد ٹرانسپورٹرز نے ملک گیر ہڑتال 40 روز کے لیے مؤخر کرنے کا اعلان کردیا۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ ہڑتال ختم نہیں کی گئی بلکہ حکومتی یقین دہانیوں پر مؤخر کی گئی ہے، وعدوں پر عمل نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ احتجاج کیا جاسکتا ہے

بقیہ نمبر 21

آپریٹ کرے گی۔ پی آئی اے لاہور اور اسلام آباد سے مجموعی طور پر 7 ہفتہ وار پروازیں چلائے گی، جن میں اسلام آباد سے لندن کے لیے 5 جبکہ لاہور سے لندن کے لیے 2 پروازیں شامل ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق ترکش ایئرلائنز سے سلاٹس واپس ملنے کے بعد پی آئی اے لندن کے لیے روزانہ ایک پرواز آپریٹ کرے گی۔

بقیہ نمبر 22

یوز کیے۔ مری میں ہونے والے انٹرویوز کے دوران نواز شریف نے خواتین امیدواروں کے سیاسی پس منظر، پارٹی کے لیے خدمات اور عوامی خدمت سے متعلق تفصیلات معلوم کیں، جبکہ امیدواروں کے پروفائلز اور سیاسی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے آزاد کشمیر اسمبلی کی آٹھ مخصوص نشستوں پر نامزدگیوں کے حوالے سے مشاورت کا عمل جاری رکھا۔ ان نشستوں میں پانچ خواتین، ایک علما و مشائخ، ایک ٹیکنوکریٹ اور ایک بیرون ملک مقیم کشمیریوں کے لیے مخصوص نشست شامل ہے۔ حالیہ آزاد کشمیر کے عام انتخابات میں مسلم لیگ (ن) 45 براہ راست منتخب نشستوں میں سے 25 نشستیں حاصل کرکے سب سے بڑی پارلیمانی جماعت بن کر سامنے آئی، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے 12 نشستیں حاصل کیں۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی جانب سے مخصوص نشستوں پر نامزدگیوں اور نئی حکومت کی تشکیل کے حوالے سے مشاورت جاری ہے۔ پارٹی کی جانب سے مخصوص نشستوں کے لیے حتمی نام مشاورتی عمل مکمل ہونے کے بعد سامنے آنے کا امکان ہے۔ خواتین امیدواروں کے انٹرویوز کے موقع پر پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر، انوشہ رحمان اور رانا ثنا اللہ بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 23

قرار دینے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا۔ گزشتہ روز ان غیر ملکیوں کے ویزے منسوخ کرکے خصوصی پرمٹ جاری کیے گئے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ تمام غیر ملکیوں کو ملک بدر کرنے کیلئے اڈیالہ جیل منتقل کیا جا رہا ہے، ان کو 15 روز کے اندر پاکستان سے واپس بھیج دیا جائے گا۔ 284 غیر ملکیوں کو اسلام آباد کی نجی ہاسنگ سوسائٹی سے گرفتار کیا گیا تھا، گرفتار افراد میں اکثریت ویتنام، انڈونیشیا اور چین کے شہریوں کی ہے۔ گرفتار زیادہ تر غیر ملکی سیاحتی یا وزٹ ویزے پر پاکستان آئے ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 24

تحفظ، انسانوں کے درمیان احترام اور باہمی تعاون کو بنیادی اہمیت عطا فرمائی، ہمیں چاہیے کہ اس مقدس مہینے کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں سیرت طیبہ کے اصولوں کو زیادہ مؤثر انداز میں اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں معاشرے کو درپیش مختلف مسائل کا مقابلہ باہمی احترام، اتحاد اور رواداری کے جذبے کو فروغ دے کر کیا جاسکتا ہے، ماہ ربیع الاول ہمیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے رویوں کا جائزہ لیں اور ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کے لیے اپنا کردار ادا کریں جہاں محبت، بھائی چارہ، انصاف اور انسانی ہمدردی کو فروغ حاصل ہو۔ پاکستان کی ترقی اور استحکام بھی قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری کے اسی جذبے سے وابستہ ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی تعلیمات اور عملی کردار کے ذریعے انسانیت کو ایک ایسا جامع ضابطۂ حیات عطا فرمایا جس میں فرد کے حقوق کے ساتھ معاشرتی ذمہ داریوں کو بھی نمایاں مقام حاصل ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت ہمیں دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے، ضرورت مندوں کا سہارا بننے، مظلوم کی حمایت کرنے اور معاشرے میں امن و انصاف کے قیام کا درس دیتی ہے، ان اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنے معاشرے میں مثبت اور تعمیری تبدیلی لاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاول کے موقع پر ہمیں وطن عزیز کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کرنی چاہئیں، اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہوکر اتحاد و اتفاق کی راہ اختیار کرنے اور پاکستان کو امن و خوشحالی کی منزل کی جانب آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ انہوں نے تمام اہل اسلام کو ماہ ربیع الاول کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 25

تک بہادر ایرانی قوم کے حقوق کا تحفظ نہیں کیا جاتا، امریکا اور اسرائیل کی مکمل شکست تک پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ بیان میں کہا گیا کہ مزاحمت کی میراث ایران کی نئی نسل کو منتقل ہوگئی ہے، ایران کی نئی نسل دنیا کی طاقت ورفوج کے سامنے ڈٹ کر کھڑی رہی اور دشمن کے ہتھیار ڈالنے تک ایران اپنے جائز حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گا جبکہ امریکا غیر ضروری مطالبات پر ڈٹا ہوا ہے۔ جارحیت جاری رکھے ہوئے ہے۔ ایرانی مسلح افواج نے کہا کہ ایران کے آزادی پسند نوجوانوں نے دنیا کی سب سے بڑی فوج اور جارح امریکا کے سامنے ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اس کے جنوبی رہنماؤں کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا۔ بیان میں کہا گیا کہ عوام نے امریکی قیادت میں عالمی غنڈہ گردی، بالادستی کے عزائم اور دہشت گردی کے خلاف مقابلے کے لیے مسلح افواج کا بھرپور ساتھ دیا اور مزید ثابت قدمی کا مظاہرہ کریں۔

بقیہ نمبر 26

محکمہ مال، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ تقریباً پانچ گھنٹے تک جاری رہنے والی کھلی کچہری میں وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے بڑی تعداد میں آئے ہوئے شہریوں کی شکایات کو تفصیل سے سنا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کیں۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے اپنے حلقہ انتخاب جہلم، سوہاوہ اور دینہ میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ شروع کیا ہے اور اس ضمن میں جہلم، سوہاوہ اور دینہ میں ایک ایک کھلی کچہری منعقد کی جا چکی ہیں۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد شہریوں سے براہ راست ان کے مسائل سننا اور ان کا حل کرنا ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ عوام نے جہلم کی تاریخ میں پہلی بار اس نوعیت کی کھلی کچہریوں کے انعقاد کو سراہا۔ قبل ازیں جہلم پہنچنے پر وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کا پرتپاک استقبال کیا گیا، عوام اور پارٹی کارکنوں نے نشان امتیاز کے لیے نامزدگی پر مبارکباد بھی دی۔

بقیہ نمبر 27

نے دعویٰ کیا کہ یمن میں جاری کشیدگی کے دوران یہ حوثی گروپ کے لیے پہنچنے والے بدترین نقصانات میں سے ایک ہے۔ یمنی فوجی ذرائع کے مطابق کارروائیوں کے دوران ہلاک ہونے والے اہلکاروں میں سے زیادہ تر کا تعلق الصمد بریگیڈ سے ہے اور اس کے علاوہ حالیہ دنوں میں صنعاء کے اسپتالوں میں کئی لاشیں منتقل کی جاچکی ہیں۔ دوسری جانب حوثیوں کی جانب سے جنوبی طیر کے علاقے ال براہ میں اسپیشل فورسز سمیت فوج کی بڑی تعداد تعینات کی گئی ہے، جس کا مقصد جانی نقصان کا بدلہ لینے اور مزید شدت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھنا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہفتے کو بھی جھڑپوں کے دوران حوثی فورسز کے 64 افسران کو ہلاک کردیا گیا۔ صنعا میں فوجی ذرائع کا کہنا تھا کہ حوثیوں نے فوجی اہلکاروں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے لڑائی میں شریک ہونے کی شرط پر جیل سے سیکڑوں قیدیوں کو رہا کرنا شروع کردیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ صعدہ، حجہ اور صنعا کی جیلوں سے تقریباً 850 قیدیوں کو رہا کیا گیا، جن میں جرائم اور منشیات سے متعلق الزامات کا سامنا کرنے والے افراد بھی شامل ہیں۔ اسی طرح ذمار صوبے میں مزید 1,400 قیدیوں کو رہا کرنے کی تیاریاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 28

بھارت کی جانب سے سلال ڈیم کے تمام اسپل وے گیٹس مکمل طور پر کھول دیے گئے، سلال ڈیم سے تقریباً ایک لاکھ 50 ہزار کیوسک سیلابی ریلا چھوڑ دیا گیا۔ جس سے چناب پر قائم ہیڈ مرالہ، خانکی اور قادر آباد پر پانی کے شدید دباؤ کا خدشہ ہے۔ اعلامیے کے مطابق ہیڈ مرالہ کے مقام پر اگلے 48 گھنٹوں میں اونچے درجے کا سیلابی ریلا گزرنے کا امکان ہے، دریائے چناب سے ملحقہ علاقوں کی مقامی انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت کردی گئی ہے

بقیہ نمبر 29

دوسرے شہر سے جڑا ہوا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اب سیالکوٹ ایئرپورٹ پر جہلم، گجرات، آزاد کشمیر کے لوگ بھی آتے ہیں، ان سارے منصوبوں کا سہرا تاجر برادری کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی جو اسٹینڈرڈ بنا رہی ہے وہ بین الاقوامی سطح پر مانا جاتا ہے

بقیہ نمبر 30

تحسین ہے۔ صادق سنجرانی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان و وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو پر حملے کے دوران پولیس نے بروقت جوابی کارروائی کی، پولیس اہلکاروں نے جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کا مقابلہ کیا جو قابل تحسین ہے۔ سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے کہا کہ میر ضیاء اللہ لانگو کی بحفاظت رہنے پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ نمبر 31

کو دھمکانے کی خواہشات ترک کریں اور جنگ ختم کریں۔ اس کے علاوہ جنوبی کوریا کی جانب سے سرحدی کشیدگی روکنے کے لیے مربوط سیکیورٹی نظام بنانے کی بھی پیشکش کی گئی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ٹرمپ نے بھی اس موقع پر کم جانگ ان کے ساتھ ملاقات کی یادگار تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کی۔

بقیہ نمبر 32

کئی علاقے شدید گرمی کی لہر سے متاثر ہوں گے۔ الشرقیہ ریجن کے ساتھ دارالحکومت ریاض کے مشرق اور جنوبی علاقوں میں گرمی کی لہر متوقع ہے۔ متاثرہ علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 47 سے 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے۔ اس سے قبل قومی مرکز کے ترجمان حسین القحطانی نے بیان میں کہا تھا کہ اگست جو موسم گرما کا آخری مہینہ ہے، کے دوران مملکت کے بیشتر علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ علاوہ ازیں جازان، عسیر الباحہ اور مکہ مکرمہ کے پہاڑی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش اور ژالہ باری کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ تبوک اور نجران کے کچھ حصوں میں گردآلود تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ مکہ مکرمہ ریجن میں گردآلود تیز ہوائیں چلنے سے حد نگاہ محدود ہوسکتی ہے۔ قومی مرکز نے شہریوں اور رہائشیوں پر زور دیا کہ وہ ویب سائٹ اور آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے موسم کی صورتحال سے اپ ڈیٹ رہیں

بقیہ نمبر 33

تعلیم، صحت، روزگار، انفراسٹرکچر اور ترقیاتی منصوبوں پر توجہ اس وژن کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اب صرف نعروں کے بجائے عملی کارکردگی دیکھنا چاہتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہمیشہ عوام کی خدمت، جمہوریت، ترقی اور محروم طبقات کو بااختیار بنانا رہا ہے انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری نے بلوچستان کے عوامی مسائل اور سیاسی رویوں کے حوالے سے جو سوالات اٹھائے ہیں، ان پر سنجیدہ سیاسی بحث ہونی چاہیے۔ کسی بھی سیاسی موقف کا جواب ذاتی تنقید کے بجائے دلیل اور حقائق سے دینا جمہوری رویوں کا تقاضا ہے۔ سینیٹر عمر گورگیج نے کہا کہ پیپلز پارٹی بلوچستان کے عوام اور نوجوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ صوبے کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار، کھیل اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی کوششوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان اپنا سیاسی اور جمہوری کردار ادا کرتی رہے گی

بقیہ نمبر 34

ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور سمندر میں ڈوبنے والے دونوں افراد کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن شروع کردیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص کی لاش سمندر سے نکال لی، جبکہ دوسرے شخص کا تاحال سراغ نہیں مل سکا۔ امدادی ٹیمیں سمندر میں سرچ آپریشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ واضح رہے کہ کراچی کے ساحلی علاقوں میں سمندر میں نہاتے ہوئے ڈوبنے کے واقعات ماضی میں بھی پیش آتے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 35

کہ خواتین معاشرے کی نصف آبادی ہیں، ملک کی تعمیر و ترقی، جمہوری استحکام اور سیاسی عمل میں ان کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، مسلم لیگ (ن) خواتین کو سیاسی میدان میں آگے بڑھنے اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے بھرپور مواقع فراہم کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین ونگ کے زیر اہتمام 200 سے زائد خواتین کی پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی خواتین ونگ کی صدر اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، ثنا راچکزئی، شاکرہ محمد حسنی اور کارکنان بھی موجود تھے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بڑی تعداد میں خواتین کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام بالخصوص خواتین کا پارٹی کی قیادت، پالیسیوں اور منشور پر اعتماد بڑھ رہا ہے۔ خواتین کی سیاسی شمولیت محض تعداد بڑھانے تک محدود نہیں بلکہ انہیں پارٹی کے تنظیمی امور، قانون سازی، عوامی مسائل کے حل اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار دینا مسلم لیگ (ن) کی ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ نمبر 36

اہم ذریعے کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق شنگھائی میں پاکستانی قونصلیٹ جنرل کے زیر اہتمام لان یوئے ویڈنگ آرٹ سنٹر میں منعقدہ فیسٹیول میں تقریباً 250 افراد نے شرکت کی جن میں پاکستانی تاجر اور طلبہ کے علاوہ چینی کے پھلوں اور غذائی اشیا کی تقسیم، سپر مارکیٹوں، کولڈ چین لاجسٹکس اور ای کامرس کے شعبوں سے وابستہ کاروباری نمائندے شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق یہ فیسٹیول پاکستان کے سفارتی مشنز کی جانب سے منعقد کی جانے والی تقریبات کے سلسلے کا حصہ تھا۔ اس سال کے اوائل میں بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے جبکہ گوانگ ژو اور چینگ ڈو میں پاکستانی قونصل خانوں نے بھی آم کے میلوں کا انعقاد کیا تھا۔

بقیہ نمبر 37

برادر چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک سردار محمد یوسف نے کہا کہ عبدالعلیم خان کی جانداری حمایت ہمارے لیے حوصلے کا باعث ہے، نئے صوبوں کے قیام سے کسی کو خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، آئینی طور پر نئے صوبے بننے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ عوام کو ان کے حقوق انکی دہلیز پر ملنے چاہیئں اور اس کام کو جلد کرنا چاہیے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ میں وزیراعظم شہباز شریف سے صوبہ ہزارہ کی بات کرچکا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا تھا کہ وہ جلد اس حوالے سے اجلاس بلائیں گے۔ وقت کے ساتھ نئے ضلعے اور تحصیلیں بنی ہیں، نئے صوبے بھی بننے چاہیے ہیں۔ مرکزی کوآرڈینیٹر صوبہ ہزارہ تحریک پروفیسر سجاد قمر عبدالعلیم خان نے ہزارہ صوبہ کی بات کرکے ایک کروڑ عوام کی ترجمانی کی ہے، عبدالعلیم خان کی طرح باقی لیڈرشپ کو بھی آگے آنا چاہیے۔ لوگوں کے باہر نکلنے اور خرابیاں پیدا ہونے سے پہلے ان کا مطالبہ پورا کریں۔ چھوٹے صوبے پاکستان کی سلامتی اور استحکام کا ضامن ہوں گے۔

بقیہ نمبر 38

ہم کرکے انہیں باعزت اور محفوظ روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام صرف چند سو نوجوانوں تک محدود نہیں بلکہ 30 ہزار سے زائد ہنر مند نوجوانوں کو عالمی روزگار کی مسابقتی مارکیٹ کے لیے تیار کرنے کا جامع منصوبہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ جعلی ورک پرمٹس کی اطلاع ملتے ہی امیدواروں کو بار بار متنبہ کیا گیا کہ وہ متعلقہ ادارے کی تصدیق کے بغیر کسی بھی ای میل، ورک پرمٹ یا آفر لیٹر پر اعتماد نہ کریں اور نہ ہی اپنے ذاتی کوائف فراہم کریں۔ بی ٹیوٹا آج بھی یہ واضح کرتا ہے کہ ورک پرمٹ جاری کرنا متعلقہ فرم کی ذمہ داری ہے، جبکہ ادارہ صرف تصدیق شدہ ورک ویزہ کے حصول کے بعد اپنے طے شدہ ضوابط کے مطابق مالی معاونت کا پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ اور فرضی دستاویزات کو بنیاد بنا کر ادارے اور حکومتی پروگرام کو بدنام کرنا نوجوانوں کے مفادات کے خلاف ہے۔ حکومت بلوچستان اپنی بیٹیوں اور بیٹوں کی عزت، وقار اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور کسی بھی نوجوان کو غیر معتبر کمپنی یا غیر محفوظ روزگار کی طرف نہیں دھکیلا جائے گا۔ ترجمان بی ٹیوٹا نے واضح کیا کہ کسی کنسلٹنٹ فرم کی مبینہ بے ضابطگیوں سے متاثر ہونے والے نوجوانوں کی طرح بی ٹیوٹا بھی اس معاملے میں متاثرہ فریق ہے، کیونکہ حکومت بلوچستان نے اس منصوبے پر خطیر وسائل خرچ کیے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر چیف منسٹر انسپکشن ٹیم نے شفاف تحقیقات مکمل کرکے رپورٹ پیش کی، جس کی روشنی میں اینٹی کرپشن ادارہ مزید قانونی کارروائی کر رہا ہے تاکہ ذمہ دار عناصر کا تعین کرکے انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جاسکے۔ ترجمان نے بی ٹیوٹا دفتر میں نوجوانوں پر تشدد کے الزامات کو بھی سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ الزامات بے بنیاد اور من گھڑت ہیں۔ نوجوانوں کے وفود ہمیشہ ادارے میں آئے، ان کے مسائل سنے گئے اور انہیں عزت و احترام کے ساتھ حکام سے ملاقات کا موقع فراہم کیا گیا۔ ادارہ گمراہ کن الزامات لگانے والے عناصر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان نے نوجوانوں کی سہولت کے لیے ڈائریکٹ ایمپلائمنٹ پروگرام بھی شروع کیا ہے، جبکہ QTECH کے تحت ایک ہزار نوجوانوں کو جدید آئی ٹی اور تکنیکی علوم کی عالمی معیار کی تربیت فراہم کرنے کا پروگرام بھی جاری ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو مارکیٹ سے منسلک کرکے باعزت روزگار کے قابل بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں روزگار حاصل کرنے والے نوجوانوں کے ساتھ بی ٹیوٹا مسلسل رابطے میں ہے اور وہاں درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ بیرون ملک روزگار کا عمل متعلقہ ممالک کے قوانین، ویزا کوٹے اور کمپنیوں کی ضروریات سے منسلک ہوتا ہے، اس لیے ہر مرحلے میں قانونی اور شفاف طریقہ کار اختیار کرنا ضروری ہے۔ ترجمان بی ٹیوٹا نے کہا کہ ادارہ مستقبل میں صوبے کے نوجوانوں کو ملک کے نامور اور عالمی شہرت یافتہ تکنیکی و تعلیمی اداروں سے اعلیٰ معیار کی تربیت دلانے کے لیے جامع منصوبہ بندی کر رہا ہے تاکہ بلوچستان کے نوجوان عالمی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق مزید باصلاحیت بن سکیں۔ ترجمان نے آخر میں کہا کہ حکومت بلوچستان اور بی ٹیوٹا نوجوانوں کے مسائل کے فوری، شفاف اور عادلانہ حل کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں۔ نوجوان صوبے کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کے روشن، باوقار اور محفوظ مستقبل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ نوجوانوں سے اپیل ہے کہ وہ غیر مصدقہ ورک پرمٹس، آفر لیٹرز اور سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اطلاعات پر یقین کرنے کے بجائے متعلقہ ادارے سے تصدیق ضرور کریں۔

بقیہ نمبر 39

فیصلہ زمینی حقائق اور موجودہ زرعی صورتحال سے مطابقت نہیں رکھتا اس وقت صوبے کے مختلف علاقوں بالخصوص نصیر آباد ڈویژن میں فصلوں کو کھاد کی اشد ضرورت ہے مگر نائٹروجن کھادوں کی خرید و فروخت پر پابندی کے باعث زمینداروں اور کسانوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ میر محمد امین عمرانی نے کہا کہ زراعت بلوچستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور ہزاروں خاندان براہ راست زراعت کے شعبے سے وابستہ ہیں ایسے وقت میں جب فصلوں کو بہتر پیداوار کے لیے بروقت کھاد کی فراہمی انتہائی ضروری ہے، کھاد کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کرنا زمینداروں اور کسانوں کے لیے مزید مشکلات پیدا کرنے کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ اگر فصلوں کو مقررہ وقت پر ضروری غذائی اجزا فراہم نہ کیے گئے تو پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے جس کے نتیجے میں نہ صرف زمینداروں کو مالی نقصان اٹھانا پڑے گا بلکہ صوبے میں زرعی معیشت بھی مزید دباؤ کا شکار ہوگی انہوں نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن بلوچستان کا اہم زرعی خطہ ہے جہاں بڑی تعداد میں زمیندار مختلف فصلوں کی کاشت سے وابستہ ہیں پہلے ہی پانی کی قلت، زرعی اخراجات میں اضافے، بجلی اور دیگر مسائل کے باعث زمیندار مشکلات سے دوچار ہیں ایسے میں کھاد کی خریداری پر پابندی لگانا ان کے مسائل میں مزید اضافہ کرے گا میر محمد امین عمرانی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ زمینداروں اور کسانوں کی مشکلات کو فوری طور پر مدنظر رکھتے ہوئے نائٹروجن کھادوں کی خرید و فروخت پر عائد پابندی کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے

بقیہ نمبر 40

گیا ہے کہ ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کے باعث درجہ سوم کی سپلائی متاثر ہوئی ہے اور ایک ہفتے میں کھلے تیل اور گھی کی قیمت 50 روپے بڑھنے کے بعد 530 روپے تک پہنچ گئی ہے۔

بقیہ نمبر 41

مظاہرین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ عامر انصاری 18 روز قبل گھر کے ٹان شپ علاقے میں اپنی خالہ کے گھر مہمان کے طور پر آیا ہوا تھا۔ وہ گھر سے کسی کام کے سلسلے میں باہر نکلا، تاہم اس کے بعد واپس نہیں آیا اور پراسرار طور پر لاپتا ہوگیا۔ اہل خانہ کے مطابق عامر انصاری کی گمشدگی کے حوالے سے گھر پولیس کو اطلاع بھی دی گئی اور اس کی تلاش کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا گیا، تاہم 18 روز گزرنے کے باوجود نوجوان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ نوجوان کی طویل عرصے سے گمشدگی کے باعث اس کے اہل خانہ شدید ذہنی اذیت اور پریشانی میں مبتلا ہیں۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ عامر انصاری کے اچانک لاپتا ہونے سے پورا خاندان سخت کرب میں مبتلا ہے اور انہیں ہر گزرتے دن کے ساتھ اپنے پیارے کے حوالے سے تشویش بڑھتی جا رہی ہے۔ انہوں نے پولیس اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ نوجوان کی تلاش کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور اس کی بحفاظت بازیابی کو یقینی بنایا جائے۔ احتجاج کرنے والے اہل خانہ نے آئی جی سندھ پولیس اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نوجوان ادیب عامر انصاری کو جلد از جلد بازیاب کرایا جائے اور اس کی گمشدگی کے محرکات کا بھی سراغ لگایا جائے۔

بقیہ نمبر 42

محمد خان لہڑی نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا، اس کی بقا، سلامتی اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستان سے اپنی محبت اور وفاداری کا عملی ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ آج کے دن ہمیں اس عزم کا اعادہ کرنا چاہیے کہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے متحد ہوکر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر عوام کو گمراہ نہیں کرسکتے۔ قوم اپنی ریاست اور وطن کے دفاع کے لیے متحد ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور امن و امان کے قیام کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ عوام بھی قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے پوری قوم بالخصوص بلوچستان کے عوام کو یوم آزادی کی مبارکباد بھی پیش کی۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان کی عوامی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ عوام کی حقیقی سیاسی جماعت ہے عوام کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اور زندگی کے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا عوام کی بے لوث خدمت ہمارا ویژن ہے حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے ہماری کارکردگی عوام کے سامنے کھلی کتاب کی مانند ہے عوام کی حمایت وطاقت سے منتخب ہوکر ایوانوں تک پہنچے ہیں اقتدار ہماری منزل نہیں عوام کی بے لوث خدمت ہمارا مشن ہے

بقیہ نمبر 43

ف مودی کی توجہ عوامی فلاح کے بجائے ذاتی مفادات کے تحفظ پر مرکوز ہے۔ بھارتی جریدے دی وائر کے مطابق مودی حکومت میں بھارت میں سنسرشپ نے انتہائی تشویشناک صورت اختیار کرلی ہے۔ بھارتی شہریوں سے خوفزدہ مودی حکومت نے سیکشن 69 اے کے تحت اختلافی آوازوں کو دبانے کے باقاعدہ اقدامات شروع کردیے ہیں۔ دی وائر کے مطابق مودی حکومت کے خود ساختہ اختیارات بھارتی آئین میں دی گئی آزادی اظہار اور آزاد صحافت پر کھلا وار ہیں۔ بھارتی صحافی پوجا پرسنا کا کہنا ہے کہ رائٹرز انسٹی ٹیوٹ کے مطابق بھارت میں خبروں پر اعتماد صرف 39 فیصد رہ گیا جبکہ 52 فیصد لوگ خبروں سے گریز کرتے ہیں۔ دی وائر کے مطابق مودی حکومت کی پالیسیوں سے بھارت میں آزادی صحافت ہر سطح پر مسلسل متاثر ہو رہی ہے۔ سی این این ایشیا کی پورٹر یار مغل کے مطابق مودی کے اقتدار میں آنے کے بعد بھارت میں میڈیا کی آزادی محدود ہوکر زوال کا شکار ہوتی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 44

چاہتیں، ہم صوبہ بنانے کے خلاف جلد مہم شروع کر رہے ہیں، اس مہم میں ملک کی سب جماعتوں سے رابطہ کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے رہائشی میر احمر مری کی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ نیشنل پارٹی میں شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس میں کیا۔ سینئر نیشنل پارٹی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا کہنا تھا کہ بلوچستان مشکل حالات سے گزر رہا ہے، لیکن ہم پرامن جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں، ہماری جماعت میں منظم سازی کا عمل جاری ہے۔ ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا کہنا تھا کہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان بننے کا خواہش مند نہیں ہوں، ہم صوبے میں لگی آگ کو بجھانا چاہتے ہیں۔ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں امن وامان کی خرابی کی وجہ نیتوں کا ٹھیک نہ ہونا ہے، حکمرانوں کو سمجھانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ صوبے کا مسئلہ سیاسی طور حل کیا جائے، صدر آصف زرداری، نواز شریف، مولانا فضل الرحمان اور دیگر رہنما آکر بلوچستان کا مسئلہ حل کریں۔

بقیہ نمبر 45

میں تبدیلی کے منصوبے پر مشاورت جاری ہے، منصوبے کی نگرانی کیلئے داخلہ، خزانہ اور ہاسنگ کے وزرا کو ٹاسک مل گیا۔ وزرا کمیٹی شہید ملت بلڈنگ کو جدید ہوٹل میں بدلنے کے منصوبے کا جائزہ لے گی، شہید ملت بلڈنگ کا مجموعی رقبہ 4 ہزار 400 مربع گز، 128 کمروں کی گنجائش ہے۔ ذرائع کے مطابق شہید ملت بلڈنگ میں 64 لگژری سوئٹس بنانے کی گنجائش موجود ہے، اسلام آباد میں ایس سی او اجلاس کے موقع پر ہزاروں اضافی رہائشی کمرے درکار ہے، ایس سی او ایونٹ کے لیے اسلام آباد میں 4 ہزار سے زائد ہوٹل رومز درکار ہوں گے۔

بقیہ نمبر 46

کنان، آبادگاروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ احتجاجی ریلی کی قیادت جمعیت علمائے اسلام ضلع قمبر شہداد کوٹ کے امیر مولانا گل محمد انقلابی، جنرل سیکریٹری مولانا محمد عزیز گل جاگیرانی، قاری محمد عثمان مغیری اور مولانا عبدالرحمان راہو جونے کی، جبکہ ریلی میں جے یو آئی کے دیگر عہدیداران اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں نے کہا کہ ایک منظم سازش کے تحت سندھ کے ہاریوں اور بالخصوص ضلع قمبر شہداد کوٹ کے آبادگاروں کو دھان (چاول) کی فصل کے لیے مطلوبہ زرعی پانی فراہم نہیں کیا جا رہا، جس کے باعث ہزاروں ایکڑ زرعی زمین اور آبادگاروں کی محنت شدید خطرے سے دوچار ہے۔ اور نجر بی ہوئی ہے رہنماؤں نے کہا کہ پانی کی مصنوعی قلت کے باعث ہاری اور آبادگار معاشی استحصال کا شکار ہیں۔ زراعت اس علاقے کے عوام کا بنیادی ذریعہ معاش ہے۔ اگر فصلوں کو بروقت زرعی پانی فراہم نہ کیا گیا تو نہ صرف آبادگاروں کو کروڑوں روپے کا بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑے گا، بلکہ ہزاروں خاندانوں کی معاشی بربادی ہوگی۔ اور وہ فاقہ کشی کا شکار ہو جائیں گے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلع قمبر شہداد کوٹ کے تمام زرعی علاقوں کو ان کے جائز حصے کے مطابق فوری اور بلا امتیاز پانی فراہم کیا جائے، پانی کی مصنوعی قلت پیدا کرنے والے کرپٹ ذمہ دار افسران اور اہلکاران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ اور آبادگاروں کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا فوری خاتمہ کیا جائے۔ جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں نے مزید مطالبہ کیا کہ آبادگار رہنما محسن قاضی کے خلاف درج جھوٹی ایف آئی آر فوری طور پر ختم کی جائے۔ کیونکہ اپنے جائز حقوق اور پانی کے لیے آواز بلند کرنے والے آبادگاروں کو مقدمات کے ذریعے دبانے کی کوشش قابل مذمت ہے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ اگر پانی کی فراہمی کا مسئلہ فوری طور پر حل نہ کیا گیا۔ اور آبادگاروں کے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے۔ تو جمعیت علمائے اسلام آبادگاروں اور ہاریوں کے حقوق کے لیے اپنی احتجاجی تحریک کو مزید وسیع کرے گی۔

بقیہ نمبر 47

پور شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی امور، جماعتی سرگرمیوں، عوامی رابطہ مہم، کارکنان کی فعالیت اور جمعیت علماء اسلام کے اغراض و مقاصد کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی، دینی، جمہوری اور عوام دوست جماعت ہے، جو ملک میں اسلامی اقدار کے تحفظ، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری روایات کے استحکام اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے ہمیشہ سے مسلسل اور پُرامن جدوجہد کرتی آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے اپنے قیام سے لے کر آج تک ہر مشکل اور آزمائش کی گھڑی میں ملک و ملت کے مفاد کو مقدم رکھا ہے۔ جماعت نے ہمیشہ عوام کے جذبات اور احساسات کی ترجمانی کرتے ہوئے ان کی آواز کو مؤثر انداز میں متعلقہ فورمز تک پہنچانے کی کوشش کی ہے۔ جمعیت علماء اسلام کی سیاست کا محور اور مرکز ذاتی مفادات نہیں بلکہ دین، ملک، ملت اور عوام کی خدمت ہے۔ مفتی عبدالولی نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام اس ملک کی حقیقی نمائندہ اور عوام کی خیر خواہ جماعت ہے، جس نے ہمیشہ آئینی، جمہوری اور پُرامن جدوجہد کے ذریعے ملک میں امن، استحکام، رواداری، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ نمبر 48

کی جانب سے سماجی و فلاحی خدمات، خصوصاً خون کے عطیات کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کو بروقت خون کی فراہمی ایک اہم انسانی ضرورت ہے، جس کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اس موقع پر جام محمد فاؤنڈیشن حب کے انچارج محمد اشرف سیان، کونسلر علی اکبر جاموٹ، غلام رسول گجر اور لالا نسیم رونجھ جام گروپ بلانوجوان رہنما محمد جان گدور بھی موجود تھے وفد نے ایم ایس جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب ڈاکٹر ناظر بلوچ سے خصوصی ملاقات کی ملاقات کے دوران جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب میں جام محمد فاؤنڈیشن حب کے تعاون سے بلڈ کیمپ کے قیام، تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کے لیے خون کی مسلسل فراہمی اور مستقبل میں فلاحی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی ہسپتال انتظامیہ اور فاؤنڈیشن کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جام محمد فاؤنڈیشن حب نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت، صحت، تعلیم اور معاشرتی بہبود کے شعبوں میں عملی اقدامات کو ترجیح دی ہے۔ تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کے لیے بلڈ کیمپ کا انعقاد بھی اسی فلاحی مشن کا ایک اہم حصہ ہے، جس کا مقصد ضرورت مند مریضوں کو بروقت خون کی فراہمی میں معاونت کرنا اور عوام میں خون عطیہ کرنے کے جذبے کو فروغ دینا ہے بلڈ کیمپ کے ذریعے رضا کارانہ طور پر خون کے عطیات جمع کرنا نہ صرف مریض بچوں کے لیے امید کی کرن ہے بلکہ نوجوانوں اور شہریوں میں انسانی خدمت اور اجتماعی ذمہ داری کا شعور بھی اجاگر کرتا ہے اس موقع پر جام محمد فاؤنڈیشن کے چیئرمین نعیم عاقب شاہ نے فاؤنڈیشن حب کی ٹیم کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستحق مریضوں اور ضرورت مند افراد کی خدمت کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا آخر میں فاؤنڈیشن کی جانب سے شہریوں، نوجوانوں اور مخیر حضرات سے اپیل کی گئی کہ وہ تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کی زندگی بچانے کے لیے باقاعدگی سے خون کا عطیہ دیں اور اس نیک مقصد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

بقیہ نمبر 49

، ایکسین ایریگیشن سعید مصطفیٰ، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین بشیر احمد جتک، ایم ایس شبیر احمد مینگل، ڈی ایچ او خضدار، انجینئر نیاز زہری، انجینئر یونس رمضان موسیانی سمیت ضلع خضدار کے اعلیٰ افسران کے ہمراہ جھالاوان ٹیچنگ ہسپتال خضدار کا اہم و تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کے BSD اقدام کے تحت بحال کیے گئے آپریشن تھیٹر کا باقاعدہ افتتاح کرلیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، علاج معالجے کے انتظامات اور ہسپتال کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ہسپتال کے مختلف شعبوں میں موجود افسران اور عملے سے ملاقاتیں کیں، ان کی کارکردگی اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا اور ہسپتال میں مزید بہتری کے لیے ضروری اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے ہسپتال میں جاری ترقیاتی وطبی اقدامات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال خضدار ڈاکٹر شبیر احمد مینگل نے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کو تفصیلی بریفنگ دی۔ ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ خضدار کے عوام کو صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کو فعال و مؤثر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہسپتال میں موجود سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ دورے کے اختتام پر میر یونس عزیز زہری نے ضلعی انتظامیہ اور ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے عوامی خدمت اور ادارے کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کو سراہا۔ اس کے علاوہ ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے ہسپتال میں موجود چلڈرن وارڈ کا بھی دورہ کیا اور ہسپتال میں نئے بننے والی دیگر پراجیکٹس پر جاری کام کا معائنہ کیا اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کا ضلعی آفسران کے ہمراہ BSD کے توسط سے بننے والے آپریشن تھیٹر کا افتتاح کرتے ہوئے دعائیں خیر کیئے۔

بقیہ نمبر 50

باسعادت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی تشریف آوری نے جہالت کو علم، نفرت کو محبت، ظلم کو عدل، تفرقے کو اخوت اور گمراہی کو ہدایت میں بدل دیا۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کے لیے امن، عدل، رحمت، محبت، رواداری اور فلاح کا دائمی سرچشمہ ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم محبت رسول ﷺ اور اطاعت مصطفیٰ ﷺ کو محض جذبات تک محدود کرنے کے بجائے اپنی فکر، کردار اور عملی زندگی کا لازمی حصہ بنائیں۔ سیرت مصطفیٰ ﷺ سے حقیقی وابستگی کے ذریعے ہم اپنی انفرادی اصلاح، خاندانی زندگی میں محبت و ہم آہنگی، معاشرے میں امن و استحکام اور امت مسلمہ کی فکری و اخلاقی احیا کی راہ ہموار کرسکتے ہیں۔ دریں اثنا منہاج القرآن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں کیم ربیع الاول سے 12 ربیع الاول تک مسلسل 12 روز ضیافت میلاد کا اہتمام ہر سال کی طرح امسال بھی کیا جا رہا ہے۔ ضیافت میلاد میں ممتاز علمائے کرام، ثناء خوان مصطفیٰ ﷺ اور قراء حضرات مدعو کیے جارہے ہیں، منہاج القرآن کے تمام فورمز اور تعلیمی انسٹی ٹیوشنز ضیافت میلاد کا اہتمام کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 51

کے فروغ کے لیے "پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز" کے قیام کا اعلان کردیا۔ دارالتزکیہ کے ترجمان کے مطابق یہ ملک گیر فورم ملک بھر کی ممتاز خواتین اسلامی اسکالرز کو موثر پلیٹ فارم مہیا کرے گا تاکہ وہ علم کے تبادلے، علمی تعاون اور مستند اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تعلیمی و سماجی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ فورم کا موضوع "ورثے کی عزت، مستقبل کی تعمیر" رکھا گیا ہے۔ اس کا مقصد اسلامی تاریخ میں خواتین اسکالرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے موجودہ دور کی عالمات کو جدید چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ اس موقع پر دارالتزکیہ کی سی ای او راشدہ اعجاز نے کہا کہ ہمارا مشن مسلم خواتین اسکالرز کی پائیدار میراث کو آج کی دنیا کی ضرورتوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ ایک ممتاز نیٹ ورک کے ذریعے ہم خواتین کے اسلامی فقہ، اخلاقیات، تعلیم اور سماجی قیادت میں کردار کو اجاگر کریں گے۔ پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کی بانی کنوینر اور دارالتزکیہ کی ڈائریکٹر ڈاکٹر قرۃ العین علی نے کہا کہ اسلامی تاریخ میں خواتین نے ہمیشہ علم کے تحفظ اور ترسیل میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہماری دعا ہے کہ یہ فورم ملک بھر میں اتحاد، علم اور خدمت کا ذریعہ بنے اور نئی نسل کی عالمات کو حکمت اور شفقت کے ساتھ قوم کی رہنمائی کا موقع ملے۔ پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کے پلیٹ فارم سے مستقبل میں کانفرنسز، ورکشاپس اور تحقیقی منصوبے بھی شروع کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 52

بلوچستان کے ڈی جی پی آر ریٹائر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کئی نئے لکھاریوں کی کتب پر تبصرے تحریر کیے ہیں۔ بلوچستان کے ادبی اور ثقافتی تناظر کے حوالے سے ان کی اردو میں کتاب۔ بلوچستان ثقافتی تناظر بھی شائع ہوئی ہے۔ ادب میں ان کی گرانقدر خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے صدر پاکستان اسلامی جمہوریہ پاکستان نے انہیں تمغہ امتیاز دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ نمبر 53

ڈیجیٹل ترقی میں عالمی سطح پر ملک کی پہچان بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے عوامی خدمات کو بہتر، سرکاری نظام کو آسان اور حکومتی امور کو مزید موثر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 54

تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا، لواحقین نے احتجاج کے دوران موقف اختیار کیا کہ ذوالفقار کو 8 اگست کو حب سٹی پولیس نے گرفتار کیا اور زخمی کیا، تاہم انہیں بروقت اور مناسب طبی سہولیات فراہم نہیں کی گئیں، ورثاء کے مطابق زخمی نوجوان کو گزشتہ روز پولیس کسٹڈی میں گڈانی جیل منتقل کیا گیا، بعدازاں انتظامیہ کی جانب سے اس کے انتقال کی اطلاع دی گئی، نوجوان کی ہلاکت کے بعد ورثاء نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف، غیر جانبدارانہ اور مکمل تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ داروں کا تعین کرکے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے جبکہ دوسری جانب گڈانی جیل ذرائع کے مطابق حب سٹی پولیس نے ذوالفقار نام کو نوجوان کو زخمی حالت میں 15 اگست کی شام کو سینٹرل جیل منتقل کیا تھا جس کے بعد مذکورہ نوجوان کی 15 اور 16 اگست کی درمیان شب حالت خراب ہوگئی جسے بعدازاں جام غلام قادر گورنمنٹ اسپتال منتقل کردیا گیا جہاں پر ڈاکٹرز نے انکی موت کی تصدیق کردی

بقیہ نمبر 55

نے کی۔ اس موقع پر امیدواروں نے محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے اپنے جائز مطالبات تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی امیدواروں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جونیئر سائنس ٹیچر کی ٹیسٹ میں 50 سے زائد نمبر حاصل کیے ہیں، اس کے باوجود انہیں آفر آرڈر جاری کرکے ملازمت نہیں دی جا رہی، جس کے باعث امیدواروں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں محکمہ تعلیم کی بھرتیوں کے دوران مقررہ پالیسی اور معیار کے تحت کم نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو بھی اہل قرار دے کر آفر آرڈر جاری کیے گئے اور انہیں ملازمتیں فراہم کی گئیں۔ امیدواروں کے مطابق سابقہ بھرتیوں میں 33 نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو بھی اہل قرار دیا گیا، تاہم اب 50 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو نظرانداز کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ کئی سال سے محکمہ تعلیم میں ملازمت کے حصول کے لیے ٹیسٹ دیتے آرہے ہیں اور میرٹ کے مطابق کامیابی حاصل کرنے کے باوجود آفر آرڈر نہ ملنے سے ان کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ حکومت اور محکمہ تعلیم کو چاہیے کہ ماضی کی بھرتیوں کا ریکارڈ سامنے رکھتے ہوئے موجودہ امیدواروں کے لیے بھی یکساں اور منصفانہ معیار اپنایا جائے۔ احتجاجی امیدواروں نے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے بھرتیوں اور میرٹ سے متعلق معاملات کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے، جس سے انہیں امیدیں وابستہ ہیں۔ انہوں نے سندھ کے وزیراعلیٰ، وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ، معاون خصوصی تنزیلہ قمبرانی، اراکین اسمبلی بدین اور کمیٹی کے تمام ارکان سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ماضی کی بھرتیوں کی پالیسی اور طریقہ کار کو مدنظر رکھتے ہوئے 50 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے اہل امیدواروں کو آفر آرڈر جاری کیے جائیں۔ امیدواروں نے واضح کیا کہ وہ کسی خصوصی رعایت کے طلبگار نہیں بلکہ میرٹ، برابری اور انصاف کی بنیاد پر اپنا جائز حق چاہتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات پر فوری عملدرآمد نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے آئندہ دنوں میں مزید سخت احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 56

کے خلاف کمپین، خراب ٹرانسفارمرز کی تبدیلی، زائد بلنگ، لائن میں خرابی، نئے میٹر کی تنصیب، وولٹیج کی کمی بیشی، خراب میٹرز کی تبدیلی، بار بار ٹرپنگ اور بغیر کسی شیڈول کے بجلی معطل ہونے سمیت دیگر تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ جس کیلئے ہم کسی صارفین کے مسائل کے فوری حل میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گا۔ ہم اتحاد، اتفاق اور کوشش کے ذریعے عوام کے تحفظ اور پریشانی دور کرنے اور بجلی کے تمام مسائل کے مستقل حل تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے، اصغر علی ساگی نے مزید کہا کہ بجلی چوری ایک قومی نقصان ہے، جس کا براہ راست اثر ایماندار صارفین اور بجلی کے نظام پر پڑتا ہے۔ اس لیے عوام بجلی چوری سے گریز کرکے سیپکو کے ساتھ تعاون کریں۔ ہم بجلی چوری کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔ بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ اور قانون کے مطابق مقدمات کا اندراج کرائیں گے۔ اس حوالے سے تمام صارفین سے گذارش ہے۔ کہ اپنے تمام بقایات جات فوری اور بروقت ادا کریں۔ اور کوئی بھی بجلی چوری سے اجتناب کریں۔ اور علاقے میں ہونے والی بجلی چوری کی اطلاع فوری سیپکو کو دیں عوام کے تعاون سے ہی شفاف، محفوظ اور بہتر بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ واضح رہے کہ لاڑکانہ میں نئی چارج لینے والے ہردلعزیز سپرنٹنڈنٹ انجینئر سیپکو سرکل لاڑکانہ اصغر علی ساگی کے آنے پر عوام کی خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ کیونکہ اس سے پہلے ایس ای سیپکو اصغر علی ساگی اپنے بہترین پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی اور عوام کے مسائل کے فوری حل میں ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ اور ان کے چارج لینے سے عوام نے ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ نمبر 57

حکومت سے فوری طور پر میرٹ اور اسکور کے مطابق تقرری کے آفر آرڈرز جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں مسلسل یقین دہانیاں کرائی جا رہی ہیں، مگر عملی طور پر ان کے مسئلے کا حل نہیں نکالا جا رہا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ انہوں نے 2021 میں PST/JEST کے ٹیسٹ دیے تھے اور گزشتہ پانچ برس سے مختلف مراحل میں ویٹنگ لسٹ میں رکھے گئے ہیں۔ ان کے مطابق سندھ کے مختلف علاقوں میں کم اسکور رکھنے والے امیدواروں کو بھی تقرری کے آفر آرڈرز جاری کیے جاچکے ہیں، جبکہ بعض علاقوں میں 40 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے امیدوار بھی بھرتی ہوچکے ہیں، لیکن سکھر ڈسٹرکٹ کے ایسے امیدوار جنہوں نے 50 یا اس سے زائد نمبر حاصل کیے ہیں، آج بھی تقرری کے منتظر ہیں۔ احتجاج کرنے والے امیدواروں نے کہا کہ انہیں کبھی گریوانس کمیٹی کے سامنے پیش ہونے کے لیے بلایا جاتا ہے اور کبھی اسپیشل کمیٹی کے اجلاس میں شنوائی کی امید دلائی جاتی ہے، تاہم متعدد مرتبہ پیش ہونے کے باوجود ان کے بنیادی مسئلے کا مستقل حل نہیں نکالا گیا۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ پانچ سال کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود وہ اپنے حق کے آفر آرڈر سے محروم ہیں، جس کے باعث امیدواروں اور ان کے خاندانوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ مظاہرین نے کہا کہ ان کے اردگرد کے اضلاع اور علاقوں میں 40 پلس اسکور پر امیدواروں کو تقرریاں دی جاچکی ہیں، جبکہ وہ 50 نمبر حاصل کرنے کے باوجود ویٹنگ میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے منتخب نمائندوں پر بھی سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سکھر کے ایم پی ایز اور ایم این ایز نے اس مسئلے کو مؤثر انداز میں متعلقہ فورمز پر نہیں اٹھایا، جس کی وجہ سے ہزاروں امیدواروں کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ امیدواروں نے بتایا کہ 20 اگست کو اسپیشل کمیٹی کا اجلاس دوبارہ طلب کیا گیا ہے اور انہیں امید ہے کہ اس اجلاس میں سکھر سٹی کے PST/JEST امیدواروں کا دیرینہ مسئلہ حل کرتے ہوئے میرٹ اور اسکور کی بنیاد پر آفر آرڈرز جاری کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اب بھی پرامن اور آئینی طریقے سے اپنے حق کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر 20 اگست کو اسپیشل کمیٹی کے اجلاس میں ان کے مطالبات منظور نہ کیے گئے اور آفر آرڈرز جاری کرنے کے حوالے سے واضح پیش رفت نہ ہوئی تو وہ احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پرامن مارچ کرتے ہوئے بلال ہاؤس اور سندھ اسمبلی کے گھیراؤ سمیت احتجاج کے دیگر جمہوری راستے اختیار کریں گے۔ مظاہرین نے سندھ حکومت، محکمہ تعلیم، اسپیشل کمیٹی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ 2021 PST/JEST کے سکھر سٹی کے ویٹنگ امیدواروں کے معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور میرٹ واسکور کے مطابق فوری طور پر آفر آرڈرز جاری کیے جائیں تاکہ پانچ سال سے روزگار کے منتظر امیدواروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔ احتجاج میں محفوظ احمد، ماجد علی اور علی رضا سمیت بڑی تعداد میں PST/JEST امیدوار شریک تھے، جنہوں نے اپنے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی اور فوری انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا

بقیہ نمبر 58

ن ہے۔ چیئرمین ایڈیبل آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن بختاور خان کے مطابق خوردنی تیل کی ترسیل کرنے والے ٹینکرز گزشتہ 10 روز سے ہڑتال پر ہیں، جس کے باعث اگر صورتحال برقرار رہی تو ملک میں گھی اور خوردنی تیل کے بحران کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوردنی تیل روزمرہ خوراک کا بنیادی جزو ہے اور اس کی ترسیل میں رکاوٹ سے مارکیٹ میں سپلائی متاثر ہونے کے ساتھ قیمتوں میں اضافے کا بھی خدشہ ہے۔ بختاور خان کا کہنا تھا کہ 10 ویلر ٹینکرز کو مناسب وزن فراہم کیا جائے۔ ان کے مطابق ایڈیبل آئل کا 10 ویلر ٹینکر 60 ٹن وزن لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس سے خوردنی تیل کے لوڈ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ چیئرمین ایڈیبل آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا کہ ٹینکرز سے متعلق پابندیاں ختم کرکے مسائل فوری حل کیے جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج گورنر ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں معاملے کے حل کی امید ہے۔ بختاور خان نے خبردار کیا کہ اگر اجلاس میں مسائل حل نہ ہوئے تو ٹینکرز کی ہڑتال جاری رہے گی، جس سے خوردنی تیل کی سپلائی مزید متاثر ہونے اور ملک میں گھی و تیل کی قلت کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 59

دیا اور کہا کہ موازنہ کرلیں کہ کس کے دورے میں ادارے زیادہ بنائے گئے اور کس نے زیادہ بیچے؟۔ پی پی پی رہنما نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے سرکاری ٹرانسپورٹ شروع کی، آپ نے بیچ دی، پنجاب یا اسلام آباد میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کوئی ادارہ دکھا دیں

بقیہ نمبر 60

ئی اسمبلی نے کہا کہ مثالی گاں پراجیکٹ کے تحت دیہات کی اپ گریڈیشن انقلابی اقدام ہے۔ پنجاب کی ترقی اور تاریخی پراجیکٹ دوسرے صوبوں کے لئے مثال بن رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کی طرز پر صاف پانی پراجیکٹ بھی ترجیحات میں شامل ہے۔ صفائی ستھرائی کے بعد اب پورے صوبے بھر کے تمام شہروں میں پینے کا صاف پانی مہیا کرنا میرا عزم ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ہی نے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا، موٹر ویز دیں۔ ہر شہر گاں کے لئے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام دیا جس کے تحت صوبہ بھر میں نکاسی آب، سیوریج سسٹم اور روڈز کے میگا پراجیکٹس شروع کیے ہیں

بقیہ نمبر 61

کی فروخت میں رواں مالی سال کے پہلے ماہ جولائی 2026 کے دوران 38.44 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان آٹوموبائل مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی 2026 میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 72 ہزار 416 موٹر سائیکلیں اور تھری ویلر فروخت کیے گئے جب کہ جولائی 2025 میں فروخت کا حجم ایک لاکھ 24 ہزار 538 یونٹس رہا تھا۔ اس طرح جولائی 2025 کے مقابلہ میں جولائی 2026 کے دوران موٹر سائیکلز اور تھری ویلرز کی فروخت میں 47,878 یونٹس یعنی 38 فیصد سے زیادہ کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 62

میں دریائے کنارے قائم مختلف ریسٹورنٹس کا دورہ کیا اور مون سون کے دوران حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا۔

بقیہ نمبر 63

حسو، جونجی کوٹھا کلاں اور کوٹری لا سے ہے۔ انسداد ڈینگی مہم کے دوران مختلف علاقوں سے بڑے پیمانے پر ڈینگی لاروا بھی برآمد ہوا۔

بقیہ نمبر 64

اتوار کی صبح مشرقی ہنگری کے علاقے میں واقع قصبے میزوکیرسٹیش کے قریب پیش آیا

بقیہ نمبر 65

درخواستیں سماعت کیلئے مقرر کر دیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کا دو رکنی بنچ 19 اگست کو درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم بھی دو رکنی بنچ کا حصہ ہوں گے۔ سپریم کورٹ نے کیس کے تمام فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے ہیں، عدالت آئندہ سماعت پر درخواست گزاروں کی جانب سے سزا معطل کرنے کی استدعا اور مقدمے سے متعلق دیگر قانونی نکات کا جائزہ لے گی۔ واضح رہے انسانی حقوق کی وکیل ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کو پیکا ایکٹ (PECA) کے تحت مجموعی طور پر 17، 17 سال قید اور 3 کروڑ 60 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی ہے۔



عوام کی خدمت پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہے — سینیٹر سردار عمر گورگیج

میر علی حسن زہری کے موقف کی حمایت، بلوچستان میں ترقی کے لیے پیپلز پارٹی کے وژن پر عمل جاری ہے

میر علی حسن زہری نے بلوچستان کے عوامی مسائل اور سیاسی رویوں کے حوالے سے جو سوالات اٹھائے ہیں، ان پر سنجیدہ سیاسی بحث ہونی چاہیے۔

کوئٹہ (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے میر علی حسن زہری کے سیاسی مقف کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوامی مسائل اور سیاسی معاملات پر بات کرنا ہر جمہوری سیاسی رہنما کا حق ہے۔ سیاسی اختلاف کا جواب الزام تراشی کے بجائے دلیل، حقائق اور کارکردگی سے دیا جانا چاہیے سینیٹر عمر گورگیج نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان پیپلز پارٹی کے وژن اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے عوامی ایجنڈے کے مطابق بلوچستان میں ترقی، عوامی فلاح اور نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ صوبے میں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین خان مگسی اوتھل کے دورے کے موقع پر عوامی مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان کے عوام محبّ وطن پاکستانی ہیں، حاجی محمد خان لہڑی

یوم آزادی بھرپور جوش و جذبے اور قومی ولولے کے ساتھ منانے پر بلوچستان کی غیور عوام خراجِ تحسین کی مستحق ہے

ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور انہیں ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما و صوبائی مشیر برائے ایکسائز، ایم پی اے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ یومِ آزادی بھرپور جوش و جذبے اور قومی ولولے کے ساتھ منانے پر بلوچستان کی غیور عوام خراجِ تحسین کی مستحق ہے۔ بلوچستان کے عوام محبِ وطن پاکستانی ہیں اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے ہمیشہ اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور انہیں ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار حاجی (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

کراچی، مومن آباد میں جواء سٹہ چلانے والے 2 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) تھانہ مومن آباد پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے جواء سٹہ آپریٹ کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران دونوں ملزمان کو جواء سٹہ چلاتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا

رانا سکندر حیات کو محکمہ لٹریسی کا قلمدان بھی سونپ دیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر سکولز ایجوکیشن رانا سکندر حیات کو محکمہ لٹریسی کا اضافی قلمدان بھی سونپ دیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے رانا سکندر حیات کو اضافی محکمہ تفویض کرنے کی منظوری دی

مودی کی میڈیا پالیسی آزاد صحافت پر کاری ضرب بن گئی

مودی کے نام نہاد جمہوری اقتدار نے بھارتی میڈیا سے حکومت سے سوال کرنے کا حق چھین لیا

نئی دہلی (این این آئی) مودی کی میڈیا پالیسی آزاد صحافت پر کاری ضرب بن گئی، بی جے پی کے اقدامات پر سخت تنقید کی جارہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مودی کے نام نہاد جمہوری اقتدار نے بھارتی میڈیا سے حکومت سے سوال کرنے کا حق چھین لیا، سوشل میڈیا پروپیگنڈا میں مصرو(بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں امن کیلئے ہر طبقے کا کردار اہم ہے — ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

آج کل ملک میں نئے صوبے کے قیام کے شوشے چھوڑے جارہے ہیں ہماری جماعت نئے صوبے بنانے کے خلاف ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان بننے کا خواہش مند نہیں ہوں

ہم صوبے میں لگی آگ کو بجھانا چاہتے ہیں، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ آج کل ملک میں نئے صوبے کے قیام کے شوشے چھوڑے جارہے ہیں ہماری جماعت نئے صوبے بنانے کے خلاف ہے، صوبے کسی کی خواہش پر نہیں بلکہ تاریخی اور جغرافیائی اعتبار سے بنانے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

اوکاڑہ، حجرہ شاہ مقیم سے 3 مبینہ منشیات فروش خواتین گرفتار

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ پولیس نے حجرہ شاہ مقیم سے 3 مبینہ منشیات فروش خواتین کو گرفتار کرلیا

نجی گودام سے ڈی ایچ کیو ہسپتال کی سرکاری ادویات کی بڑی کھیپ برآمد

لاہور (این این آئی) گوجرانوالہ کے نجی گودام سے ڈی ایچ کیو ہسپتال کی سرکاری ادویات کی بڑی کھیپ کی برآمدگی کا معاملہ سامنے آنے پر محکمہ صحت نے پیڈا ایکٹ کے تحت ذمہ داران کے خلاف سخت ایکشن لے لیا۔

بعض سرکاری عمارتوں کو فائیو اسٹار ہوٹلز میں تبدیل کرنے کا فیصلہ

پہلے مرحلے میں شہید ملت بلڈنگ کو فائیو اسٹار ہوٹل میں تبدیل کرنے کی تجویز

شہید ملت بلڈنگ میں 64 لگژری سوئٹس بنانے کی بھی گنجائش موجود ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں بین الاقوامی ایونٹس کیلئے عالمی معیار کی رہائشی سہولیات کے فقدان کے باعث وزیراعظم نے بعض سرکاری عمارتوں کو ہوٹلز میں تبدیل کرنے کی ہدایت کردی۔ فیصلے پر عملدرآمد کیلئے تین رکنی وزارتی کمیٹی قائم کردی۔ پہلے مرحلے میں شہید ملت بلڈنگ کو فائیو اسٹار ہوٹل میں تبدیل کرنے کی تجویز ہے، ذرائع کے مطابق شہید ملت بلڈنگ کی فائیو اسٹار ہوٹل (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

زرعی نہری پانی کی مصنوعی قلت کے خلاف مدرسہ جامع العلوم نصیر آباد سے ایک بڑا احتجاجی ریلی

جمعیت علمائے اسلام کے عہدیداران، کارکنان، آبادگاروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) جمعیت علمائے اسلام تحصیل نصیر آباد ضلع قمبر شہداد کوٹ کی جانب سے علاقے میں زرعی نہری پانی کی مصنوعی قلت کے خلاف مدرسہ جامع العلوم نصیر آباد سے ایک بڑا احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ جس میں جمعیت علمائے اسلام کے عہدیداران، کار(بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی صفائی مہم کا معائنہ کرتے ہوئے

نوجوان کی مبینہ ہلاکت کے خلاف ورثاء کا نعش بھوانی کے قریب قومی شاہراہ پر رکھ کر احتجاج و دھرنا

پولیس اور مظاہرین کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بحال کردیا گیا

حب (نمائندہ بولان) پولیس کی حراست میں نوجوان کی مبینہ ہلاکت کے خلاف ورثاء کا نعش بھوانی کے قریب قومی شاہراہ پر رکھ کر احتجاج و دھرنا دے کر قومی شاہراہ ٹریفک کے لیے بلاک دیا گیا جس کے باعث چھوٹی بڑی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں، بعدازاں پولیس اور مظاہرین کے درمیان کامیاب مذاکرات کے بعد قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بحال کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز پولیس کی حراست میں ذوالفقار نامی کی مبینہ ہلاکت کے بعد ورثاء اور اہلخانہ نے نعش قومی شاہراہ پر رکھ کر احتجاج مظاہرہ اور دھرنا مظاہرین نے بھوانی کے قریب کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو بلاک کر کے واقعے کی شفاف (بقیہ 54 صفحہ 7 پر)

کالام میں دریائے کنارے ریسٹورنٹس کا معائنہ، سیاحوں کو مون سون کے دوران احتیاط کی ہدایت

سوات (این این آئی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر اپر سوات ڈویلپمنٹ اتھارٹی سعید الرحمان نے ٹورازم پولیس کے ہمراہ کالام (بقیہ 62 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ عالمی ایوارڈ کے لئے نامزد

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو عالمی ASOCIO ایوارڈ 2026 کے لئے نامزد کردیا گیا

جونیئر سائنس ٹیچر کے امیدوار سراپا احتجاج، آفر لیٹر جاری کرنے کا مطالبہ۔

امیدواروں کے مطابق سابقہ بھرتیوں میں 33 نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو بھی اہل قرار دیا گیا

بدین (نامہ نگار) جونیئر سائنس ٹیچر کی ٹیسٹ میں 50 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں نے آفر آرڈر جاری نہ ہونے کے خلاف بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاج کی قیادت کامیاب امیدوار عظمت سومرو، سہیل بھرگڑی، سجاد جت اور عبدالرحمان بھرگڑی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

عوامی خدمت، فلاح و بہبود گڈگورننس کے اہداف کو صورت پذیر کریں گے — مریم نواز

پی او ایف سنجوال تا حضرو، گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ڈھوک فتح سے اٹک خورد تک الیکٹرو بس رواں دواں ہیں' ارکان اسمبلی

صفائی ستھرائی کے بعد اب پورے صوبہ بھر کے تمام شہروں میں پینے کا صاف پانی مہیا کرنا میرا عزم ہے' مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ضلع اٹک کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران عوامی ضروریات اور ترقیاتی پراجیکٹس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ارکان اسمبلی نے آزاد جموں و کشمیر میں کامیابی پر مبارکباد دی۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے ضلع اٹک میں الیکٹرو بس کے آغاز پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ ارکان اسمبلی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی او ایف سنجوال تا حضرو، گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ڈھوک فتح سے اٹک خورد تک الیکٹرو بس رواں دواں ہیں۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے اٹک اور گردونواح کے لئے الیکٹرو بس فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو عوام کے خوشگوار رد عمل سے آگاہ کیا۔ خواتین، طلبہ اور بزرگوں کے لئے دنیا کی بہترین بس سروس میں مفت سفر نعمت کے مترادف ہے۔ ارکان صوبا(بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

اوتھل۔ سینیئر دھنیش کمار پلیانی نے جام گروپ کے سینئر اقلیتی ضلعی رہنما کرشن لال لاسی کی جانب سے دی گئی دعوت میں شرکت کی اس موقع پر کرشن لال لاسی نے سینئر دھنیش کمار پلیانی کو روایتی اجرک، پھولوں کا گلدستہ اور اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

ہاکس بے کے قریب سمندر میں دو افراد ڈوب گئے

ایک کی لاش نکال لی گئی، دوسرے شخص کی تلاش کے لیے ریسکیو ٹیموں کا سرچ آپریشن جاری

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے ساحلی علاقے ہاکس بے کے قریب سمندر میں دو افراد ڈوب گئے، ریسکیو ٹیموں نے ایک شخص کی لاش نکال لی جبکہ دوسرے کی تلاش تاحال جاری ہے۔ ر(بقیہ 34 صفحہ 7 پر)

پاک چین دوستی کی 75 ویں سالگرہ، شنگھائی میں مینگو فیسٹیول کا انعقاد

پاکستانی آم چین میں سفارتی و تجارتی تعلقات کے فروغ کا ذریعہ بن گئے

شنگھائی (این این آئی) پاکستان کے یوم آزادی اور پاکستان و چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر پاک چین سلک روڈ مینگو فیسٹیول 2026 یوم آزادی کے موقع پر شنگھائی میں منعقد ہوا، جس میں سنہری پھل آم کو ثقافتی تبادلے اور زرعی تجارت کے فروغ کے (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

صوبہ ہزارہ کی حمایت میں بیان پر عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کرتے ہیں، سردار محمد یوسف

نئے صوبوں کے قیام سے کسی کو خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، آئینی طور پر نئے صوبے بننے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے

عبدالعلیم نے صوبہ ہزارہ کے قیام کی کھل کر حمایت کی، ہم سب کے دل جیت لئے، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صوبہ ہزارہ تحریک کی مرکزی قیادت کی طرف سے عبدالعلیم خان کے صوبہ ہزارہ کی حمایت میں بیان کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اور چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک سردار محمد یوسف نے اپنے بیان میں کہا کہ عبدالعلیم نے صوبہ ہزارہ کے قیام کی کھل کر حمایت کی، ہم سب کے دل جیت لئے، ہزارہ صوبہ کے قیام کی حمایت پر عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ وفاقی وز(بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

ادارہ خود کوئی ورک پرمٹ جاری نہیں کرتا — بی ٹیوٹا

ورک پرمٹ جاری کرنا متعلقہ فرم کی ذمہ داری ہے، جبکہ ادارہ صرف تصدیق شدہ ورک ویزہ کے حصول کے بعد اپنے طے شدہ ضوابط کے مطابق مالی معاونت کا پابند ہے

خلیجی ممالک میں روزگار حاصل کرنے والے نوجوانوں کے ساتھ بی ٹیوٹا مسلسل رابطے میں ہے اور وہاں درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) بی ٹیوٹا نے ایک بلیک میلر گروپ کی جانب سے جعلی ورک پرمٹس کے حوالے سے سامنے آنے والے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ادارہ خود کوئی ورک پرمٹ جاری نہیں کرتا، جبکہ زیر بحث مشکوک ورک پرمٹس بی ٹیوٹا کو اعتماد میں لیے بغیر امیدواروں کو براہِ راست ای میل کے ذریعے موصول ہوئے تھے۔ ادارے نے معاملہ سامنے آتے ہی دسمبر 2025 میں متعلقہ فرم سے وضاحت طلب کی، جس نے بھی مذکورہ ورک پرمٹس کو جعلی قرار دیا۔ ترجمان بی ٹیوٹا کے مطابق حکومتِ بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا وژن صوبے کے نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی تربیت فرا(بقیہ 38 صفحہ 7 پر)

درجہ سوم گھی کی قیمت میں ایک ہفتے میں 50 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) اوپن مارکیٹ میں ایک ہفتے کے دوران کھلے گھی اور تیل کی قیمت میں 50 روپے تک اضافہ ہوگیا۔ بتایا(بقیہ 40 صفحہ 7 پر)

18 روز گزرنے کے باوجود لاپتا نوجوان ادیب عامر انصاری کا سراغ نہ مل سکا

ورثا کا سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ جاری

سکھر (نمائندہ بولان) سکھر کے علاقے ٹاؤن شپ سے 14 روز قبل پراسرار طور پر لاپتا ہونے والے کھڑا کے رہائشی نوجوان ادیب عامر انصاری کا تاحال کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ نوجوان کی بازیابی کے لیے اس کے اہل خانہ کی جانب سے سکھر پریس کلب کے سامنے نویں روز بھی احتجاجی کیمپ لگایا گیا۔ احتجاج کرنے والوں میں مسمات ارم انصاری، سلمیٰ انصاری، ڈاکٹر نزیر کھوکھر اور دیگر شامل تھے۔ (بقیہ 41 صفحہ 7 پر)

لاہور، صوبائی وزیر بلال یاسین اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مفتی عبدالولی نے اپنی کابینہ کے ہمراہ جے یو آئی قاضی اسد اللہ شہید یونٹ، ہونٹ کا نوشہر ساکران کا تفصیلی تنظیمی دورہ کیا

تحصیل حب کے جنرل سیکریٹری مولانا حافظ ہدایت اللہ، کونسلر وڈیرہ غلام قادر لانگو، حاجی امیر محمد کاکڑ، حاجی ثناء اللہ لانگو، مولانا عبدالرشید سالانی اور دیگر ذمہ داران شامل تھے۔

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی نے اپنی کابینہ کے ہمراہ جے یو آئی قاضی اسد اللہ شہید یونٹ، ہونٹ کا نوشہر ساکران کا تفصیلی تنظیمی دورہ کیا۔ وفد میں تحصیل حب کے جنرل سیکریٹری مولانا حافظ ہدایت اللہ، کونسلر وڈیرہ غلام قادر لانگو، حاجی امیر محمد کاکڑ، حاجی ثناء اللہ لانگو، مولانا عبدالرشید سالانی اور دیگر ذمہ داران شامل تھے۔ دورے کے موقع پر یونٹ کی جانب سے مجلسِ عمومی کا ایک اہم اور پُر وقار اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں یونٹ کے ذمہ داران، عہدیداران اور کارکنان نے بھر(بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

نعیم عاقب شاہ کا جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب میں قائم بلڈ کیمپ کا خصوصی دورہ

تھیلی سیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے لیے خود خون کا عطیہ دے کر انسانیت دوستی اور خدمت خلق کی عملی مثال قائم کی

حب (پ ر) جام محمد فاؤنڈیشن لسبیلہ کے چیئرمین نعیم عاقب شاہ نے جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب میں جام محمد فاؤنڈیشن حب کی جانب سے قائم بلڈ کیمپ کا خصوصی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے لیے خود خون کا عطیہ دے کر انسانیت دوستی اور خدمت خلق کی عملی مثال قائم کی چیئرمین نعیم عاقب شاہ نے بلڈ کیمپ میں جاری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کے لیے خون کے عطیات جمع کرنے کے عمل کو سراہا انہوں نے جام محمد فاؤنڈیشن حب کی ٹیم (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

27 ستمبر کے احتجاج کی ملک گیر سطح پر بھرپور تیاریاں جاری ہیں، شفیع جان

یہ نامزدگی صوبے میں ڈیجیٹل گورننس اور عوامی خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کے اقدامات کا عالمی اعتراف ہے، شفیع اللہ جان

ایشیا و اوشیانا کی معروف ٹیکنالوجی تنظیم ASOCIO کی جانب سے یہ اعزاز حکومت اور عوام دونوں کے لیے قابل فخر لمحہ ہے۔

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو عالمی ASOCIO ایوارڈ 2026 کیلئے نامزد کردیا گیا۔ وزیر اطلاعات و تعلقات عامہ خیبر پختونخوا شفیع جان کے مطابق کے پی آئی ٹی بورڈ کا انتخاب ڈیجیٹل شعبے میں بہترین کارکردگی اور جدت کے اعتراف کے طور پر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نامزدگی صوبے میں ڈیجیٹل گورننس اور عوامی خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کے اقدامات کا عالمی اعتراف ہے۔ شفیع جان نے کہا کہ ایشیا و اوشیانا کی معروف ٹیکنالوجی تنظیم ASOCIO کی جانب سے یہ اعزاز حکومت اور عوام دونوں کے لیے قابل فخر لمحہ ہے، جبکہ خیبر پختونخوا ٹیکنالوجی اور ڈ(بقیہ 53 صفحہ 7 پر)

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین خان مگسی شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کیلئے دن رات کام کررہے ہیں، اصغر علی سانگی

بار بار ٹرپنگ اور بغیر کسی شیڈول کے بجلی معطل ہونے سمیت دیگر تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) نئے سپرنٹنڈنٹ انجینئر سیپکو سرکل لاڑکانہ اصغر علی سانگی نے کہا ہے۔ کہ صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی کیلئے دن رات کام کررہے ہیں۔ جبکہ سیپکو کو کرپشن سے پاک کرنے اور صارفین کے جائز مسائل بروقت حل نہ کرنے کے خلاف فوری نوٹس لیا جارہا ہے۔ تاکہ کسی بھی صارف کو کوئی پریشانی لاحق نہ ہو۔ یہ بات انہوں نے یہاں صحافیوں سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی، ایس ای سیپکو لاڑکانہ اصغر علی سانگی نے کہا کہ عوام کی سہولت کیلئے بل کی شکایات، ملازمین (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)

اوتھل: جام گروپ کے سینئر اقلیتی ضلعی رہنما کرشن لال لاسی کی جانب سے دی گئی دعوت میں شرکت پر سینیئر دھنیش کمار پلیانی اور ان کے ہمراہ آنے والے معزز مہمانوں مکھی سنیل کمار کاچھیلا، ویرسی مل کیڈیوانی، ریوی کمار لاسی، شنکر لال، وکی پالیانی، سنجے کمار، شام لال اور کنیا لال کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر دھرم پال لاسی، شیوا رام لاسی، نارائن داس، اشوک کمار تیجانی، کونسلر جیٹھانند سوبھجی مل، ویرسی مل، کنیا لال اور کھیم چند مہاراج سمیت دیگر معززین نے مہمانوں کو روایتی اجرکیں پہنا رہے ہیں

خواتین ہمارے معاشرے کا نصف حصہ ہیں، ان کا اپنا مقام ہے — جمال شاہ کاکڑ

بلوچستان کی خواتین باصلاحیت، محنتی اور باہمت ہیں، انہیں سیاسی، معاشی اور سماجی سرگرمیوں میں آگے لانے سے صوبے کی ترقی کے نئے راستے کھل سکتے ہیں

مسلم لیگ (ن) خواتین کو سیاسی میدان میں آگے بڑھنے اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے بھرپور مواقع فراہم کررہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے محمد شریف جتک کی شہادت پر ان کے اہلِ خانہ سے ملاقات کر کے اظہارِ تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔ حاجی علی مدد جتک نے غمزدہ خاندان کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار بھی کیا

صوبے بھر میں نائٹروجن کھادوں کی خرید و فروخت پر عائد پابندی میں مزید توسیع پر شدید تشویش کا اظہار

نائٹروجن کھادوں کی خرید و فروخت پر پابندی کے باعث زمینداروں اور کسانوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، بابو محمد امین عمرانی

نصیر آباد (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر سیاسی و قبائلی رہنما سرکردہ بابو محمد امین عمرانی نے حکومت بلوچستان اور ڈائریکٹر زراعت بلوچستان کی جانب سے صوبے بھر میں نائٹروجن کھادوں کی خرید و فروخت پر عائد پابندی میں مزید توسیع پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا یہ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

بنوں، وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ ریلی کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

خضدار کے عوام کو صحت کی بہترین سہولت فراہم ہونگی — یونس زہری

ہسپتال میں موجود سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

میر یونس عزیز زہری کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ہسپتال کے مختلف شعبوں میں موجود افسران اور عملے سے ملاقاتیں کی

کوئٹہ (این این آئی) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر جھالاوان میر یونس عزیز زہری کا کمشنر خضدار قادر بخش پرکانی، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی، ایس ایس پی خضدار دوستین دشتی، چیف آفیسر وڈیرہ محمد صالح جاموٹ، ایکسین بلڈنگ سلیم عمرانی، ایکسین پی ایچ ای عبدالروف قمبرانی (بقیہ 49 صفحہ 7 پر)

ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں سماعت کیلئے مقرر، 19 اگست کو کیس سنا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے متنازعہ ٹوئٹس کیس میں سزا معطلی سے متعلق ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی (بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر)

ہنگری میں مسافر بس کو حادثہ، 12 افراد ہلاک، 10 زخمی

بڈاپسٹ (این این آئی) ہنگری میں پولینڈ کی سیاحوں کو لے جانے والی ایک بس رات گئے موٹروے پر حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں 12 افراد ہلاک اور کم از کم 10 زخمی ہوگئے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق حادثہ (بقیہ 64 صفحہ 7 پر)

نصیر آباد پولیس نے کراچی سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد کرلی

کوئٹہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس نصیر آباد نے کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کرولا برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ٹویوٹا کرولا کراچی کے علاقے شاہین کمپلیکس مین روڈ تھانہ آرام باغ صدر ڈویژن ضلع ساؤتھ کراچی کی حدود سے چوری ہوئی تھی۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی اور انچارج 15 مددگار سینٹر نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ گاڑی برآمد کرلی۔

راولپنڈی، ڈینگی کے 6 کیسز کی تصدیق، 74 ہزار گھروں سے لاروا برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 6 مریضوں میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ تمام مریضوں کا تعلق ڈھوک (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال ختم نہ ہوسکی، گاڑیوں کی نقل و حمل بدستور معطل

اسلام آباد/لاہور/کراچی (این این آئی) ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال ختم نہ ہوسکی جس کے باعث گاڑیوں کی نقل و حمل بدستور معطل ہے

موٹر سائیکلوں، تین پہیوں والے رکشوں کی فروخت میں زبردست اضافہ

لاہور (این این آئی) موٹر سائیکلوں اور تین پہیوں والے رکشوں (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

آپ ﷺ کی سیرت طیبہ انسانیت کیلئے دائمی سرچشمہ ہدایت ہے: ڈاکٹر طاہر القادری

ماہ ربیع الاول میں اللہ تعالیٰ نے انسانیت کو اپنی سب سے عظیم نعمت سے نوازا شیخ الاسلام کا خصوصی بیان

یکم سے 12 ربیع الاول تک منہاج القرآن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں روزانہ ضیافت میلاد کا اہتمام ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) تحریک منہاج القرآن کے بانی و سرپرست اعلیٰ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے آمدِ ربیع الاول کے موقع پر اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ ماہ ربیع الاول ولادتِ مصطفیٰ ﷺ کا عظیم مہینہ ہے جس میں ربِ کائنات نے انسانیت کو اپنی سب سے عظیم نعمت سے نوازا۔ یہی وہ مبارک مہینہ ہے جس میں محسنِ انسانیت، رحمتِ عالم، حضور نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ (بقیہ 50 صفحہ 7 پر)

پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کے قیام کا اعلان

ملک گیر فورم ملک بھر کی ممتاز خواتین اسلامی اسکالرز کو موثر پلیٹ فارم مہیا کریگا

لاہور (این این آئی) دارالتزکیہ نے خواتین کی اسلامی تعلیم و تربیت (بقیہ 51 صفحہ 7 پر)

یوم آزادی کے موقع پر زہری فارم ہاوس میں پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینیئر نائب صدر و صدر آصف زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی جانب سے منعقدہ پروگرام میں میونسپل کارپوریشن حب کے اقلیتی کونسلر مول چند لاسی کی زیر قیادت اقلیتی برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی

نور خان محمد حسنی کو ادب میں تمغہ امتیاز دیا گیا

کینیا اور انڈیا کے سفرنامے زیر طبع ہیں۔ وہ نوجوان لکھاریوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں



حب (نمائندہ بولان) نور خان محمد حسنی بلوچستان کے جانے مانے ادیب۔ شاعر اور دانشور ہیں۔ انہوں نے براہوئی زبان و ادب میں گران قدر خدمات انجام دی ہیں۔ ان کی شاعری اور نثر کی کئی کتب شایع ہوئی ہیں۔ خصوصا 'اردو سفرنامہ اور تحقیق میں ان کا نمایاں کام ہے۔ ان کے ایران اور ترکمانستان کی سیاحت پر مبنی کتب کو بہت پذیرائی حاصل ہوئی۔ کینیا اور انڈیا کے سفرنامے زیر طبع ہیں۔ وہ نوجوان لکھاریوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ وہ (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

پانچ سال سے ویٹنگ میں بیٹھے PST/JEST امیدواروں کا سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاج

انصاف نہ ملنے پر بلاول ہاس اور اسمبلی کے گھیرا کا اعلان

سکھر (نمائندہ بولان) (2021) میں PST/JEST کا ٹیسٹ پاس کرنے کے باوجود گزشتہ پانچ سال سے تقرری کے منتظر سکھر سٹی کے امیدواروں نے اپنے مطالبات کے حق میں سکھر پریس کلب کے سامنے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے محکمہ تعلیم اور سندھ (بقیہ 57 صفحہ 7 پر)

ملک میں گھی اور خوردنی تیل کے بحران کا خدشہ

خوردنی تیل ٹینکرز کی 10 روز سے جاری ہڑتال، سپلائی متاثر ہونے پر قلت پیدا ہونے کا امکان

کراچی (این این آئی) ملک میں گھی اور خوردنی تیل کی قلت کا خدشہ پیدا ہوگیا، خوردنی تیل کی ترسیل کرنے والے ٹینکرز کی ہڑتال کے باعث سپلائی کا نظام متاثر ہونے کا امکا(بقیہ 58 صفحہ 7 پر)

میاں صاحب آزاد کشمیر کا الیکشن بالکل ویسے ہی جیتے ہیں جیسا پنجاب میں جیتا تھا — ندیم افضل چن

ندیم افضل چن کا (ن) لیگ کو مناظرے کا چیلنج، موازنہ کرلیں کس کے دورے میں ادارے زیادہ بنائے گئے اور کس نے زیادہ بیچے؟ بیان

ذوالفقار علی بھٹو نے سرکاری ٹرانسپورٹ شروع کی، آپ نے بیچ دی، پنجاب یا اسلام آباد میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کوئی ادارہ دکھادیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکریٹری اطلاعات ندیم افضل چن نے مسلم لیگ (ن) کو مناظرے کا چیلنج دے دیا۔ ایک بیان میں ندیم افضل چن نے مسلم لیگ (ن) پر تنقید کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں من مانے نتائج تیار کرنے کا الزام بھی لگایا۔ انہوں نے مناظرے کا چیلنج (بقیہ 59 صفحہ 7 پر)

حب۔ پولیس کی حراست میں نوجوان کی مبینہ ہلاکت پر ورثا لاش قومی شاہراہ پر رکھ کر احتجاج کررہے ہیں